www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعۃ المبارک 20 ذی القعدہ 1447ھ 08 مئی 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 303
رجسٹرڈ نمبر BC-m-11 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

امن معاہدہ ایک ہفتے میں طے پاسکتا ہے، ایران نے جلد ڈیل نہ کی تو نئے حملے شروع کرینگے، ٹرمپ

امریکہ اور ایران کے درمیان گزشتہ 24 گھنٹوں میں مثبت مذاکرات ہوئے ہیں، ایران جنگ کے خاتمے کے لیے امریکہ کی تجویز کا جائزہ لے رہا ہے، معاہدے کے امکانات روشن ہیں

ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دے سکتے، امریکی صدر کا انٹرویو، کبھی بھی ہمیں ایک خراب معاہدے پر جلد بازی کیلئے مجبور نہیں کرسکتا، ترجمان امریکی محکمہ خارجہ

ایران کی جانب سے امریکہ کی جنگ بندی اور سفارتی تجاویز پر جواب آج پاکستانی ثالثوں کے ذریعے بھجوائے جانے کا امکان، جنگ اور پابندیوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے، تہران

معرکہ حق میں بھارت کے 8 جہاز گرائے، ایئر وائس مارشل

گرائے گئے جہازوں میں 4 رافیل، ایس یو 30 ایم کے آئی، مگ 29، میراج 2000 شامل

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک فضائیہ کے ڈپٹی چیف آف ایئر اسٹاف آپریشنز ایئر وائس مارشل طارق غازی نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں بھارت کے 8 طیارے گرائے ... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہونے پر ریلی نکالی جارہی ہے

امریکہ ایران معاہدہ جلد متوقع، ہمارا پانی کوئی چوری نہیں کرسکتا، پاکستان

کسی بھی بھارتی جارحیت کا پاکستان کی جانب سے بھرپور اور مکمل طاقت سے جواب دیا جائے گا

طالبان رجیم کے تحت افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی معاملات خراب کر رہی ہے

ہمیں بارڈر بندش سمیت دیگر اثرات کے بجائے دہشت گردی کو دیکھنا ہوگا، طاہر حسین اندرابی

اسلام آباد (شاکر رحمان) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے ... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری و دیگر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

دینی مدارس معاہدے کا اہم حصہ، حلقہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں

پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کرچکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جانا ہے

مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جاسکے، بات چیت

وزیراعلیٰ نے غلطی دوبارہ نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی، ہم نے لانگ مارچ کو 20 مئی تک موخر کر دیا، مولانا واسع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی اور دینی مدارس کی رجسٹریشن اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی ... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

ہکلو: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے، انوار الحق کاکڑ اور میر خالد لانگو بھی موجود ہیں

معرکہ حق میں جو دنیا نے دیکھا وہ ہماری مجموعی پاور پوٹینشل کا 10 سے 15 فیصد ہے، ہم پہلے بھی تیار تھے اب بھی تیار ہیں اور بھرپور طاقت سے جواب دینگے

پاک فوج کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں، سیاستدان اپنے معاملات بات چیت سے حل کریں، ڈی جی آئی ایس پی آر

بھارتی ڈرامہ ہمیشہ کیلئے دفن، ہندوستانی بچے بھی جانتے ہیں پانچ گنا بڑے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی، افواج پاکستان قوم کی توقعات پر ہمیشہ پوری اتری ہیں، پاکستان کی قیادت، فوج اور عوام متحد ہیں

بھارت خود دہشتگردی میں ملوث، دنیا بھارت کی من گھڑت باتوں پر کان دھرنے کیلئے تیار نہیں، بھارتی سیاستدان کم اور جنگجو زیادہ لگتے ہیں، اگر یہی زبان استعمال کرنی ہے تو پھر آؤ سامنے

سعودی عرب کو خطرہ ہمارے لیے بھی خطرہ ہے، پاکستان کو سعودی عرب اور سعودی عرب کو پاکستان کی سلامتی عزیز ہے، دہشت گردوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

ہمارا سادہ سا مطالبہ ہے کہ افغانستان اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے، افغان طالبان رجیم بطور ریاست برتاؤ نہیں کررہی، آپریشن غضب للحق کے بعد دہشتگردی کم ہوئی، پریس کانفرنس

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عوام کو معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ معرکہ حق میں ہندوستانی بچے بھی جانتے ہیں کہ پاکستان نے اپنے سے 5 گنا بڑے .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف کا قطری ہم منصب سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

قطر مشرق وسطیٰ میں امن اور استحکام کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا، شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم الثانی

امن کیلئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی تعریف کی، امیر قطر کا دورہ تعلقات مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریگا، وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف اور قطری ہم منصب شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم الثانی درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جہاں پر دونوں رہنماؤں نے خطے کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

عباس عراقچی کا اسحاق ڈار سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر گفتگو

علاقائی ممالک کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر اتفاق

تہران (م ڈ) ایرانی وزیرخارجہ عباس عراقچی اور پاکستان کے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں خطے کی تازہ صورت .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کو باور کرادیا کہ سعودیہ پاکستان کیلئے نوگو ایریا ہے، اسحاق ڈار

جنگ کے دوران دونوں فریقین کو بتا دیا سعودی عرب کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہ دیکھے، سعودیہ کیلئے پاکستانیوں کی جان بھی حاضر ہے

ایران پر حملہ ہوا تو پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا، فریقین میں سیزفائر کرایا، اب کوشش یہ ہے سیزفائر مستقل جنگ بندی پر ختم ہو، وزیرخارجہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ ایران کو یہ باور کروایا کہ سعودی عرب کیلئے پاکستانیوں کی جان بھی حاضر ہے، پاکستان کے لیے سعودی عرب نوگو ایریا ہے، کوئی اس کی طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھے۔ اسلام آباد میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے بین الاقوامی پیغام اسلام کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل کی کاوشیں تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی، شہباز شریف

دن رات ایک کر کے ایران جنگ رکوائی پھر توسیع بھی کروائی، وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ایران امریکا جنگ رکوانے کیلئے پاکستان نے کلیدی کردار ادا کیا، سیاسی، عسکری قیادت نے دن رات ایران سے .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی جے یو آئی کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کر رہے ہیں صوبائی وزراء بھی موجود ہیں

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی کسی پارٹی رہنما کو اجازت نہ ملی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے رفقا کی ملاقات کا دن، بانی سے جیل میں ملاقات کا مقررہ وقت ختم ہوگیا۔ کسی پارٹی رہنما کو بانی سے جیل میں ملاقات کی اجازت نہ ملی، بانی سے........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

انکم ٹیکس آرڈیننس سیکشن 7 ای غیر آئینی قرار دے دیا گیا

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی آئینی عدالت نے انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن 7 ای کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے جائیدادوں کی فرضی آمدن پر عائد ایک فیصد ٹیکس ختم کردیا۔ عدالت کے فیصلے کے مطابق حقیقی آمدن کے بغیر کسی شہری........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی سستی ہوگی یا مہنگی، اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا، وزیرخزانہ

وزیر توانائی اویس لغاری اور وزیراعظم مسلسل اس پر کام کررہے ہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے بجلی کی قیمتوں سے متعلق سوال پر واضح جواب دینے سے گریز کیا ہے اور کہا ہے کہ بجلی سستی ہوگی یا مہنگی، اس........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو آئی ایم ایف سے 200 ملین ڈالر ملنے کا امکان

پاکستان نے کلائمیٹ ایکشن کیلئے مالی وسائل و بجٹ ترجیحات موقف پیش کر دیا

آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس (آج) واشنگٹن میں ہو گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کو آئی ایم ایف کے ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی پروگرام کے تحت 200 ملین ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے کلائمیٹ ایکشن کیلئے مالی وسائل اور بجٹ ترجیحات پر اپنا موقف پیش کردیا ہے اور ماحولیاتی منصوبوں کیلئے بین الاقوامی مالی معاونت بڑھانے پر مشاورت جاری ہے۔........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فضائیہ نے دشمن کو دندان شکن شکست سے دوچار کیا، ایئر چیف

بھارت کے ایئر ڈیفنس سسٹم کو شدید نقصان پہنچایا، ریکارڈ ٹائم میں دشمن کی تنصیبات کو تباہ کیا، قومی دفاع میں پاک فضائیہ کا کردار تاریخی ہے

پاکستان کے سائبر شاہینوں نے دشمن کی سائبر سکیورٹی کو تباہ کیا، ہماری قومی قیادت کی وجہ سے یہ کامیابیاں سمیٹنے کا موقع ملا، ظہیر احمد بابر سدھو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ سری نگر سے بھٹنڈا تک پاک فضائیہ نے دشمن کو سبق سکھایا، بھارتی فضائیہ کو عبرتناک اور تذلیل سے بھرپور شکست دی۔ اسلام آباد میں معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ایئر ہیڈکوارٹرز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کے جوانوں کو معرکہ حق میں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، پہلگام فالس فلیگ کے........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران اور اہلیہ کے وکیلوں کو آخری مہلت

ہم کیس کی حساسیت مدنظر رکھتے ہوئے التوا کی درخواست کو منظور کر رہے ہیں

امید ہے آئندہ سماعت پر کیس کی کارروائی آگے بڑھے گی، چیف جسٹس سرفراز ڈوگر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا منظور کرلی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے، "ہم عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکلا کو آخری موقع دے رہے ہیں۔" اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے ایک سو نوے ملین پاؤنڈ کیس میں سزا ختم کرنے کی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی اپیلوں کی سماعت کی۔ عدالت عالیہ نے طویل انتظار کے بعد حال ہی میں 190 ملین پاؤنڈ کیس پر احتساب عدالت........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم لیڈر کیساتھ حال ہی میں ملاقات کی ہے، ایرانی صدر

ملاقات انتہائی دوستانہ، پرسکون اور باہمی اعتماد پر مبنی تھی، مسعود پزشکیان

تہران (م ڈ) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے حال ہی میں ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے ساتھ ملاقات کی ہے۔ صدر مسعود........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

معرکہ حق نے قوم کو اعتماد دیا کہ قومی دفاع پر سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، افواج پاکستان

مسلح افواج مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید صلاحیتوں، ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارت میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہی ہیں

معرکہ حق نے فضائیہ کی جدید جنگی تیاریوں کو دنیا پر ثابت کیا، دشمن کو آئندہ ہر مہم جوئی کا جواب اس سے بھی زیادہ سخت ہوگا' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (شاکر رحمان) بھارت کے خلاف معرکہ حق کا پہلا سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان نے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ معرکہ حق میں دشمن نے پاکستان کی قوت........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی پی آر عسکر خان محکمے کے ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ افسران کے آن لائن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بشریٰ بی بی چند مہینوں سے قید تنہائی میں ہیں، پی ٹی آئی

ایوان بالا اجلاس میں اراکان کا بشریٰ بی بی کی ہسپتال منتقلی پر تشویش کا اظہار

مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو اجلاس کسی صورت چلنے نہیں دیں گے، بیرسٹر علی ظفر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایوان بالا میں پی ٹی آئی اراکین نے بشریٰ بی بی کی ہسپتال منتقلی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے طبی علاج و معالجہ اور بیٹیوں سے........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

زرمبادلہ ذخائر بڑھ رہے، بیرونی قرضہ 100 ارب ڈالر پر برقرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر ہر ہفتے بڑھ رہے ہیں اور پاکستان کا بیرونی قرضہ 100 ارب ڈالر پر برقرار ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس، افسران کی ترقی کی سفارش

مختلف محکموں کے 3 ہزار سے زائد افسران کی ترقی سفارش کی گئی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعرات کے روز صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں 24 محکموں کے........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی سی ٹی ڈی کارروائیوں میں 21 دہشتگرد ہلاک

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 9 دہشتگردوں کو گرفتار کیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 21 دہشتگرد ہلاک ہوگئے جبکہ افغان........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بانی و اہلیہ کو تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، رانا ثناء

علی ظفر وکیل ہیں اور جانتے ہیں کہ ان تک رسائی عدالتوں کے ذریعے ہوگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے ایوان بالا کو بتایا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو قانون اور........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی میں افغانستان ملوث ہوا تو بھرپور جواب دیا جائیگا، محسن نقوی

معرکہ حق میں اللہ تعالیٰ کی مدد ساتھ رہی، سول و عسکری اداروں کا کردار قابل تحسین، وزیر داخلہ

جنگ میں جان چھڑوانے پر بھارت کو امریکی صدر ٹرمپ کا شکر گزار ہونا چاہیے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ معرکہ حق میں سول اور عسکری اداروں نے قابل تحسین کردار ادا کیا، اللہ تعالیٰ کی مدد ہمارے ساتھ رہی جس کا خود گواہ ہوں، فیلڈ مارشل کی لیڈرشپ پر یقین رکھیں، رزلٹ اچھا ملے گا، معرکہ حق میں جیسے ہماری انٹیلی جنس ایجنسیوں نے کردار ادا کیا........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی کا مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ

شیخ ادریس کے قاتلوں کو جلد گرفتار کیا جائے گا، سربراہ جے یو آئی کو یقین دہانی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا اور جے یو آئی کے رہنما شیخ ادریس کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ نے شیخ ادریس شہید کی دینی و ملی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی بلندی درجات کے لیے دعا کی اور پسماندگان........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

دوردراز علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے

صحت کے شعبے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، ہکلو میں حکام سے بات چیت

شہید عظمت بگٹی نے امن اور اپنی سرزمین کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ پیش کیا، تعزیت کے موقع پر گفتگو

ہکلو / ڈیرہ بگٹی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعرات کو ایک روزہ دورے پر ہکلو / ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے عوامی مسائل، جاری ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر سابق وزیراعظم انوارالحق........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی یو کے کو ازسرنو منظم کیا جائے، سابق صدر

اہم عہدوں پر متنازعہ اور مفاداتی ٹکراؤ رکھنے والے قابض ہیں، آصف خان

لندن (م ڈ) پاکستان تحریک انصاف یو کے کے سابق صدر اور آفیشل ترجمان آصف خان نے پارٹی کے اوورسیز چیپٹرز میں مبینہ بدانتظامی، اقربا پروری اور غیر........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی مولانا ادریس شہید کی سوئم تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گرمی کی لہر تربت 46، سبی اور گوادر میں پارہ 45 ڈگری تک پہنچ گیا

ہیٹ ویو کی وارننگ، دن 11 سے شام 4 بجے تک غیر ضروری باہر نہ نکلنے کی ہدایت

پانی کا زیادہ استعمال یقینی بنائیں اور ہلکے رنگ کے سوتی کپڑے پہنیں، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے اور صوبے کے جنوبی اضلاع شدید ہیٹ ویو کی لپیٹ میں آگئے ہیں........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی اور عوامی مفاد کے اقدامات کی بھرپور میڈیا کوریج یقینی بنائی جائے، عسکر خان

محکمہ تعلقات عامہ حکومت کی مثبت پالیسیوں اور عوامی فلاحی اقدامات کو مؤثر انداز میں اجاگر کر رہا ہے

جدید تقاضوں کے مطابق ویڈیوز، پوسٹرز، سوشل میڈیا مواد اور مؤثر تشہیری مہمات تیار کی جائیں، ڈی جی پی آر

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان کی زیر صدارت سیکرٹریٹ کا آن لائن اجلاس........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ججز کے خلاف شکایات، سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس 14 مئی کو طلب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ججز کے خلاف مختلف شکایات کے معاملے پر سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس طلب........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ میں مسلح افواج، قوم کی قربانیوں اور عزم کو خراج تحسین

پوری پاکستانی قوم اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ارکان سینیٹ

پاکستان کے دفاع، خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، قرارداد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ نے متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی ہے جس میں پاکستان کی خودمختاری، سلامتی اور قومی وقار کے تحفظ کے لئے مسلح افواج، سکیورٹی اداروں اور پوری پاکستانی قوم کی قربانیوں، بہادری اور عزم کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ یہ قرارداد........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

معرکہ حق میں قائدانہ صلاحیتوں پر تہنیتی قرارداد پیش کی جائیگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا، اجلاس میں وزیراعلیٰ اور دیگر اراکین کی جانب سے معرکہ حق میں قائدانہ صلاحیتوں اور بروقت بہترین فیصلوں پر وزیراعظم میاں شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی، مسافر کوچ کھائی میں گرنے سے 8 افراد جاں بحق، 30 زخمی

مرنے والوں میں ایک خاتون، کم سن بچے بھی شامل، حادثہ ساوندی اور باریجہ کے درمیان تیز رفتاری کے باعث پیش آیا

پولیس اور ڈی ایچ او چار ایمبولینسز کے ہمراہ فوری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، لاشوں اور زخمیوں کو گنداواہ اور بی ایچ یو باریجہ منتقل کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے مسافر کوچ کھائی میں گرنے سے آٹھ افراد جاں بحق جبکہ........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

گزشتہ دو سال میں ادویات 100 فیصد مہنگی ہونیکا انکشاف

قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کرنے کے بعد سے کمپنیاں قیمتوں کا تعین خود کرتی ہیں، قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

دواؤں کی قیمتوں کی کمی یا اضافے میں وزارت صحت کا کوئی کردار نہیں، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کے اجلاس میں انکشاف ہوا ہے کہ گزشتہ دو سال کے دوران مختلف ادویات کی قیمتوں میں 100 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صحت کا اجلاس ہوا جس میں کمیٹی ارکان کی جانب سے ملک میں دواؤں کی قیمتوں میں اضافے پر شدید تنقید کی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 2024 میں نگراں حکومت کے دور میں دواؤں کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کیا گیا جب سے کمپنیاں قیمتوں کا تعین خود کرتی ہیں، 2 سال کے دوران مختلف دواؤں کی قیمتوں میں 100 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے۔........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کیمبرج انٹرنیشنل ایجوکیشن کا میتھ میٹکس کا پرچہ دوبارہ لینا کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کیمبرج انٹرنیشنل ایجوکیشن نے اے ایس لیول میتھ میٹکس کے ایک پرچے کے قبل از وقت لیک ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے متعلقہ امتحانی جزو کو منسوخ کرنے اور متاثرہ طلبہ سے........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

محب وطن عوام سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ظہور بلیدی

معرکہ حق تقاریب' قومی یکجہتی، شعور و آگاہی اور نوجوان نسل میں مثبت سوچ کو فروغ دینے کی اہم کاوش ہے

بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے حکومت تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، بابر یوسفزئی کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ: بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام "معرکہ حق" کے عنوان سے ایک اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور احمد بلیدی، معاون خصوصی برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیلی فضائی حملے میں حماس رہنما خلیل الحیہ کا بیٹا شہید

اسرائیل قتل و غارت کے ذریعے سیاسی مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے، حماس

غزہ (م ڈ) حماس کے سینئر عہدیدار باسم نعیم نے تصدیق کی ہے کہ غزہ پٹی پر اسرائیلی فضائی حملے میں حماس رہنما خلیل الحیہ کے بیٹے عزام الحیہ شہید ہوگئے۔ یہ خلیل........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ بندی نہ ہوئی تو ایئرلائنز کا وجود خطرے میں پڑ جائیگا، ماہرین

8 5 ہزار پروازیں منسوخ ہونے سے سفری ہلچل برپا ہے، تنبیہ جاری

دبئی (م ڈ) مشرق وسطیٰ میں فوری جنگ بندی نہ ہوئی تو مستقبل قریب میں ایئرلائنز کا وجود خطرے میں پڑ جائیگا، 85 ہزار تک پروازیں منسوخ ہونے کی وجہ سے سفری........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر Xiaoqin Emma Fan کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

معرکہ حق قومی اتحاد قربانی اور وطن سے محبت کا درس دیتا ہے، ڈاکٹر خالد حفیظ

نوجوان نسل کو قومی اقدار، اتحاد اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا، وی سی بیوٹمز

طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ قومی شعور اور ذمہ داری کا بھی مظاہرہ کریں، بریگیڈیئر ریٹائرڈ آغا احمد گل

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں معرکہ حق کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پرچم کشائی کی گئی۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، سابق ہیڈ آف بلوچستان تھنک ٹینک بریگیڈیئر (ر) آغا احمد گل، اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران شرکا نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی اور وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے کہا کہ معرکہ حق ہمیں قومی اتحاد، قربانی اور وطن سے محبت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل ملک کا روشن مستقبل ہے اور انہیں قومی اقدار، اتحاد اور مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ سابق سربراہ بلوچستان تھنک ٹینک بریگیڈیئر (ر) آغا احمد گل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بقا اور ترقی قومی یکجہتی سے وابستہ ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ قومی شعور اور ذمہ داری کا بھی مظاہرہ کریں تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وطن عزیز کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی سے پی پی پی کے صوبائی رہنما ربانی خلجی جلیل لانگو ایڈووکیٹ ملاقات کر رہے ہیں

انتظامیہ اور دودھ فروشوں مابین معائدہ خوش آئند ہے، نذر بڑیچ

مارکیٹ اسسمنٹ تک دودھ سابقہ نرخ 200 روپے فی لیٹر فروخت کیا جائے گا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پامیر کنزیومر سوسائٹی کوئٹہ کے چیف کوآرڈینیٹر نذر بڑیچ نے ضلعی انتظامیہ اور دودھ فروشوں کی جانب سے دودھ کی قیمت سے متعلق کیے گئے معاہدے کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ڈیلرز نے از خود دودھ کی قیمت میں 20 روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا جس کے خلاف ضلعی انتظامیہ نے سخت کارروائی کی جس کے نتیجے میں دودھ فروشوں اور ضلعی انتظامیہ کی باہمی رضامندی سے فیصلہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ از سر نو دودھ کی مارکیٹ اسسمنٹ کرے گی اور جب تک فیصلہ ہوتا ہے اس وقت تک دودھ فروش سابقہ نرخ یعنی 200 روپے فی لیٹر فروخت کرے گی۔ لیکن افسوس کے ساتھ دودھ ڈیلرز معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اب بھی دودھ 220 اور 210 میں فروخت کر رہے ہیں۔ دودھ فروشوں کی جانب سے معاہدے کے خلاف ورزی کی جا رہی ہیں۔ جس کی وجہ سے بحران پیدا ہوا ہے۔

عوام مخلص ہو جائیں تو بہت سے مسائل خود ہی حل کیے جا سکتے ہیں عالم جان بنگلزئی

عبدالرسول شاہوانی سے سمیت دیگر رہنماؤں کے ساتھ ملاقات میں علاقائی مسائل پر گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ممتاز قبائلی شخصیت نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عوامی خدمتگار عالم جان بنگلزئی نیشنل پارٹی کے رہنما ممتاز ٹرانسپورٹر ملک بصیر جان بنگلزئی ملک عدنان بنگلزئی ملک زکریا بنگلزئی اور ریاض زہری حب چوکی شاہوانی ہاؤس میں میر عبدالرسول شاہوانی سے ملاقات کی ملاقات میں علاقے میں کے مسائل اور امن وامان کے متعلق تفصیلی بات چیت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ علاقوں میں مسائل حل کرنا اور امن وامان کی بہتری ہماری اولین ترجیح ہے، انہوں نے بتایا کہ علاقے کے عوام اگر اپنے علاقے کیساتھ مخلص ہو جائے تو بہت سے مسائل اپنی مدد آپ حل ہو جائینگے۔

برقی لائنوں کی شفٹنگ کیلئے 9 مئی کو شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن سے بجلی بند ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 09 مئی کو بروز ہفتہ (شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11 kv ویسٹرن بائی پاس، بی اے ایف، چشمہ، واسا، خروٹ آباد، جبل نور فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ کے جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 kv نواں کلی، عالم خان، انڈسٹریل، اولڈ منگلی، مالک نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہے گی

وزیراعلیٰ بلوچستان انجینئرز کے دیرینہ مسائل حل کریں گے مجیب الرحمن

وزیراعلیٰ سے ملاقات میں انجینئرز کیلئے ٹیکنیکل الاؤنس کی فراہمی سمیت دیگر مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان انجینئرنگ کونسل (PEC) کے وائس چیئرمین انجینئر مجیب الرحمن مری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی سے ملاقات کی، جس میں انجینئرنگ کمیونٹی سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران انہوں نے بلوچستان کے سرکاری محکموں میں خدمات انجام دینے والے انجینئرز کے لیے ٹیکنیکل الاؤنس کی فراہمی کا معاملہ پیش کیا اور اس کی پیشہ ورانہ اہمیت، حوصلہ افزائی اور خدمات کی بہتری میں کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے مزید آگاہ کیا کہ پنجاب اور خیبرپختونخوا میں انجینئرز کو پہلے ہی اس نوعیت کا الاؤنس دیا جا رہا ہے، لہٰذا بلوچستان کے انجینئرز کے لیے بھی مساوی سہولت کی فراہمی ناگزیر ہے تاکہ برابری کو یقینی بنایا جا سکے اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے اس تعمیری تجویز کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ اس معاملے کو سنجیدگی سے زیرغور لایا جائے گا۔ اس موقع پر عمران خان زرکون پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ بھی موجود تھے۔ انجینئر مجیب الرحمن مری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے نہایت توجہ اور تحمل کے ساتھ انجینئرنگ کمیونٹی کے مسائل سنے، اور اس امید کا اظہار کیا کہ میر سرفراز خان بگٹی صوبہ کے انجینئرز کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔

معرکہ حق صرف نعرہ نہیں انصاف اور عوامی حقوق کی جدوجہد کا نام ہے، صباء کاکڑ

آزادی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متحد ہو کر آواز اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما صباء کاکڑ نے اپنے حالیہ بیان میں کہا ہے کہ ''معرکہ حق'' صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ سچ، انصاف اور عوامی حقوق کی جدوجہد کا نام ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ معاشرے میں قانون کی بالادستی، اظہار رائے کی آزادی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متحد ہو کر آواز اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل ملک کا سرمایہ ہے اور انہیں مثبت کردار ادا کرتے ہوئے معاشرتی بہتری میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ صباء کاکڑ کے مطابق اختلاف رائے کو برداشت کرنا جمہوری اقدار کا بنیادی جزو ہے، اور تمام اداروں کو آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے عوامی اعتماد کو مضبوط بنانا ہوگا۔ بیان کے اختتام پر انہوں نے امن، یکجہتی اور قومی استحکام کے لیے اجتماعی کوششوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ''حق اور سچ کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔''

ڈی ایچ او گوادر کے انتقامی اقدامات قابل مذمت ہیں، پیرامیڈیکس

آر ایچ سی پسنی کے اسٹاف کے ساتھ ڈی ایچ او کا ناروا سلوک ناقابل برداشت ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کا ڈی ایچ او گوادر کے رویے اور جاری انتقامی اقدامات پر افسوس کا اظہار کیا ہے، خاص طور پر آر ایچ سی پسنی کے اسٹاف سمیت دیگر عملے کے ساتھ ڈی ایچ او کا ناروا سلوک ناقابل برداشت ہے۔ صوبائی ترجمان نے پیرامیڈکس اسٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ نہایت محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں اور ہسپتال آنے والے مریضوں کو بروقت اور مؤثر انداز میں ادویات فراہم کر رہے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ ایسے فرض شناس اسٹاف کے ساتھ ناروا سلوک کسی صورت قابل قبول نہیں۔ صوبائی ترجمان نے مزید کہا کہ ڈی ایچ او گوادر اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے عملے کو ہراساں کر رہے ہیں اور بلا جواز تنخواہوں میں کٹوتی جیسے اقدامات کیے جا رہے ہیں جو کہ ملازمین کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہیں۔

کوئٹہ، نواں کلی میں شیخ حدیث مولانا دادا اللہ دستار فضلیت جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

مولانا شیخ ادریس کے قتل کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہیں، اتحاد نوجوانان

آئے روز پشتون وطن کے عظیم علماء اور قبائلی رہنماؤں کی شہادت لمحہ فکریہ ہے، علاؤالدین ترین

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) اتحاد نوجوانان ترین یونین کونسل علاقہ 36 کمیٹی صدر علاؤالدین ترین اور دیگر رہنماؤں نے ملک کے ناپرسان اور پرودہشت حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حضرت مولانا شیخ ادریس کے قتل کی شدید الفاظ سے مذمت اور شہادت پر دلی رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز پشتون وطن کے عظیم علماء اور قبائلی رہنماؤں کی شہادت حکومت انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے سوچی سمجھی منصوبے کے تحت قتل و غارت گری دہشتگردی کی واردات گریٹ گیم کا آغاز ہے بدامنی، قتل و غارت گری اور دہشت گردی سے بلوچستان اور پشتونخوا وطن کو نوگو ایریا بنا دیا گیا ہے اس ملک میں عوام اب جینے کا حق مانگ رہی ہے عوام قاتلوں اغواکاروں اور ڈاکوؤں کے ہاتھوں یرغمال ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت قیام امن میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اگر آئے روز قتل و غارت اور دھماکے خونریزی، بدامنی کی واقعات پر حکومت کی اقدامات مذمتی بیانات تک رہ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اور مذہبی جماعتیں بدامنی اور دہشت گردی کے پس پردہ حقائق اور محرکات کو بے نقاب کرنے کے لیے متحد ہو جائے انہوں نے کہا کہ علماء اور قبائلی رہنماؤں کی شہادتوں سے سنگ دل اور بے حس حکمران ٹس سے مس نہیں ہوں ہمیں حکمرانوں کو صرف اپنی جانوں کی فکر ہے۔

ریلوے ملازمین کی تنخواہیں مہنگائی کے تناسب سے بڑھائی جائیں، شیر محمد بلوچ

موجودہ دور کی بدترین مہنگائی نے مزدور طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، صدر کوئٹہ ڈویژن

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین (اوپن لائن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد ملکی، جوائنٹ سیکرٹری محمد نصیر راجپوت، چیئرمین جاوید مینگل، وائس چیئرمین حسن خان کھتران، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عاقل خان، ڈپٹی چیف آرگنائزر احتشام حمید، سینئر نائب صدر عرفان جان اور میڈیا کوآرڈینیٹر محمد حمزہ نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے وفاقی حکومت اور وزارت خزانہ سے مطالبہ کیا ہے کہ آنے والے بجٹ میں وفاقی و صوبائی ملازمین، خصوصاً ریلوے ملازمین کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے خاطر خواہ اضافہ کیا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ دور کی بدترین مہنگائی نے مزدور طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ آٹا، چینی، گھی، بجلی، گیس، ادویات اور بچوں کی تعلیم سمیت ہر بنیادی ضرورت عام ملازم کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔ یونین رہنماؤں نے خبردار کیا کہ اگر آنے والے بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں، الاؤنسز اور ریلوے ورکرز کے مسائل کو سنجیدگی سے حل نہ کیا گیا تو ملک بھر کے ریلوے مزدور شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے مزدور اس ملک کی معیشت کا اہم ستون ہیں۔ سخت گرمی، سردی اور مشکل حالات میں ریلوے ملازمین اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر ٹرین آپریشن کو جاری رکھتے ہیں، مگر افسوس کہ انہی مزدوروں کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ اب وقت آ چکا ہے کہ مزدور دشمن پالیسیوں کا خاتمہ کیا جائے اور محنت کش طبقے کو اس کا جائز حق دیا جائے۔

صوبائی صدر اپیکا سکندر علی لہڑی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، ہیبت خان ناصر

وہ اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے ملازمین کے حقوق کا دفاع کریں گے

کوئٹہ (پ ر) اپیکا ضلع کوئٹہ کے جوائنٹ سیکرٹری ہیبت خان ناصر نے بیان میں مجلس عاملہ کے فیصلے کے تحت کثرت رائے سے سکندر علی لہڑی کو اپیکا کا صوبائی صدر بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ تجربہ کار اور مخلص ملازم رہنما ہیں امید ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں، قیادت اور محنت سے ملازمین کے حقوق کے لیے مؤثر تحریک عملی کے تحت زبردست مثبت اور تنظیم دوستی کا کردار ادا کریں گے۔

آپریشن بنیان مرصوص قومی دفاعی قوت کی علامت بن گیا ہے، چوہدری نعیم کریم

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے دشمن کو دھول چاٹنے پر مجبور کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) فوکل پرسن پرائم منسٹر یوتھ پروگرام و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص قومی اتحاد، استقامت اور دفاعی قوت کی علامت بن کر سامنے آیا ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے دشمن کو دھول چاٹنے پر مجبور کر دیا معرکہ حق سے واضح ہوا کہ آئندہ کسی بھی مہم جوئی کا جواب پہلے سے کہیں زیادہ شدید اور فیصلہ کن ہوگا ہماری بری، بحری اور ائیر افواج کی جوابی صلاحیت دشمن کے تصور سے بھی زیادہ تیز اور مربوط ہے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ چار روزہ بنیان مرصوص آپریشن میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں بھارت کے مقابلے میں فتح دی۔

کوئٹہ، ہیلپ بلوچستان کے صدر ڈاکٹر امیر محمد جوگیزئی مزدوروں کے عالمی دن کے حوالے سے کوئلہ کانوں میں کام کرنیوالے مزدوروں میں سولر لائٹس تقسیم کر رہے ہیں

ملازمین کی پینشن کنٹریبیوشن کی ادائیگی یقینی بنائی جائے، ڈاکٹر سعید الرحمان کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ سینئر اساتذہ کرام کے ایک نمائندہ وفد، جس میں پروفیسر ڈاکٹر سعید الرحمان کاکڑ، پروفیسر ڈاکٹر سعیدہ مینگل، پروفیسر ڈاکٹر سید فرحت عباس بخاری، پروفیسر ڈاکٹر اشفاق حسین، پروفیسر ڈاکٹر محمد اعظم، پروفیسر نصیب اللہ بازئی، جاوید حسین اور دیگر شامل تھے، نے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ سے ملاقات کی۔ ملاقات کا بنیادی مقصد سال 2022 سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ کرام، افسران اور ملازمین، جن کی تعداد اب تقریباً ایک سو تیس سے تجاوز کر چکی ہے، کو اب تک کموٹیشن، گریجویٹی و پینشن کنٹریبیوشن اور دیگر واجبات کی عدم ادائیگی پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ وفد نے بتایا کہ وائس چانسلر کو بارہا درخواستیں دی گئی ہیں، تاہم تاحال اس پر کوئی عملی پیش رفت نہیں ہوئی۔

نوسرباز خواتین کا گروہ سرگرم خواتین میں خوف وہراس پھیل گیا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں نوسرباز خواتین کا ایک گروہ سرگرم ہو گیا ہے جس نے شہریوں، بالخصوص خواتین میں شدید خوف و ہراس پھیلا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ خواتین ٹیوشن ٹیچر کی تلاش یا معلومات کے بہانے گھروں کے دروازے کھٹکھٹاتی ہیں اور ''یہاں کوئی باجی ہے جو ٹیوشن پڑھاتی ہو؟'' کہہ کر گھر کے اندرونی حالات کا جائزہ لیتی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق یہ گروہ گھروں میں داخل ہونے کے بعد مقیم خواتین کو تشدد کا نشانہ بنا کر لوٹ مار کی وارداتیں انجام دے رہا ہے۔ مبینہ طور پر اس گروہ کی سرگرمیاں سرکی روڈ، فقیر محمد روڈ، نیو فقیر محمد روڈ اور جان محمد روڈ سمیت ملحقہ گنجان آباد علاقوں میں رپورٹ ہوئی ہیں۔

وفاقی محتسب کے حکم پر سجاد صدیق کے بجلی کے میٹر لگ گئے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار سجاد صدیق کے بجلی کے میٹر لگوا دیے گئے۔ درخواست گزار سجاد صدیق نے بتایا کہ کیسکو والے شک کی بنیاد پر ان کے دونوں میٹر اتار کر لے گئے تھے۔ بار بار کیسکو آفس جا کر صفائی پیش کی لیکن سب بے سود رہا۔ درخواست گزار کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی غفلت اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا۔

محمد بلوچ کو ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ تعینات

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیس میں تقرریاں و تبادلے، محمد بلوچ کو ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔ بلوچستان پولیس کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ایس پی حب محمد بلوچ کا تبادلہ کر کے انہیں ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ تعینات کر دیا ہے جبکہ ان کے پیش رو مرزا بلال حسین کو ایس پی حب تعینات کر دیا گیا۔

الخدمت فاؤنڈیشن جماعت اسلامی کے زیر اہتمام سابق ناظم جاوید احمد خان، ارشد یوسفزئی، قاری سعید مدنی کے تعاون سے ریلوے کالونی بابو محلہ جوائنٹ روڈ پر فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا چیک اپ کیا جا رہا ہے امیر جماعت اسلامی نعیم رند بھی موجود ہیں

الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ریلوے کالونی میں میڈیکل کیمپ کا انعقاد

تین سو سے زائد مریضوں کا تفصیلی معائنہ، مفت ٹیسٹ، مفت ادویات فراہم کی گئیں

کیمپ کا مقصد کمزور طبقات تک صحت کی بنیادی سہولیات پہنچانا ہے، نعیم رند، جاوید، ارشد

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) معروف فلاحی تنظیم الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کوئٹہ کے علاقے ریلوے کالونی میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں مرد و خواتین اور بچوں نے شرکت کر کے مفت طبی سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔ کیمپ کا مقصد نادار اور مستحق افراد کو ان کی دہلیز کے قریب مفت علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنانا تھا۔ فری میڈیکل کیمپ میں ریلوے کالونی، بابو محلہ، جوائنٹ روڈ اور گرد و نواح کے علاقوں سے شہریوں کی ایک بڑی تعداد نے آ کر طبی ماہرین سے اپنے مختلف امراض کا معائنہ کرایا اور طبی مشورے حاصل کیے۔ کیمپ میں خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد کی شرکت نمایاں رہی جنہیں خصوصی توجہ اور الگ سہولیات فراہم کی گئیں تاکہ وہ آسانی سے اپنا طبی معائنہ کرا سکیں۔ کیمپ میں ماہر ڈاکٹرز کی ایک ٹیم جس میں ڈی ایم او کوئٹہ ڈاکٹر شاہ واصف علی نے مختلف امراض کے تین سو سے زائد مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا ڈاکٹرز نے مریضوں کو صحت مند طرز زندگی اختیار کرنے، متوازن غذا استعمال کرنے اور بروقت علاج کروانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں جس سے مستحق افراد کو بڑا ریلیف ملا۔ ادویات کی مفت فراہمی سے نہ صرف شہریوں کے مالی بوجھ میں کمی آئی بلکہ انہیں بروقت علاج کی سہولت بھی میسر آئی۔ کیمپ میں آنے والے شہریوں نے اس اقدام کو نہایت مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے کیمپس عوام کے لیے امید کی کرن ہیں۔ منتظمین جماعت اسلامی کے ضلعی امیر نعیم رند، سابق ناظم جاوید احمد خان، ارشد یوسفزئی، قاری سعید احمد مدنی نے کہا فری میڈیکل کیمپ کے انعقاد کا مقصد معاشرے کے کمزور طبقات تک صحت کی بنیادی سہولیات پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے لوگ اکثر مالی مشکلات کے باعث بروقت علاج نہیں کروا پاتے جس کے باعث معمولی بیماریاں بھی سنگین صورت اختیار کر لیتی ہیں۔ اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے الخدمت فاؤنڈیشن وقتاً فوقتاً ایسے کیمپس کا انعقاد کرتی ہے۔

طلبہ کسی بھی قوم کا روشن مستقبل ہوتے ہیں، شیر احمد سمالانی

کوئٹہ (این این آئی) ڈی او ای میل شیر احمد سمالانی نے کہا ہے کہ طلبہ کسی بھی قوم کا روشن مستقبل ہوتے ہیں، اور ان کی بہترین تعلیم و تربیت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول اتحاد کالونی کوئٹہ میں تقریری مقابلے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینا طلبہ کی شخصیت کو نکھارتا ہے اور ان میں خود اعتمادی پیدا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محنت، نظم و ضبط اور لگن ہی کامیابی کا راستہ ہموار کرتے ہیں۔

سید ندیم عالم شاہ کا سلطان محمد خان کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سمیت ملک بھر کے ٹریڈ یونین رہنماؤں نے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان کی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی فیملی سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت کرے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دیں اور تمام لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائیں

TENDER NOTICE

The Provincial Library Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051042891 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 3)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 2,500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 2,500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 02 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 02 June, 2026till 11:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:30 PM **Address:** Quetta Phone no: 0819201146Fax no: 0812826515
Email: qa4157@gmail.com

Senior Librarian
Provincial Library Balochistan
Quetta

PRQ No.4943/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051041483 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building Saddar invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF PADEL COURT AT PDMA GROUND QUETTA	9,900,670

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 6,930,469 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **21 May, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **21 May, 2026** till **10:00 AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **11:00 AM Address:** Spini Road Quetta **Phone no:** 0817939397
Email: xen.building.sadar@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings), CW,PP&H Department
Saddar Quetta

PRQ No.493405/05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526041037633 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The DEO KHARAN (ADMINISTRATION) invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.NO	NAME OF WORKS	E/COST
1	PROVISION OF MISSING FACILITIES IN GBHS HAJI IBRAHIM KULLAN AND GBMHS KHARAN	20,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 14,000,000 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 25 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 25 May, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: DEO Office Kharan Phone no: 0847501284
Email: gmujtaba988@gmail.com

DISTRICT EDUCATION OFFICER
KHARAN

PRQ No.4949/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The SP/ Panjgur invites bids from eligible bidders for supply of following items TESE-2526051042232 Notes:- in all procurements of GOB whether through electronic or manual bid submission it is mandatory for all bidders to get registered at electronic public procurement system of BPPRA GOB tender Fee 1500 PKR.

S No.	Class of object	Bid security
1	Transportation and storage and mail services (total item(s) count:- 27	02 %

Procurements shell be made under the Balochistan public procurement rules-2014. Eligibility of bidders: 3. Assignments of similar nature and complexity worth 5,000,000 in previous 3 years turn over of at least 1,000,000 PKR in 1 subsequent previous years presence in active tax payer list sells tax Certificate the bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan. **Procedure of procurement:** single stage to envelope bidding procedure. **Bid security:** the bids must accompany bid security in the form of deposit it call of 2% specified above in the name of the under signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** the NIT and bidding documents can be obtained electronically from www.bppra.gov.pk issuance of tender documents: complete bidding documents can be view at www.bppra.gov.pk last date of bidding submission bid can only be submitted electronically latest by 21 May, 2026 till 10:00 AM. Tender opening all tender will be opened on same day at the office of under signed at 11:00 AM EPPS system. Address: Superintendent of Police office Panjgur Phone No.0855642531 Fax No.0855642121.
Email: panjgursp@gmail.com

Superintendent of Police
Panjgur

PRQ No.4945/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051043193 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) Saddar CWPP&H Department Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%**

S.NO	NAME OF WORKS	E/COST
1	B/T ROAD, TUFF TILES AND DRAIN, FOR NEW NECHARI SHAIKH UMER ROAD AND LABOUR COLONY JINNAH TOWN QUETTA.	19,798,573

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 13,859,001 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security 2% of the Estimated Cost Tender Document Fee Rs.2000 in account of C-02716 The Bidder must not have any pending litigation or court cases related to contractual disputes, fraud, corruption, or other serious offenses. The Bidder must not have been involved in any contract breach or termination **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 25 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 25 May, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: C&W Department near Ayoub Stadioum Quetta
Phone no: 3337392666Fax no: 0819202228
Email: xenroadsaddar@gmail.com

Executive Engineer (Roads)
Saddar CWPP&H Department
Quetta

PRQ No.4968/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No. **4886/04-05-2026** The BALOCHISTAN CIVIL SERVICES ACADEMY,(BCSA),QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041038192 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **Tender Fee 500 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	National Defense and Public Order and Security and Safety Services (Total Item(s) Count: 2)	40,000 PKR

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Integrity Pact/Contract Agreement	
2	Case Schedule	By Default
3	Integrity Pact/Contract Agreement	to be changed

Note: The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 40,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 19 May, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 07 May, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: BALOCHISTAN CIVIL SERVICES ACADEMY,(BCSA),QUETTA Western Bypass Rural Development Training Complex Phone no: 0819204452
Email: BCSAGOB@gmail.com

Directing Staff (A&C)
BALOCHISTAN CIVIL SERVICES ACADEMY,(BCSA),QUETTA

PRQ No.4948/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide PRQ No. **4790/28-04-2026** The Directorate of Youth Affairs Balochistan, Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041028982 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** **Tender Fee Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Public Sector Related Services (Total Item(s) Count: 1)	2 %

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Evaluation Criteria	
2	Case Schedule	By Default

Note: The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 14 May, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 07 May, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Directorate of Youth Affairs Balochistan, Ayub Stadium, Quetta
Phone no: 3222718285 Email: ilyasshad222@gmail.com

Director
Directorate of Youth Affairs
Balochistan, Quetta

PRQ No.4947/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Provincial Library Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051042871 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 1)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 5,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 02 June, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Quetta
Phone no: 0819201146Fax no: 0812826515
Email: qa4157@gmail.com

Senior Librarian
Provincial Library Balochistan
Quetta

PRQ No.4942/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

مسلح افواج کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، ولی محمد نورزئی

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی دلیرانہ اور بصیرت افروز قیادت نے ملک وقوم کو ایک نئی سمت عطا کی ،سازشوں کو بھرپور مقابلہ کیا

ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے ہمیشہ ناکام ونامراد ہوں گے ،پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ،پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے معرکہ حق کے جشن کے موقع پر اپنے ایک خصوصی بیان میں پاک فوج اور عسکری قیادت کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کا دن حق اور سچ کی فتح کا دن ہے اور پوری قوم اس تاریخی کامیابی پر جشن منا رہی ہے۔ انہوں نے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی قیادت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی دلیرانہ اور بصیرت افروز قیادت نے ملک وقوم کو ایک نئی سمت عطا کی ہے۔حاجی ولی محمد نورزئی نے مزید کہا کہ جنرل سید عاصم منیر نے جس جرات اور استقامت کے ساتھ ملک دشمن عناصر اور اندرونی و بیرونی سازشوں کا مقابلہ کیا ہے، وہ تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ دفاع وطن کے لیے مسلح افواج کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور 'معرکہ حق' اس بات کا ثبوت ہے کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے ہمیشہ ناکام ونامراد ہوں گے۔پارلیمانی سیکرٹری نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پوری قوم اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک میں امن، خوشحالی اور استحکام کے لیے عسکری وسیاسی قیادت کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی: ہندو تاجر کو بازار میں لوٹ لیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں ہندو تاجر کو لوٹ لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں بازار نزد ڈی سی چوک پر دن دہاڑے تین نقاب پوش مسلح افراد نے ہندو تاجر پون کمار کی دکان ...

یونیورسٹی آف تربت تمام کیمپسز میں فروغ تعلیم کیلئے پرعزم

یونیورسٹی کی اسسمنٹ ٹیموں نے تربت کے مختلف کالجز کا دورہ کیا

تربت (آن لائن) یونیورسٹی آف تربت نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے بی ایس جی 2023 کے رہنما اصولوں کے تحت اپنے الحاق شدہ کالجوں ... عطا شاد ڈگری کالج اور گرلز ڈگری کالج تربت کا دورہ کیا۔ تربت یونیورسٹی کے ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد اور ...

ایڈیشنل سیکرٹری ایجوکیشن بیورس آف کوریکلم کا دورہ کر رہے ہیں

معرکہ حق میں عوام نے قومی یکجہتی کا بھرپور عملی نمونہ پیش کیا، جلیل عالی

تمام عالم اسلام ہمیں قدر کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے اور پوری دنیا میں ہمارے وقار میں اضافہ ہوا ہے

ہماری افواج نے دشمن ملک کی جارحیت کا جواب معرکہ حق و آپریشن بنیان المرصوص کی صورت میں دیا

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کی جانب سے معرکہ حق و آپریشن بنیان المرصوص کے تناظر میں قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ملک کے معروف شاعر اور نقاد جلیل عالی تھے جبکہ صدارت ڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، پروفیسر ڈاکٹر شاہ محی الدین ہاشمی نے کی۔ جلیل عالی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری افواج نے گزشتہ برس دشمن ملک کی جارحیت کا جواب معرکہ حق و آپریشن بنیان المرصوص کی صورت میں دیا اور اس کے دوران پاکستانی عوام نے علاقائیت اور اندرونی اختلافات سے نکل کر قومی یکجہتی کا عملی نمونہ پیش کیا۔ آج تمام عالم اسلام ہمیں قدر کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے اور پوری دنیا میں ہمارے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اب وقت ہے کہ ہمیں اپنی اجتماعی ذمہ داریوں کا تعین کرنا ہوگا اور آپسی اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے ایک متحد اور بیدار قوم کی طرح آگے بڑھنا ہے۔ ڈاکٹر شاہ محی الدین ہاشمی نے اپنے اختتامی کلمات میں کہا کہ مہمان مقرر کی گفتگو بہت فکر انگیز تھی۔ انھوں نے کہا کہ اسلامی تہذیب قوت بہت طاقتور ہے اور اس کی آن بان شان صدیوں بعد بھی قائم ہے۔ قرآن میں اللہ نے مسلمانوں کیلئے اپنی مدد کا ذکر کیا ہے۔ اور اس معرکہ حق میں بھی اللہ کی مدد اور خاص کرم شامل تھا۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب ملت اسلامیہ اور بالخصوص ملت پاکستان اپنے عروج کو دوبارہ دیکھے گی۔

NOTICE INVITING QUOTATION-BASED

The Medical Superintendent. Jhalawan Teaching Hospital Khuzdar invites sealed bids from well reputed and registered firms, medical stores and suppliers engaged in the business of medicines surgical items and dialysis items, patients under the Balochistan Health Card Program (BHCP) and to the hospital for 24/7.

The procurement process will be conducted in accordance with the BHCP policy guidelines 2024 issued by Health Department Government of Balochistan.

Eligibility Criteria:

a. The firm must be registered with the Income Tax Department and listed as an Active Taxpayer with the Federal Board of Revenue (FBR).

b. The firm must hold a valid Drug Sales license from the Health Department or other relevant authorities for providing such supplies.

c. The bidder must have Financial Capacity/worthiness of Rs. 10 Million. The bidder must submit Turn Over Certificate of bidder's bank account.

d. All supplied items must be registered with the Drug Regulatory Authority of Pakistan (DRAP).

e. The shelf-life must be 75-80% from the date of supply of medicines and consumables items for local and imported items.

f. The list of required Medicines can be obtained from the office of the undersigned during official timings after payment of Rs. 300/-.

g. Declaration on Affidavit duly signed by Notary Public/Oath Commissioner on Rs. 100/- Stamp Paper declaring that the firm is currently non- Blacklisted or Penalized for any Default or any delivery to Govt./non-Govt. Institutions through-out Pakistan and agreeing to the terms and conditions of the bidding process, must be submitted.

h. Asingle-stage, two-envelopes (Eligibility and Financial) procedure will be used for quotation's opening

I The financial quotation must include the lowest possible rates, which shall be sustained for at least Three (12) months

j. Approval after comparative assessment, the final work order will be granted by the designated procurement committee of the hospital for BHCP with prior approval of the chairman of Fund Utilization Committee.

k. The current procurement process is sustainable and repeatable, however the undersign is authorized to place repeated work order to the qualified firms) consequent upon the consumption of earlier supplied Medicines.

L. Mode of Payment: Payments will be made within 120 days of supply completion, subject to the consumed supplies and completion of all required official and financial documentations and processes. this agreement is valid minimum periods of Seven years decided in the meeting with CEO Health card

m. All payments will be made via bank transfer to the firm's valid account.

n. The undersigned has the authority to cancel the procurement process at any stage or extend the date of quotation submission without any intimation.

Submission Deadline: Quotations must be submitted by date **20.05.2026** no later than **time 11.30 am**, at the office of the undersigned

Quotation Opening: All submitted quotations technical proposal within stipulated timeline will be opened on date **20.05.2026** at time **12.00** Noon in the presence of the designated Hospital Procurement Committee and representatives from the BHCP. The venue for the opening is conference of BMC Hospital Quetta.

Address: - Office of the Medical Superintendent Jhalawan Teaching Hospital - Civil Hospital Road Khuzdar. Phone No: 0848-412707

Medical Superintendent
Jhalawan Teaching Hospital
Khuzdar

PRQ No.4975/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

SURVEY OF PAKISTAN

Geoinformatics Centre Quetta

TENDER NOTICE

Sealed bids are invited from authorized contractor / dealers, registered with sales Tax and Income Tax departments and having offices at Quetta for Complete Electrical Re-Wiring & Power Distribution System at DGIC Quetta.

Tender documents containing detailed specifications of above supply/ Works at Premises of DGIC Quetta can be downloaded from PPRA website or can be obtained from the undersigned during office hours on any working day before or on closing tender date i-e. 23-05-2026 10:00AM

TERMS & CONDITIONS

1. Sealed bids as per above specifications must reach the undersigned by 10:00 AM hours on 23-05-2026. Bids shall be opened on the same day at 10:30 AM hours in the office of the undersigned in the presence of the representatives of the bidders (who chose to be present)
2. Firms having GST/BST and NTN numbers are eligible for bidding.
3. Duly licensed by the Pakistan Engineering Council (PEC) in the category relevant to the value of the Works.
4. Firms will provide copies of certificate of GST/BST & NTN along with their bids.
5. Bidding firms will provide undertakings regarding not involving in any case of litigation.
6. Rates quoted must include all taxes and ancillary charges.
7. Quantity of items mentioned above is approximate that can be enhanced / curtailed.
8. Successful bidders will provide necessary relevant services at the premises of Directorate Geoinformatics Centre, Survey of Pakistan, Brewery Road Quetta without additional charges.
9. Earnest money @ 2% of the total quoted cost of bid in shape of Bank Draft / Pay Order in favour of D.D.O, Directorate of Geoinformatics Centre, Survey of Pakistan, Quetta, may be provided.
10. All the prevailing taxes imposed by Govt.
11. Purchase / Repair committee may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal.
12. The repair / renovation will be started within 15 days after placing of the work order and the same will be finalized accepted after checking by the Purchase / Repair Committee as per specifications / terms & conditions.

(Muhammad Punhal)
Assistant Director
Chairman PUrchase/Repair Committee
Survey of Pakistan, Quetta. Tele: 081-9213365

PID(Q)438/25

چمن شہر کے عوام پانی کی بوند بوند کو ترس چکے ہیں، حبیب اللہ اچکزئی

شہر میں بارہ ٹیوب ویل ہونے کے باوجود پانی کی عدم فراہمی سوالیہ نشان ہے

حکام کو بار بار آگاہ کرنے کے باوجود کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کیے گئے، حاجی باری اسحاق

چمن (پ ر) مرکزی انجمن تاجران و دکانداران رجسٹرڈ چمن کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی، بانی رہنما حاجی باری اچکزئی، صدر حافظ گلبدین نورزئی، پریس سیکرٹری حاجی عبدالباری اسحاق، سرپرست اعلیٰ حاجی لالئی نورزئی، نائب صدر حیات اللہ کلیوال، رابطہ سیکرٹری حاجی علاؤالدین بابڑ، رحمت اللہ نورزئی، حافظ قیوم، حاجی لاکو جان، حاجی عبدالہادی اچکزئی، سرور خان اور دیگر اراکین کابینہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ چمن شہر میں پانی کی مصنوعی قلت نے انتہائی سنگین صورتحال اختیار کر لی ہے، جس کے باعث تاجر برادری شدید مشکلات کا شکار ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ کاروباری حضرات شدید گرمی میں دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہیں، جبکہ شہر میں بارہ ٹیوب ویل موجود ہونے کے باوجود خصوصاً تجارتی بازار اور دیگر تجارتی مراکز میں پانی کی عدم دستیابی متعلقہ حکام کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انجمن تاجران کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ اس اہم مسئلے کے حوالے سے متعدد بار متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ تاحال کوئی عملی اقدامات نہیں کیے گئے اور نہ ہی شہریوں و تاجروں کی مشکلات کا ازالہ کیا گیا ہے۔ پانی کی مصنوعی قلت کے باعث کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں اور تاجر برادری شدید ذہنی اذیت کا شکار ہے مرکزی انجمن تاجران و دکانداران رجسٹرڈ چمن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی اور صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں پانی کے بحران کے خاتمے کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں بصورت دیگر تاجر برادری اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

نصیر آباد میں آتشزدگی 20 سے زائد گھر زد میں آ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کو ٹھ ضیاد خان کھوسو میں خوفناک آگ لگنے سے بیس سے زیادہ گھرانے جل گئے درجنوں مال مویشی ہلاک جبکہ لاکھوں روپے مالیت کا اناج گھریلو سامان جل کر خاکستر ہو گیا پولیس کے مطابق ضلع نصیر آباد پولیس تھانہ میر حسن کی حدود گوٹھ ضیاد خان کھوسو میں اچانک کچے مکانات میں آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے بیس سے زیادہ گھروں کو جلا کر راکھ دیا آگ اس قدر شدید وخوف ناک تھی جس کے شعلے آسمان کی بلندیوں کو چھو رہے تھے آگ کی زد میں آ کر درجنوں مال مویشی جھلس کر ہلاک ہو گئے

بغیر نمبر پلیٹ، اپلائیڈ فار و فینسی نمبر گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کیخلاف کارروائی

چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے احکامات پر چالان کاٹے گئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے گزشتہ ماہ بغیر نمبر پلیٹ، اپلائیڈ فار و فینسی نمبر پلیٹ گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کیخلاف کارروائی کے دوران 1 ہزار 8 سو 8 6 چالان کیے۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا بغیر نمبر پلیٹ و اپلائیڈ فار گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کے حوالے سے کہنا تھا کہ رواں ماہ کارروائیوں کو مزید تیز کرتے ہوئے خصوصی ناکہ جات لگائے جا رہے ہیں جہاں اپلائیڈ فار و بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کو چالان کیساتھ تھانہ بھی بند کیا جائے گا اور اکسائز کیجانب سے نمبر لگنے کے بعد مالک کے حوالے کیا جائے گا جبکہ بوگس و جعلی نمبر پلیٹ لگانے والوں کیخلاف مقدمات کا اندراج ہو گا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ نمبر پلیٹ کسی بھی گاڑی اور موٹر سائیکل کی پہچان ہے جسے چھپانا قانوناً جرم ہے، گاڑیوں و موٹر سائیکلوں پر نمبر پلیٹ کے حوالے سے سختی کا مقصد ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کروانے کیساتھ سیکورٹی کے حوالے سے امن و امان کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ہے

بینظیر نشوونما پروگرام کے بچوں کی صحت پر مثبت اثرات

صحت مند ماں اور بچے مضبوط اور خوشحال قوم کی بنیاد ہیں، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت پاکستان میں بچوں میں اسٹنٹنگ میں نمایاں کمی آغا خان یونیورسٹی کی آزادانہ تحقیق کے مطابق خواتین بینیفشریز کے بچوں میں غذائی کمی کی شرح میں 22 فیصد تک کمی پاکستان نے بچوں میں غذائی کمی کے خلاف ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ نتائج آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں منعقدہ بینظیر نشوونما پروگرام کے جائزہ اجلاس میں پیش کیے گئے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ نے ان نتائج کو پاکستان کے سماجی تحفظ کے شعبے کی ایک بڑی کامیابی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تحقیق ثابت کرتی ہے کہ غذائیت اور ماں و بچے کی صحت سے متعلق موثر اقدامات کے ذریعے کمزور طبقات کے بچوں کی صحت بہتر بنائی جا سکتی ہے اور غذائی کمی میں واضح کمی لائی جا سکتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں معرکہ حق کے عنوان سے منعقدہ سیمینار کے شرکاء کا گروپ فوٹو

20 طلبہ کو بین الاقوامی اسناد دلوانا اہم سنگ میل ہے، ڈاکٹر عبدالرزاق

طلبہ کی تکنیکی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں، اظہار خیال

گوادر (آن لائن) جامعہ گوادر کے وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں جامعہ سے متعلق اہم تعلیمی اور انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس و انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ کے علاوہ مختلف شعبہ جات کے چیئرپرسنز اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران وائس چانسلر نے آنے والی سرگرمیوں کی ... کو ہدایت کی کہ وہ فیکلٹی اراکین کو تحقیقی سرگرمیوں اور علمی کاموں میں مصروف رکھیں تاکہ جامعہ میں تحقیق اور علمی ترقی کے فروغ کو مزید تقویت مل سکے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے شعبہ کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹیکنالوجی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ 20 طلبہ کو بین الاقوامی اسناد دلوانا جامعہ کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے طلبہ کی تکنیکی صلاحیتوں اور روزگار کے مواقع بہتر بنانے کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس میں آئندہ امتحانات کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور اس ...

ڈی آئی جی پولیس بلوچستان عمران شوکت پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آسامیاں خالی ہیں

محکمہ اقلیتی امور، حکومت بلوچستان کی مختلف خالی عارضی اور مستقل آسامیاں پر کرنے کیلئے ڈائریکٹریٹ اقلیتی امور کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے موزوں لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے گورنمنٹ ریکروٹمنٹ پالیسی کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں۔ ان خالی آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام اور سکیل آسامی	کل آسامی	ڈائریکٹریٹ اقلیتی امور کوئٹہ	قلات ڈویژن	عارضی / مستقل	جگہ تعیناتی	تعلیمی قابلیت / تجربہ وغیرہ
1	ہیڈ پنڈت (B-14)	01	--	01	مستقل	ہنگلاج ماتا مندر لسبیلہ	05 سالہ تجربہ مطلوبہ معیار (مذہبی معاملات / تعلیمات)

شرائط:۔ (1) مذکورہ بالا آسامیوں پر بھرتی حکومت بلوچستان کی مروجہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2009 کے تحت ہوگی۔ (2) عمر کی حد کم از کم 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 28 سال ہونی چاہیے۔ البتہ زیادہ عمر کی حد میں سرکاری قوانین کے تحت رعایت کی گنجائش موجود ہے۔ (3) پہلے سے سرکاری ملازمین درخواستیں اپنے محکمے کے توسط سے بمعہ این او سی جمع کروائیں۔ (4) ہر امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ تصدیق شدہ دستاویزات بمعہ دو عدد تازہ تصاویر لازمی جمع کروائیں۔ (5) غیر تصدیق شدہ کاغذات منسلک کرنے کی صورت میں درخواست ناقابل قبول ہوگی۔ (6) مطلوبہ معیار پر اترنے والے امیدواروں کو انٹرویو کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا۔ (7) انٹرویو کے دن ہر امیدوار اپنی اصل اسناد بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی اپنے ہمراہ لائیں۔ (8) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری اخراجات نہیں دیے جائیں گے۔ (9) تمام مکمل درخواستیں ڈائریکٹر اقلیتی امور بلوچستان، کوئٹہ کے آفس میں دفتری اوقات میں جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ (10) درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 25-05-2026 ہے۔ (11) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ (12) انٹرویو کیلئے بعد میں بذریعہ اخبار مطلع کیا جائے گا۔

ڈائریکٹر ڈائریکٹریٹ آف اقلیتی امور بلوچستان

PRQ No 4972/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آسامیاں خالی ہیں

محکمہ اقلیتی امور، حکومت بلوچستان کی مختلف خالی عارضی اور مستقل آسامیاں پر کرنے کیلئے ڈائریکٹریٹ اقلیتی امور کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے موزوں لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے گورنمنٹ ریکروٹمنٹ پالیسی کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں۔ ان خالی آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام اور سکیل آسامی	کل آسامی	ڈائریکٹریٹ اقلیتی امور کوئٹہ	قلات ڈویژن	عارضی / مستقل	جگہ تعیناتی	تعلیمی قابلیت / تجربہ وغیرہ
1	الیکٹریشن (B-6)	01	--	01	مستقل	ہنگلاج ماتا مندر لسبیلہ	میٹرک
2	کیئر ٹیکر (B-5)	11	09	02	مستقل	ایضاً	میٹرک
3	گائیڈ (B-5)	01	01	--	مستقل	ڈائریکٹریٹ اقلیتی امور کوئٹہ	میٹرک
4	چوکیدار (B-1)	01	01	--	مستقل	ایضاً	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
5	سیکورٹی گارڈ	05	--	05	عارضی	ہنگلاج ماتا مندر لسبیلہ	مڈل / لکھنا پڑھنا جانتا ہو
6	کک	05	03	02	عارضی	ایضاً	لکھنا پڑھنا جانتا ہو (کھانا پکانے کا تجربہ ہو)
7	سویپر	08	04	04	عارضی	ایضاً	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
8	چوکیدار	16	14	02	عارضی	برائے مذہبی عبادت گاہوں اور مذہبی مقامات جیسے مندر، گردوارہ، گرجا گھر، شمشان گھاٹ اور مسیحی قبرستان وغیرہ	لکھنا پڑھنا جانتا ہو

شرائط:۔ (1) مذکورہ بالا آسامیوں پر بھرتی حکومت بلوچستان کی مروجہ ریکروٹمنٹ پالیسی 2009 کے تحت ہوگی۔ (2) عمر کی حد کم از کم 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 28 سال ہونی چاہیے۔ البتہ زیادہ عمر کی حد میں سرکاری قوانین کے تحت رعایت کی گنجائش موجود ہے۔ (3) پہلے سے سرکاری ملازمین درخواستیں اپنے محکمے کے توسط سے بمعہ این او سی جمع کروائیں۔ (4) ہر امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ تصدیق شدہ دستاویزات بمعہ دو عدد تازہ تصاویر لازمی جمع کروائیں۔ (5) غیر تصدیق شدہ کاغذات منسلک کرنے کی صورت میں درخواست ناقابل قبول ہوگی۔ (6) مطلوبہ معیار پر اترنے والے امیدواروں کو انٹرویو کیلئے حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ کمیٹی کے روبرو پیش ہونا ہوگا۔ (7) انٹرویو کے دن ہر امیدوار اپنی اصل اسناد بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی اپنے ہمراہ لائیں۔ (8) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری اخراجات نہیں دیے جائیں گے۔ (9) تمام مکمل درخواستیں ڈائریکٹر اقلیتی امور بلوچستان، کوئٹہ کے آفس میں دفتری اوقات میں جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ (10) درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 25-05-2026 ہے۔ (11) آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ (12) انٹرویو کیلئے بعد میں بذریعہ اخبار مطلع کیا جائے گا۔

ڈائریکٹر ڈائریکٹریٹ آف اقلیتی امور بلوچستان

PRQ No 4970/07-05-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

جدید ٹیکنالوجی و کیمرے شہریوں کو تحفظ فراہم کر رہے ہیں، ایڈیشنل آئی جی بلوچستان

سیف سٹی اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، اشفاق خان

بلوچستان کے وفد کا سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اور دیگر حکام سے ملاقاتیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیف سٹی کوئٹہ کے وفد کا ایڈیشنل آئی جی بلوچستان اشفاق احمد خان کی سربراہی میں سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ۔ وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور اس کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی سیف سٹی / کنٹرول پٹرول اویس خان نے سینئر افسران کے ہمراہ ایڈیشنل آئی جی بلوچستان اشفاق احمد خان اور انکی ٹیم کو سیف سٹی اسلام آباد کا دورہ کروایا۔ وفد کو سیف سٹی اسلام آباد کے مرکزی نظام، کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر، جدید تکنیک کے حامل کیمروں اور پولیس آپریشنز سنٹر ہال کا دورہ کروایا گیا اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بھی مکمل آگاہ کیا گیا، وفد کو بتایا گیا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہری سلامتی، جرائم کے سدباب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے بھی لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، مزید برآں دورہ کا مقصد جرائم کی شرح کم کرنے میں سیف سٹی اسلام آباد کے کلیدی کردار اور سرویلنس کے طریقہ کار کو قریب سے جاننا تھا۔ ایڈیشنل آئی جی بلوچستان اور انکی ٹیم نے اسلام آباد پولیس کے جدید تکنیکی نظام اور اس کی افادیت کو سراہا اور اس کامیاب دورے پر آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ اسلام آباد جدید تکنیکی منصوبے کے ذریعے مختلف شعبہ جات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جس میں پولیس آپریشنز سنٹر، ایمرجنسی کنٹرول سنٹر، ڈسپیچ کنٹرول سنٹر اور "پکار 15" ایمرجنسی ہیلپ لائن جیسے اقدام شامل ہیں، وفد کو شہر میں سیف سٹی کیمروں کی کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان پاکستان ادارہ شماریات کے زیر اہتمام سی ایم آئی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں تجاوزات کی اجازت نہیں دینگے، سی ای او

شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن اور پشین اسٹاپ کے علاقوں میں تجاوزات کیخلاف کارروائی کا آغاز کر دیا

کریک ڈاؤن کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں قائم کی گئی تجاوزات کے خاتمے تک تواتر کے ساتھ جاری رہے گا، منصور عالم خان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے چیف ایگزیکٹو منصور عالم خان نے کہا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں تجاوزات کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی کیونکہ لوگوں کو تجاوزات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں شہباز ٹاؤن، جناح ٹاؤن اور پشین اسٹاپ کے علاقوں میں دوکانداروں، ریڑھی بانوں، پھل فروشوں اور ہوٹل والوں کی جانب سے قائم کی گئی تجاوزات تختوں اور ہوٹلوں کے باہر بیٹھنے کیلئے رکھے گئے بنچوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی ہے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں تجاوزات کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا کیونکہ ان تجاوزات کی وجہ سے شہریوں کو آنے جانے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ٹریفک کی روانی میں بھی خلل پڑتا ہے اس کے علاوہ تجاوزات کی وجہ سے ہوٹلوں، مارکیٹوں اور دکانوں کی خوبصورتی بھی متاثر ہوتی ہے کیونکہ خریداری کے علاوہ مذکورہ علاقوں میں ہوٹلنگ کیلئے آنے والے شہریوں کو بھی مشکلات درپیش آتی ہیں عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک کی روانی اور شہریوں کے راستے میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کے خلاف وسیع پیمانے پر آپریشن شروع کر دیا گیا ہے اور یہ کریک ڈاؤن کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں قائم کی گئی تجاوزات کے خاتمے تک تواتر کے ساتھ جاری رہے گا کیونکہ کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں کنٹونمنٹ بورڈ کا عملہ اپنے فرائض منصبی کو نبھاتے ہوئے عوام کو مشکلات سے چھٹکارا دلانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے غیر قانونی اقدامات کی روک تھام کیلئے ممکن بنائے گا وہ دکاندار ہوٹل مالکان تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں۔

ماشکیل: قبرستان میں چاردیواری کی تعمیر کا مطالبہ

ماشکیل (این این آئی) مرکزی قبرستان کسی بھی شہر یا علاقے کی ایک مقدس اور حساس جگہ ہوتی ہے جہاں لوگ اپنے پیاروں کی قبروں پر فاتحہ خوانی اور دعا کے لیے آتے ہیں لیکن ماشکیل کے مرکزی قبرستان میں انتظامی غفلت کے باعث کئی سنگین مسائل جنم لے چکے ہیں، جو نہ صرف عوام کے لیے پریشانی کا باعث ہیں بلکہ قبرستان کے تقدس کو بھی مجروح کر رہے ہیں مرکزی قبرستان کے گرد چاردیواری موجود نہ ہونے کی وجہ سے یہ جگہ غیر محفوظ ہو چکی ہے چاردیواری نہ ہونے کی وجہ سے ہر قسم کے افراد اور جانور آسانی سے داخل ہو جاتے ہیں رات کے وقت غیر سماجی عناصر کی آمد و رفت میں اضافہ ہو جاتا ہے قبرستان کے گرد حفاظتی دیوار نہ ہونے سے آوارہ جانور خصوصاً کتے اندر داخل ہو جاتے ہیں اور قبروں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔۔

کوئٹہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس

ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس میں 12 کور، ایکسین بلڈنگز، پروگرام کوآرڈینیٹر اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران شریک

تمام منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے، مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹیو (بی ایس ڈی آئی) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ اجلاس میں 12 کور، ایکسین بلڈنگز، پروگرام کوآرڈینیٹر، ڈی جی یونیورسٹی آف بلوچستان، بی ایس ڈی آئی، بی آئی یو اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران بی ایس ڈی آئی کے تحت ضلع بھر میں جاری ترقیاتی اسکیمات، جاری منصوبوں کی پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے مختلف منصوبوں پر اب تک ہونے والی پیش رفت، درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی کہ تمام منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام محکموں اور اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور موثر ہم آہنگی کے ذریعے منصوبوں کو کامیابی سے مکمل کیا جائے۔ اس کے علاوہ تمام اسکیمات کی مسلسل مانیٹرنگ بھی یقینی بنائی جائے تاکہ ناقص اور غیر معیاری کاموں کی بروقت نشاندہی ہو سکے۔

تھلیسیمیا کے عالمی دن کے موقع پر نکالی گئی ریلی کے شرکاء

خضدار، مولہ چٹوک کی وادی سرسبز شاداب و آبشاروں کا مسکن

ہائیکنگ، کیمپنگ، ماہی گیری اور فوٹوگرافی وایڈونچر کیلئے بہترین مقام ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار تحصیل مولہ اور چھارو کچھی کے پکنک پوائنٹ کا پوشیدہ حسین وادی ضلع خضدار میں واقع ہے ایک قدرتی وادیوں کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ چھارو کچھی اور مولہ چٹوک جو 1,237 میٹر بلندی پر چٹانوں سے گھری ہوئی ہے۔ یہاں کے موجود آبشار جو مادری زبان براہوئی زبان میں چٹوک یعنی ٹپکنے والی کو کہلاتے ہیں مولہ چٹوک کی یہ وادی شفاف پانی سرسبز شاداب ماحول پہاڑی سلسلوں جھیلوں تک کی کانوں اور غاروں کا مجموعہ ہے، جہاں مختلف اقسام کے جانور اور پودے پائے جاتے ہیں۔ سیاحوں کے لیے یہ جگہ ہائیکنگ، کیمپنگ، تیراکی، ماہی گیری اور فوٹوگرافی جیسے ایڈونچر کا بہترین موقع فراہم کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی میں یہ مقامی لوگوں کے لیے روزگار اور معیشت کی ترقی کا ذریعہ بھی بن چکا ہے اور مولہ چٹوک کو بنیادی سہولیات بہترین سڑکیں، رہائشی جگہ مواصلات اور صحت عامہ کے مسائل کا خوب سامنا ہے

پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری

اسلام آباد میں سال 2025 کے مقابلے میں جرائم میں 36 فیصد کمی ہوئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر کمان اسلام آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری۔ اسلام آباد پولیس کی سال 2026 کے پہلے 04 ماہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جرائم میں تاریخی کمی۔ رواں سال 2026 میں سال 2025 کے مقابلے میں جرائم میں 36 فیصد جبکہ ماہ اپریل میں 50 فیصد کمی واقع ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر قیادت اسلام آباد پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور موثر کارروائیاں جاری ہیں، جن کے نتیجے میں وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی شرح میں نمایاں اور تاریخی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسلام آباد پولیس کے سال 2026 کے پہلے چار ماہ کے دوران کیے گئے موثر اقدامات کے باعث مجموعی جرائم میں سال 2025 کے مقابلے میں 36 فیصد جبکہ صرف ماہ اپریل میں 50 فیصد کمی واقع ہوئی۔ مزید برآں اسلام آباد پولیس نے "ریسکیو 15" پر موصول ہونے والی کالز پر بروقت ریسپانس اور فوری کیس رجسٹریشن کو یقینی بنایا۔ سال 2026 میں "ریسکیو 15" کالز پر ایف آئی آر کے اندراج کی شرح سال 2025 کے مقابلے میں مزید بہتر رہی، جو شہریوں کے اعتماد میں اضافے اور پولیس کے موثر ریسپانس سسٹم کی عکاسی کرتی ہے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، جرائم کے خاتمے اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ عوام کی حفاظت اور قانون کی بالادستی کا قیام اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بختیار آباد، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) بختیار آباد کے نزدیک نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ڈی پی او محمد آصف تجک، ایس ایچ او پولیس ریاض الٰہی ڈوکی، اے ایس آئی عامر رند بمعہ اپنی ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچ گئے جہاں پر انہوں نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور شدید زخمی کو 1122 ریسکیو سینٹر بختیار آباد منتقل کر دیا۔ شدید زخمی شخص زخموں کی تاب نہ لاتے ہو راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت اللہ ڈنہ ولد غلام فرید کے نام سے ہوئی۔ ذرائع کے مطابق قتل کی وجوہات ذاتی دشمنی کا شاخسانہ ہے۔ جاں بحق شخص کی میت کو پوسٹ مارٹم کیلئے ٹیچنگ اسپتال سبی منتقل کر دیا گیا۔ مزید کارروائی بختیار آباد پولیس کر رہی ہے۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 8 مئی 2026ء

معرکہ حق کا ایک سال: عزم، اتحاد اور دفاع وطن کا قابل فخر باب

بھارت کے خلاف معرکہ حق کو ایک سال کا عرصہ مکمل ہوگیا ہے بلاشبہ یہ ہماری قومی تاریخ کا ایک قابل فخر داستان ہے معرکہ حق میں دشمن نے پاکستان کی قوت اور فیصلہ کن صلاحیت کا جاگتی آنکھوں سے مشاہدہ کیا اور پوری دنیا نے بھی یہ بات نوٹ کی کہ پاکستان کے خلاف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کا حشر کیا ہوسکتا ہے بھارت کے خلاف اس تاریخی اور انتہائی کامیاب معرکے کو ایک سال مکمل ہوگیا ہے گزشتہ روز اس حوالے سے بلوچستان سمیت ملک بھر میں مختلف تقاریب بھی منعقد ہوئیں اور قومی قیادت نے اس حوالے سے تفصیلی پیغامات بھی جاری کئے ہیں پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گزشتہ روز پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے سینئر افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ معرکہ حق میں ہم نے ایک قسط دکھادی ہم اب بھی تیار تھے آج بھی تیار ہیں۔ اس معرکے میں دشمن نے پاکستان کی قوت، پیشہ ورانہ مہارت اور فیصلہ کن صلاحیت کا عملی مشاہدہ کیا، اور مستقبل میں کسی بھی مہم جوئی کا جواب پہلے سے زیادہ سخت، زیادہ درست اور زیادہ مضبوط انداز میں دیا جائے گا۔ ملٹی ڈومین آپریشنز میں مہارت نے پاکستان کی دفاعی قوت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے ایک موثر اور فیصلہ کن طاقت بنادیا ہے، جبکہ فضائی جنگ کے محاذ پر حاصل ہونے والی کامیابیاں پیشہ ورانہ مہارت کی اعلیٰ مثال قرار دی گئی ہیں۔ یہ محض ایک سال کی یادگار نہیں بلکہ قومی تاریخ کا وہ باب ہے جس نے پوری قوم کو یکجا کردیا، اعتماد کو مضبوط کیا اور حب الوطنی کے جذبے کو نئی توانائی بخشی۔ معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہمیں اس حقیقت کی یاد دلاتی ہے کہ امن کی خواہش کمزوری نہیں بلکہ ذمہ دارانہ قوت کی علامت ہے، اور پاکستان کی مسلح افواج کی ہر تیاری اور ہر کوشش کا محور خطے میں امن اور استحکام کا فروغ ہے۔ جب پاکستان کی بقا اور سلامتی کو بھارتی جارحیت سے خطرہ لاحق ہوا تو وطن عزیز ایک ایسے ملک کے مقابل کھڑا تھا جو فوجی تعداد اور جنگی ساز و سامان کے لحاظ سے کئی گنا بڑا سمجھا جاتا ہے۔ مگر تاریخ گواہ ہے کہ جنگیں صرف ہتھیاروں سے نہیں بلکہ حکمت، اتحاد اور عزم سے جیتی جاتی ہیں۔ پاکستان نے کامیاب دفاعی حکمت عملی کے ذریعے بھارتی جارحیت کو ناکام بنایا، اپنی سرزمین کا بہترین دفاع کیا اور یہ ثابت کردیا کہ قومی دفاع ناقابل تسخیر ہے۔ یہ حقیقت بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان نے اس کشیدہ ماحول میں بھی امن، امید اور مذاکرات کی راہ ترک نہیں کی۔ عالمی سطح پر پاکستان نے اپنی دانشمندانہ سفارتکاری کے ذریعے ایک پل کا کردار ادا کیا اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کی کوششیں جاری رکھیں۔ یہ رویہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان جنگ کا خواہاں نہیں بلکہ امن کا علمبردار ہے لیکن کسی نے بھی پاکستان کی جانب میلی نگاہ کی تو اس کی خیر نہیں معرکہ حق کی پہلی سالگرہ کے موقع پر پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے واضح کیا کہ پاکستان نے اپنے سے پانچ گنا بڑے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی دشمن آج تک اپنے الزامات کے ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا اور پاکستان کے خلاف قائم کیا گیا دہشت گردی کا بیانیہ دفن ہوچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران بھارت کی نام نہاد پیشہ ورانہ عسکری سوچ کی کئی مثالیں سامنے آئیں۔ بعض مواقع پر بھارتی عسکری قیادت کی جانب سے ایسے بیانات دیئے گئے جو ایک پیشہ ور فوجی رویے کے بجائے سیاسی نوعیت کے دکھائی دیے۔ بھارت کی فوجی قیادت اپنے سیاسی بیانیے کو فوجی اداروں میں منتقل کرنے کی کوشش کرتی دکھائی دی، جبکہ پاکستان کی مسلح افواج نے پورے عرصے کے دوران مکمل پیشہ ورانہ طرز عمل اختیار کیا۔ ملٹی ڈومین وارفیئر یعنی فضا، زمین، سمندر ہر میدان میں ہر جگہ پاکستان نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا قومی قیادت فوج اور عوام سب ایک پیج پر ہیں اور دفاع وطن کے لئے پرجوش اور متحد و منظم ہیں یہی اتحاد کسی بھی قوم کی اصل طاقت ہوتا ہے۔ گزشتہ ایک سال میں ایک اہم پہلو جو نمایاں ہوا وہ پاکستان کی مسلح افواج کا پیشہ ورانہ اور ذمہ دارانہ طرز عمل تھا۔ اشتعال انگیزی کے ماحول کے باوجود پاکستان نے تحمل، حکمت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا۔ ایک پیشہ ور فوج جذباتی نعروں کے بجائے حکمت عملی اور حقائق پر یقین رکھتی ہے، اور یہی رویہ پاکستان کی دفاعی پالیسی کا بنیادی ستون رہا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ جنگی ماحول میں بیانیہ سازی بھی ایک محاذ ہوتا ہے۔ پاکستان نے حقائق اور شواہد کی بنیاد پر اپنا موقف پیش کیا اور عالمی برادری کو حقیقت سے آگاہ رکھا۔ اس دوران یہ واضح ہوا کہ خطے میں امن اور استحکام کے لئے سنجیدہ اور ذمہ دارانہ رویہ ناگزیر ہے۔ معرکہ حق کی کامیابی میں افواج پاکستان کی حکمت عملی انتہائی کامیاب اور قابل فخر رہی بحری محاذ پر پاکستان کی بندرگاہیں محفوظ رہیں اور دشمن سمندری حدود کی طرف بڑھنے کی ہمت نہ کرسکا۔ فضائی محاذ پر پاکستان نے دشمن کی برتری کے تصور کو چیلنج کیا اور اپنی برتری ثابت کی۔ زمینی محاذ پر مکمل تیاری اور چوکسی نے دفاع کو مضبوط رکھا معرکہ حق کے دوران پوری قوم متحد و متفق رہی افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ پوری قوم پرجوش تھی کشمیر سے گوادر تک، بچے سے بزرگ تک، غریب سے امیر تک پوری قوم ایک ہوکر کھڑی رہی۔ یہی اتحاد پاکستان کی اصل قوت ہے۔ قومی یکجہتی کا یہ مظاہرہ مستقبل کے لئے امید کی کرن ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مشکل وقت میں پاکستانی قوم اختلافات بھلا کر ایک پرچم تلے جمع ہوسکتی ہے۔ پاکستان نے بارہا واضح کیا ہے کہ وہ امن کا خواہاں ہے اور خطے میں استحکام کے لئے ہر ممکن کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ تاہم امن کی خواہش کو کمزوری سمجھنا غلطی ہوگی۔ پاکستان کی مسلح افواج ہر سطح پر مکمل تیاری رکھتی ہیں اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ یہ سال ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ طاقت اور امن ایک دوسرے کی ضد نہیں بلکہ تکمیل ہیں۔ مضبوط دفاع ہی پائیدار امن کی ضمانت بنتا ہے۔ معرکہ حق کی پہلی سالگرہ پر پوری قوم اپنی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ یہ کامیابی صرف فوج کی نہیں بلکہ پوری قوم کی کامیابی ہے۔ شہداء کی قربانیاں، جوانوں کی محنت، قیادت کی حکمت اور قوم کا اتحاد یہ سب مل کر اس کامیابی کی بنیاد بنے۔ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، قوم متحد ہے اور مستقبل روشن ہے۔ یہی معرکہ حق کا اصل پیغام ہے۔ عزم، اتحاد اور وطن سے غیر متزلزل محبت۔

بھارتی بنگال میں ممتا بینرجی کو دلائی گئی شکست پر "جشن فتح"

برملا — نصرت جاوید

خوشبو کو پھیلنے سے کب کوئی روک سکا ہے

قرطاس — عاصف اعوان

ایک بار پھر امن معاہدہ ہونے کا امکان

تاثرات — سید مجاہد علی

طاقت، منافقت اور مداخلت: امریکہ کی خون آلود عالمی سیاست

منظرنامہ



کیا متحدہ عرب امارات پر حملوں نے اسلام آباد کی مشکلات بڑھادیں؟

منظرنامہ — اسد صہیب

ایرانی مزاحمت کا راز

خورشید ندیم



سیاسی مقابلے کا میدان

وفاق نامہ — رشید صافی



اداروں شماریات اور گیلپ پاکستان کے ڈیٹا کے مطابق جو پاکستان کی ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری پر مشتمل ہے ملک میں سات ملین خاندان کرائے کے مکانوں میں رہتے ہیں۔ ایک خاندان میں اوسطاً اگر پانچ چھ افراد بھی ہوں تو چار کروڑ سے ...

ہونے سے کچھ ہونا بہرحال غنیمت ہے۔ یہ ایک مثبت آغاز ہے اور امید کی جانی چاہیے کہ مستقبل ...

طلبہ کو بہتر ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، کمشنر سبی ڈویژن

اسکول انتظامیہ نے اضافی کمروں کی تعمیر، ہائی سیکشن کی سولرائزیشن اور فلٹر پلانٹ کے مطالبات پیش کیے

سکولوں کے مسائل کی مکمل میپنگ ایک ہفتے میں پیش کی جائے، تاکہ ان مطالبات کو حکام تک پہنچایا جا سکے

سبی (ن ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے سبی کے مختلف بوائز اور گرلز اسکولوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو سمیت متعلقہ افسران بھی ہمراہ تھے۔ کمشنر نے سب سے پہلے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ڈھپال خورد کا دورہ کیا جہاں پرنسپل سے درپیش مسائل پر گفتگو ہوئی۔ اسکول انتظامیہ نے اضافی کمروں کی تعمیر، ہائی سیکشن کی سولرائزیشن اور فلٹر پلانٹ کے مطالبات پیش کیے۔ اسی علاقے میں بوائز ہائی اسکول ڈھپال خورد کا بھی دورہ کیا گیا جہاں اسکول کی عمارت خستہ حالی کا شکار پائی گئی۔ گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول غریب آباد میں چھتوں کی مرمت اور کمزور ڈھانچے کا مسئلہ سامنے آیا جہاں نئی عمارت کی تعمیر کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر کمشنر اسد اللہ فیض نے کہا کہ تعلیم ہماری اولین ترجیح ہے اور طلبہ کو بہتر ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ڈی ای او عبدالستار لانگو کو ہدایت کی کہ تمام سکولوں کے مسائل کی مکمل میپنگ کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ پیش کی جائے تاکہ ان مطالبات کو اعلیٰ حکام تک پہنچایا جا سکے اور جلد از جلد حل کیا جا سکے۔

خانوزئی بازار میں تجاوزات سے عوام کو مشکلات کا سامنا

انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہی ہے

خانوزئی (نامہ نگار) خانوزئی بازار میں تجاوزات سے عوام سخت پریشان ہیں مقامی انتظامی آفسران اور میونسپل کمیٹی کے چیئرمین بازار کو خراب کرنے کی عمل میں شامل ہے رپورٹ سارا بازار کے (فٹ پاتھ) قبضہ گروں کے تصرف میں ہے خانوزئی بازار میں قانون نام کا کوئی حیثیت نہیں بازار میں ناجائز تجاوزات روز بروز بڑھتی جارہی ہے بازار کے تمام روڈوں کو قبضہ گروں کے گوشت میں ہے سارا بازار کے (فٹ پاتھ) کو ختم کردیا گیا روڈوں پر دوکانوں کے تڑے بنادیا گیا عرصہ 20 بیس سال کے بیک قبضے بھی قائم ہے روڈوں پر کاروبار شروع ہے بازار کے نالی کو قبضہ گروں نے اپنا جاگیر او سمجھ کر دوکان میں شامل کردیا روڈوں پر دوکانوں کے دوسرے منزل کا سیڑھیاں بنا رکھا ہے ناجائز تجاوزات کی وجہ سے بازار تنگ ہوتا جارہا ہے عوام روز بروز سخت مشکلات میں داخل ہوتی ہے بازار میں غریب تاجر کار (نالی فٹ پاتھ) صاف دیکھائی دے رہا ہے جاگیردار اور بدماش قبضہ گروں کا نالی فٹ پاتھ کا نام تک نہیں ہے ڈپٹی کمشنر پشین سے اپیل کی جاتی ہے کہ خانوزئی بازار کے قبضہ گروں کے خلاف کاروائی کو جلد از جلد احکامات صادر کریں

لورالائی، ڈی سی محمد حبیب شجاع اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ معرکہ حق ریلی کی قیادت کررہے ہیں

سابق صدر پریس کلب علی مردان کی رسم قل ادا کردی گئی

اس موقع پر علی مردان کے فرزند پاکر جمالی کی دستار بندی کی گئی

اوستا محمد (نامہ نگار) سینئر صحافی سابق صدر پریس کلب اوستہ محمد مرحوم علی مردان جمالی کی رسم قل و قرآن خوانی اپنی رہائش گاہ سلیم کالونی اوستا محمد میں ادا کردی گئی، رسم قل و قرآن خوانی کے موقع پر مرحوم علی مردان جمالی کے فرزند پاکر خان جمالی کی دستار بندی کی گئی، اس موقع پر پیر آف درگاہ غوثیہ رانی پور شریف سید حسنین شاہ جیلانی، میونسپل کارپوریشن کے میئر میر مظفر خان جمالی، ڈسٹرکٹ چیئرمین نوابزادہ سالار خان جمالی، سرکردہ دودا خان جمالی، جبل خان جمالی، خادم حسین جمالی، مرحوم کے بھتیجے فیصل جمالی، ناصر جمالی اور صدر پریس کلب سونا خان جمالی، امیر عبد الستار خان عمرانی، میر غلام علی رند، محمد عالم رندانی جمالی، مقدم نثار خان جمالی، ایس ایچ او نصیر آباد حق عبدالرؤف جمالی، صاحب داد جمالی، امیر علی جمالی، اوستا محمد پریس کلب رجسٹرڈ کی صحافی برادری، سیاسی و سماجی رہنماؤں سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، آخر میں مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا مانگی گئی اور خیرات فی سبیل لنگر تقسیم کیا گیا۔

چمن، اے ڈی سی فدا بلوچ سرکاری ملازمین کی عمر دستگی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

دینی مدارس اسلام کے مضبوط قلعے ہیں، حاجی محمد صدیق

علماء کرام اور طلباء، دینی اداروں کے تحفظ کے لیے متحد ہیں، مولوی حکمت اللہ

دینی مدارس کے خلاف سازش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، مولوی عبدالرحمن

میزئی اڈہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنماؤں مہتمم مولانا حاجی محمد صدیق، ناظم مولوی حکمت اللہ، سید خوج محمد آغا اور مولوی عبدالرحمن نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع قلعہ عبداللہ کے عوام نے ایک بار پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ دینی مدارس اسلام کے مضبوط قلعے ہیں اور ان کے خلاف ہونے والی کوئی بھی سازش کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام ہونے والا شاندار احتجاجی مظاہرہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ضلع بھر کے عوام، قبائلی عمائدین بالخصوص دینی مدارس کے علماء کرام اور طلباء، اپنے دینی اداروں کے تحفظ کے لیے متحد اور بیدار ہیں۔ مظاہرے میں جس بڑی تعداد میں جمعیت کے قائدین علماء کرام، قبائلی عمائدین طلباء اور عوام نے شرکت کی، وہ نہ صرف قابل ستائش ہے بلکہ یہ ایک مضبوط پیغام بھی ہے کہ دینی مدارس کے خلاف کسی بھی قسم کی منفی مہم یا سازش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ رہنماؤں نے کہا کہ دینی مدارس صرف تعلیمی ادارے نہیں بلکہ یہ اسلام کی بقاء، دینی اقدار کے تحفظ اور معاشرے کی اصلاح کے مراکز ہیں۔ ان اداروں نے ہمیشہ ملک و قوم کی خدمت میں اہم کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مدارس کے خلاف پروپیگنڈا دراصل دین دشمن قوتوں کی ایک منظم کوشش ہے، جس کا مقصد عوام اور علماء کے درمیان فاصلے پیدا کرنا ہے، مگر باشعور عوام نے ان تمام سازشوں کو ناکام بنا دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام اور اس کے کارکنان ہر سطح پر دینی مدارس کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور کسی کو بھی یہ اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ ان مقدس اداروں کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دینی مدارس کے خلاف بے بنیاد اقدامات اور پالیسیوں سے گریز کیا جائے اور علماء کرام کے تحفظات کو سنجیدگی سے لیا جائے۔ آخر میں انہوں نے مظاہرے میں بھرپور شرکت کرنے والے علماء کرام، طلباء اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہی اتحاد اور یکجہتی ہماری اصل طاقت ہے

جمعیت تحصیل خضدار کے جنرل سیکرٹری کے انتخابات، حافظ احمد مکی کامیاب قرار

خضدار (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام تحصیل خضدار کے جنرل سیکرٹری کے عہدے کے لیے ہونے والے انتخابات مکمل، حافظ احمد مکی گرگناڑی بھاری اکثریت سے کامیاب قرار دیے گئے۔ جمعیت علمائے اسلام اور جمعیت طلبا اسلام کے کارکنوں اور عہدیداروں نے کامیاب جنرل سیکرٹری کو مبارک باد دی ہے۔

تھیلیسیمیا سے بچاؤ کے لئے شادی سے قبل سکریننگ ناگزیر ہے

موذی مرض سے متعلق جنگی بنیادوں پر آگاہی کے فروغ کی ضرورت ہے، ڈاکٹر عدنان مجید

کوئٹہ (رپورٹ: چوہدری امتیاز) تھیلیسیمیا سے بچاؤ کی آگاہی کے لیے ہر سال 8 مئی کو عالمی سطح پر ورلڈ تھیلیسیمیا ڈے منایا جاتا ہے۔ ترقی پذیر ممالک میں یہ مرض کم ہونے کے بجائے تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ پاکستان میں بھی اس مرض کے بڑھنے کے اعداد و شمار سامنے آ رہے ہیں، تاہم بلوچستان میں تھیلیسیمیا تشویشناک حد تک بڑھ چکا ہے۔ اس کی روک تھام کے لیے حکومت بلوچستان شادی سے قبل جوڑے کے تھیلیسیمیا ٹیسٹ کو لازمی قرار دینے کا قانون منظور کر چکی ہے، مگر اس پر تا حال عمل درآمد شروع نہیں ہو سکا۔ عالمی دن کے موقع پر تھیلیسیمیا کی روک تھام اور مریض بچوں کے علاج کے لیے اپنی زندگی وقف کرنے والے سابق انچارج تھیلیسیمیا سینٹر سول ہسپتال، ماہر ڈاکٹر عدنان مجید کہتے ہیں کہ تھیلیسیمیا کی روک تھام جتنی آسان اور ضروری ہے، اس کا علاج اور مریض کو زندگی بھر خون کی فراہمی اتنی ہی مشکل ہے۔ اس موذی مرض کے بڑھتے خطرات اس بات کے متقاضی ہیں کہ اس کی روک تھام کے لیے آگاہی کو جنگی بنیادوں پر فروغ دیا جائے۔ ڈاکٹر عدنان مجید کے مطابق اس بیماری کو روکنے کا موثر طریقہ صرف بلڈ اسکریننگ ہے۔ کزن میرجز میں تھیلیسیمیا سے متاثرہ بچوں کی پیدائش کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں، تاہم یہ ضروری نہیں کہ کزن شادی کے بعد پیدا ہونے والے بچوں میں صرف یہی بیماری ہو، دیگر بیماریاں بھی ہو سکتی ہیں۔ اس لیے مرض سے بچاؤ کا سب سے موثر اور آسان طریقہ شادی سے قبل جوڑے کی بلڈ اسکریننگ ہے، جس کے لیے صوبائی اسمبلی قانون بھی منظور کر چکی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر بنیادی ہیلتھ یونٹ میں آگاہی سینٹر قائم کیے جائیں جو گھر گھر جا کر شادی سے پہلے بلڈ اسکریننگ کی اہمیت اور قانون کے بارے میں آگاہی دیں۔ اسی طرح ہر بنیادی ہیلتھ یونٹ میں تھیلیسیمیا ٹیسٹ کی سہولت فراہم کی جائے۔ منگنی یا شادی سے پہلے لڑکے کا تھیلیسیمیا ٹیسٹ کرایا جائے۔ اگر لڑکا تھیلیسیمیا مائنر نہیں ہے تو لڑکی کے ٹیسٹ کی ضرورت نہیں رہتی، لیکن اگر لڑکا تھیلیسیمیا مائنر ہو تو لڑکی کا ٹیسٹ لازمی ہے۔ اگر لڑکی تھیلیسیمیا مائنر نہ ہو تو شادی میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر دونوں تھیلیسیمیا مائنر ہوں تو شادی سے گریز کیا جائے، کیونکہ ایسے جوڑے کے بچوں میں 25 فیصد تھیلیسیمیا میجر ہونے اور 25 فیصد تھیلیسیمیا مائنر ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سیمینار منعقد کیے جائیں تاکہ نوجوانوں کو بتایا جا سکے کہ تھیلیسیمیا پوری زندگی کا مرض ہے۔ متاثرہ بچے کو ہر ماہ تقریباً 20 دن بعد خون لگوانا پڑتا ہے، جبکہ ضرورت کے مطابق خون کی دستیابی پہلے ہی مشکل ہے۔ ایسے بچوں کی زندگی انتہائی دشوار ہو جاتی ہے اور عموماً ان کی اوسط عمر 10 سے 15 سال، یا زیادہ سے زیادہ 18 سال تک ہوتی ہے، جبکہ بہت سے بچے بچپن ہی میں انتقال کر جاتے ہیں۔ تھیلیسیمیا لاعلاج مرض ہے، اس لیے اس سے بچاؤ کے لیے آگاہی عام کرنا ناگزیر ہے اور تھیلیسیمیا مائنر جوڑے کی شادی سے گریز ہی اس بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کا موثر راستہ ہے۔



خضدار پی ایچ آئی کی نااہلی مکین پینے کے صاف پانی کیلئے سرگردان

گرمی کے موسم میں علاقہ کربلا کا منظر پیش کرنے لگا، عوام سراپا احتجاج ہیں

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار محکمہ پبلک ہیلتھ کی مبینہ طور پر نااہلی خضدار کے گھریلو مکین پینے کے صاف پانی کی حصول کیلئے سرگردان گرمی کے موسم میں علاقہ کربلا منظر پیش کرنے لگے ہیں۔ شہر میں محکمہ پبلک ہیلتھ کارکردگی پر سوالیہ نشان عوام سراپا احتجاج تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقہ مکینوں بولان کالونی، میجر باغ گزگی، کالونی اور نظام آباد، کراچی روڈ شاہی باغ سمیت مختلف ایریاز کے علاقہ مکینوں نے کثیر تعداد میں سراپا احتجاج اور محکمہ پبلک ہیلتھ خضدار کے حکام کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔ اور اس گرمی کے موسم میں علاقہ مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں ناکامی پر انکے خلاف سخت نعرہ بازی اور انکوفوری طور پر خضدار سے ٹرانسفر کرنے کا مطالبہ کیا گیا مکینوں کا کہنا تھا کہ محکمہ کے اعلی آفیسران خضدار شہر کو جان و بوجھ کر پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں لیت و لعل سے کام لے رہی ہے اور شہر کو گرمی کے موسم شروع ہوتے ہی پانی کی فراہمی میں مکمل کوتاہی کررہی ہے شہر کے مختلف ایریاز پینے کے پانی کیلئے شدید متاثر ہیں۔ انہوں نے وزیراعلی بلوچستان، صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ بلوچستان، سیکٹریری و ڈی جی پبلک ہیلتھ بلوچستان و دیگر حکام سے مطالبہ کیا ہے

عوامی مفاد کے منصوبوں میں مداخلت، بدعنوانی برداشت نہیں، ڈی سی جعفرآباد

ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی تاکہ سرکاری وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے

ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی، سرکاری وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے، خالد خان

جعفرآباد (ن ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے ضلع میں عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے جاری بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹو (بی ایس ڈی آئی) کے تحت پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فیز ون واٹرکورس لائننگ منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری ترقیاتی عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے پر پیش رفت، واٹر کورس کو پختہ بنانے کی افادیت، عوامی فوائد، درپیش تکنیکی و انتظامی چیلنجز اور واٹر چینل سے غیر قانونی طریقے سے پانی چوری کرنے والے عناصر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کا بنیادی مقصد پانی کے ضیاع کو روکنا، فراہمی کے نظام کو بہتر بنانا اور شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اس موقع پر کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے عوامی فلاحی وژن اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں بی ایس ڈی آئی اسکیم متعارف کروائی گئی ہے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں آب نوشی کی بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

پاک فوج فرنٹیئر کور مقامی عوام کے درمیان مثالی تعلق قائم ہے، بریگیڈیئر عامر

علاقے میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ترقی و خوشحالی کے لیے ایف سی اپنا کردار ادا کر رہی ہے

عرض محمد بڑیچ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے ترقیاتی امور اور دیگر علاقائی مسائل پر تبادلہ خیال

توکنڈی (نمائندہ مشرق) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) تفتان رائفلز کے بریگیڈیئر محمد عامر خان خلیل نے کہا ہے کہ پاک فوج، فرنٹیئر کور اور مقامی عوام کے درمیان مضبوط اور مثالی تعلق قائم ہے، اور علاقے میں امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ ترقی و خوشحالی کے لیے ایف سی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار توکنڈی ہیڈکوارٹر میں مسلم لیگ (ن) رخشان ڈویژن کے صدر اور عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر علاقے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، ترقیاتی امور اور دیگر علاقائی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ایف سی بلوچستان بالخصوص تفتان رائفلز کی جانب سے امن و استحکام، روزگار کے مواقع کی فراہمی، بنیادی سہولیات کی بہتری اور عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے اقدامات کو سراہا۔ وفد میں سردار محمد اعظم بربان زئی، ملک نور احمد شیرزئی، ملک حاجی نوشیروان شیروزئی، حاجی سیف اللہ نورزئی، ملک عبدالشکور ریکی، ملک محمد رضا منداززئی، ملک عبدالمنان جمالزئی، سردار عبدالستار حسن زئی، حاجی محمد طارق بڑیچ، ملک شاہ زمان بڑیچ، حاجی شہداد محمد زئی سمیت دیگر معتبرین شامل تھے۔

قلات، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے زیر اہتمام معرکہ حق ریلی نکالی جا رہی ہے

ڈپٹی کمشنر چاغی کا تفتان کے مختلف ہائی اور پرائمری اسکولز کا دورہ

تفتان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نورشاہوانی نے تفتان کے مختلف ہائی اور پرائمری اسکولز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اسٹاف کی حاضری چیک کی اور مختلف کلاسز میں جا کر ...

کیرتھر کینال کے پانی کی منصفانہ تقسیم کیلئے کوشاں ہیں، ناصر مجید

قلیل وقت میں فیض آباد ریگولیٹر کے کام پر اطمینان، محمد یار کی کوششوں کو سراہا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) چیف انجینئر کینالز بلوچستان ناصر مجید کا فیض آباد ریگولیٹر آر ڈی 182 کا دورہ جبکہ ایکسین کیرتھر کینال محمد یار کھوسہ نے ... رمضان، اشتیاق ایس ڈی او ایریگیشن محمد عابد سیال، فرخ شہزاد ایس ڈی او ایریگیشن ایس ڈی او ...

درخواستیں مطلوب ہیں

نمبر شمار	نام آسامی مع سکیل	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت
1	ڈائیلاسز ٹیکنیشن (B-9)	01	میٹرک سائنس کیساتھ متعلقہ ادارے سے ایک سال کا تجربہ درکار ہو

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ضلع خاران

PRQ No4952/07-05-2026

عوامی اشتہارات — MASHRIQ CLASSIFIED

تلاش گمشدہ

گمشدگی واؤچر

گمشدگی شناختی کارڈ

اطلاع عام

بعدالت جناب سینئر سول جج 4 ثناء اللہ کاکڑ صاحب کوئٹہ

آئندہ تاریخ سماعت 21/5/2026

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی ڈیرہ مراد جمالی

مقدمہ نمبر 09/2026 سرکار بنام احسان — 302,324,353,186 — CTD

PRQ No4951/07-05-2026

بعدالت اسپیشل جج ATC گوادر

PRQ No4960/07-05-2026

"EXTENSION DATE OF TENDER"

It is to inform that Tender for PURCHASE OF MEDICAL EQUIPMENTS / ACCESSORICIES, for the Prisons of Balochistan, was published / uploaded on BPPRA Website under TSE No. 2526041026381 and PRQ No.4709/21-04-2026, in Daily Newspaper Quetta dated 22-04-2026. The date of opening was 07-05-2026 at 11:30 am, now it has been extended due to a temporary disruption/instability in BPPRA Electronic Public Procurement System (ePPS), users may face difficulty in accessing or using the system, vide his Public Notice No.B-PPRA/MIS/3-75/2026/8473-74 dated 7th May, 2026. The said Tender will receive bids till 11th May, 2026 at 11:00 am will be opened on same date at the Office of Inspector General of Prisons Balochistan at 11:30 am. The Term and Condition will remain same.

Phone No.92-81-9202180 Fax no. 92-81-9202469
Email: aigprison@gmail.com

AIG (Admn: & Finance)
For Inspector General of Prisons.
Balochistan Samungli Road
Quetta

PRQ No.4967/07-05-2026

EXTENSION OF TENDER

Pursuant to /NT AB NO. 1150/20-04-2026 published in daily Mashriq Quetta on 21-04-2026 and The opening of technical proposal of tender work bearing TSE.2526041025482 is hereby extended on 11-05-2026. The others remain same.

MANAGING DIRECTOR
LASBELA INDUSTRIAL ESTATES
DEVELOPMENT AUTHORITY

AB No.1255/07-05-2026

اشتہار شور وغوغا / لاوارث نعش

081/9213463 — 081-9202455 — 081-9202777 — 081-9213460

ایس ایس پی انویسٹیگیشن سی ٹی ڈی بلوچستان کوئٹہ

PRQ No4955/07-05-2026

تحصیلدار بندوبست قلعہ عبداللہ کوئٹہ رینج

63105

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

63099

اشتہار بنام عوام الناس

ڈپٹی کمشنر کلکٹر ضلع پشین

PRQ No4965/07-05-2026

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کمشنر درجہ اول کلکٹر کوئٹہ

63104

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

63103

بعدالت اسپیشل جج ATC گوادر

PRQ No4964/07-05-2026

بعدالت جناب ڈپٹی کمشنر / ڈسٹرکٹ کلکٹر صحبت پور

بعدالت اسپیشل جج ATC گوادر

PRQ No4962/07-05-2026

بعدالت تحصیلدار / فرید احمد کاکڑ تحصیل حرمزئی ضلع پشین

CORRIGENDUM

The tender advertisement vide AB No.1212/29-04-2026 on 30 April 2026, published in leading newspapers, has changed the following criteria:

1. The bidder must have completed 02 similar assignments of similar nature of work instead of 03 assignments.
2. The CDR/Call Deposit shall be 3% of the total estimated cost of work instead of the fixed amount of Rs. 250,000/-.
3. The tender fee shall be Rs. 1000/- instead of Rs. 2,500/- for each scheme.
4. The submission time of tender documents shall be 9:15 AM, and the opening time of tender documents shall be 10:15 AM.

All other Terms & Conditions shall remain unchanged.

CHIEF OFFICER
Municipal Corporation
Usta Muhammad

AB No.1267/07-05-2026

سبزی فروش ہمارے بھائی ہیں مسائل کا حل ہماری ذمہ داری ہے، ڈی سی قلات

سبزی فروش اصولوں کے مطابق کاروبار کریں، ناجائز تنگ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی

سرکاری امور میں مداخلت کرنے والوں کے ساتھ سختی سے پیش آئیں گے، کمشنر منیر احمد درانی کا خطاب

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کے زیر صدارت سبزی منڈی کے تاجران کو درپیش مسائل سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ سمیت سبزی فروشوں کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں سبزی منڈی میں سہولیات کی فراہمی درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے کہا کہ تمام سبزی فروش ہمارے بھائی ہیں انکے مسائل کا حل ہماری ذمہ داری ہے مگر سبزی فروش سبزی منڈی کے اصولوں کے مطابق کاروبار کریں تاجر برادری اور سبزی فروشوں کو ناجائز تنگ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی سرکاری امور میں مداخلت کرنے والوں کے ساتھ سختی سے پیش آئیں گے جس نے جہاں دکان لی ہے وہ وہیں پر کاروبار کریگا منڈی کے گیٹ سے باہر اور اپنے جگہ کے علاوہ دوسری جگہ پر ریڑیاں کھڑے کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائیگی۔

نوجوانوں کو مایوسی سے نکالنا ہوگا ، کفایت اللہ آغا

نوجوان ڈگریاں ہاتھوں میں لئے روزگار کی تلاش میں دربدر پھر رہے ہیں

چلاک (پ ر) نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین حاجی کفایت اللہ آغا نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی بے روزگاری، ذہنی دباؤ اور معاشرتی مسائل کے باعث نوجوان نسل تیزی سے بری صحبت اور خصوصاً منشیات کی لعنت کی طرف مائل ہو رہی ہے، جو پورے معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ بن چکا ہے۔ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ اور روشن مستقبل ہوتے ہیں، لیکن جب یہی نوجوان مایوسی، بے روزگاری اور عدم توجہی کا شکار ہو جائیں تو اس کے اثرات نہ صرف خاندان بلکہ پورے معاشرے اور ملک پر مرتب ہوتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ آج ہزاروں نوجوان اعلیٰ تعلیمی ڈگریاں ہاتھوں میں لئے روزگار کی تلاش میں دربدر پھر رہے ہیں۔ مسلسل ناکامی، معاشی مشکلات اور ذہنی دباؤ انہیں غلط راستوں کی جانب دھکیل رہے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروش عناصر نوجوانوں کی اسی کمزوری کا فائدہ اٹھا کر انہیں نشے جیسی خطرناک لعنت میں مبتلا کر رہے ہیں، جس کے باعث کئی گھرانے تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ جس قوم اور معاشرے کے نوجوان بری صحبت اور منشیات کا شکار ہو جائیں، وہ قوم کبھی ترقی نہیں کر سکتی۔ نوجوان نسل کو منشیات سے بچانا صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ والدین، اساتذہ، سماجی تنظیموں، علماء کرام اور معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اگر آج ہم نے نوجوانوں کی اصلاح اور ذہنی و جسمانی تربیت پر توجہ نہ دی تو آنے والا وقت مزید خطرناک ہو سکتا ہے۔ حاجی کفایت اللہ آغا نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کئے جائیں، فنی تعلیم کو فروغ دیا جائے اور منشیات فروش عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ تعلیمی اداروں میں آگاہی مہمات شروع کرنے کی بھی اشد ضرورت ہے

چیف آفیسر میونسپل حب کی عدم توجہی نے کارکردگی کا پول دیا

حب (آن لائن) بلوچستان کا اہم صنعتی شہر حب چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب کی عدم توجہی ناقص انتظامات اور انکے کارکردگی کا پول دیا عوامی حلقوں کا گلے اور شکوے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کا اہم صنعتی شہر حب چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب کی حب بھر میں جاری صفائی ستھرائی کچرہ اٹھانے والی ناکارہ ٹریکٹر ٹرالی شوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی حب شہر کے عوامی کی جانب سے موپسل کارپوریشن چیف آفیسر حب کو انہیں آڑے ہاتھوں میں لیا خوب انہیں تنقید کا نشانہ بنایا گیا حب شہر کے عوامی حلقوں نے اپنے شوشل میڈیا پر اپنا تبصرہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ہے قیامت کی نشانیوں میں سے ایک ہے کچرہ خود حب شہر بھر کا کچرہ اٹھانے نکل پڑا ہے جبکہ موپسل کارپوریشن چیف آفیسر حب نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ شوشل میڈیا پر چلنے والی وائرل ویڈیو میں جو ٹریکٹر نظر آرہا ہے

صحبت پور، میر اظہار حسین خان کھوسہ صحافی جمیل بلوچ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

معذور افراد ہماری معاشرے کا اہم حصہ ہیں، عبداللہ کاشانی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے خرواری بابا زیارت کے معذور شخص محمد اسلم کو ڈی سی آفس میں وہیل چیئر فراہم کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر زیارت عبداللہ کاشانی بھی موجود تھے۔ اس موقع ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے نے کہا کہ معذور افراد ہماری معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ان کی فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت معذور افراد کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ بھی معاشرے میں باعزت اور خودمختار زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خصوصی افراد کی مدد صرف حکومتی ذمہ داری نہیں بلکہ ہم سب کا مشترکہ فرض ہے۔ ضلعی انتظامیہ ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ مستحق اور خصوصی افراد کو بنیادی سہولیات، تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ اس موقع پر بچی کے اہل خانہ نے ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا اور ضلعی انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہا۔

تعلیمی اصلاحات اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے اجلاس

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں تعلیمی اصلاحات اور اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر غلام حیدر ترین کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے تعلیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانے اور تدریسی عمل میں جدید آلات کے استعمال پر زور دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ہرنائی غلام حیدر ترین کی زیر صدارت منعقدہ اس میٹنگ میں ڈی ڈی ای او مشتاق احمد ترین سمیت تمام کلسٹر ہیڈز نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ای او نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت تعلیم کی ترقی کے لیے اربوں روپے کے وسائل فراہم کر رہی ہے، لہٰذا اسکولوں میں موجود تدریسی مواد کا بہترین استعمال کرتے ہوئے طلباء کو معیاری تعلیم فراہم کرنا اساتذہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ طلبائی ملک و قوم کا مستقبل ہیں اور ان کی بہتر تربیت کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

معرکہ حق کی شاندار کامیابی کی پہلی سالگرہ پر قلات میں ریلی کا انعقاد

ریلی کے شرکاء نے نعرے بازی کی، ریلی میں بڑی تعداد میں عوام کی شرکت

قلات (خ ن) معرکہ حق کی شاندار کامیابی کی پہلی سالگرہ پر تاریخی شہر قلات میں ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن قلات کے زیر نگرانی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی شرکاء نے شاہی دربار روڈ ہسپتال روڈ ہربوئی روڈ روشن خیل روڈ پر نعرہ بازی کیں ضلعی انتظامیہ کے زیر نگرانی منعقدہ ریلی میں بڑی تعداد میں عوام نے شرکت کی معرکہ حق "آپریشن بنیان المرصوص" کی کامیابی کو ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان کو شرکاء کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا گیا تاریخی شہر قلات کے شہریوں نے پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں شاندار کامیابی افواج پاکستان کی بے مثال جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان کی کامیابی کا عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا جس سے ملکی وقار سربلند ہوا انہوں نے کہا کہ معرکہ حق" میں پاک فوج نے دشمن کو ایسی شکست دی جو اسے صدیوں یاد رہیگا پاکستان نے ثابت کردیا دشمن کی ہر جسارت کا منہ توڑ جواب دینے کیصلاحیت رکھتے ہیں ریلی کا اختتام "پاکستان زندہ باد" کے فلک شگاف نعروں کے ساتھ ہوا۔

ڈی سی کی زیر صدارت معرکہ حق پاک فوج زندہ باد ریلی کے سلسلے میں اجلاس

سیکیورٹی، ٹریفک پلان، عوامی شرکت، نظم وضبط، انتظامات کے حوالے سے تبادلہ خیال

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت "معرکہ حق"، "پاک فوج زندہ باد" اور "پاکستان زندہ باد" ریلی کے سلسلے میں افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کل منعقد ہونے والی ریلی کی سیکیورٹی، ٹریفک پلان، عوامی شرکت، نظم وضبط اور دیگر انتظامات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی اور ریلی کو پرامن، منظم اور کامیاب بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ "معرکہ حق"، "پاک فوج زندہ باد" اور "پاکستان زندہ باد" ریلی میں بھرپور شرکت کو یقینی بنایا جائے اور تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں قومی جذبے کے ساتھ ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ملک کے دفاع، امن و استحکام اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں، پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک تھے، ایک ہیں اور ایک رہیں گے، اور وطن عزیز پاکستان کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔

کوہلو ڈی سی عظیم جان دمڑ گورنمنٹ بوائز مڈل سکول نیاز کا دورہ کررہے ہیں

میر عبدالکریم نوشیروانی۔ ایسا کہاں سے لائیں کہ تجھ سا کہیں اسے

تحریر: محمد خالد خان

میر عبدالکریم نوشیروانی بلوچستان کے ان ممتاز اور بااثر سیاستدانوں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے طویل عرصے تک عوامی خدمت کو اپنی سیاست کا محور بنائے رکھا۔ وہ کئی مرتبہ بلوچستان اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام کو ان کی قیادت، دیانت داری اور خدمات پر مکمل اعتماد حاصل رہا۔ اپنی سیاسی زندگی کے دوران انہوں نے نہ صرف اپنے حلقے کے مسائل کو اجاگر کیا بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کیے۔ میر عبدالکریم نوشیروانی نے مختلف اہم وزارتوں کا قلمدان سنبھالا اور ہر ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھایا۔ وزارتوں کے دوران ان کی توجہ خاص طور پر عوامی فلاح، ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر مرکوز رہی۔ انہوں نے تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر، آب نوشی اور دیگر بنیادی شعبوں میں نمایاں کام کیے، جن کے مثبت اثرات آج بھی عوام محسوس کرتے ہیں۔ اپنے علاقے کی ترقی کے لیے ان کی خدمات انتہائی قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا اور ایسے اقدامات کیے جن سے عوام کی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوئیں۔ سڑکوں کی تعمیر سے دور دراز علاقوں کو شہروں سے ملانے میں مدد ملی، جبکہ پانی اور بجلی کے منصوبوں نے عوام کے دیرینہ مسائل کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اسی طرح تعلیمی اداروں اور صحت کے مراکز کے قیام کے لیے بھی انہوں نے خصوصی توجہ دی تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آسکیں۔ میر عبدالکریم نوشیروانی کی ایک بڑی خدمت نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا بھی ہے۔ انہوں نے سینکڑوں نوجوانوں کو مختلف سرکاری اور نجی اداروں میں ملازمتیں دلوانے میں کردار ادا کیا۔ ان کی کوششوں سے بے شمار خاندانوں کی معاشی حالت بہتر ہوئی اور نوجوانوں کو باعزت روزگار حاصل ہوا۔

وہ ایک مدبر، سنجیدہ اور عوام دوست رہنما کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان کی سیاست کا مقصد ذاتی مفاد کے بجائے عوام کی خدمت اور علاقے کی ترقی رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی بلوچستان کے عوام انہیں عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ مختصراً، میر عبدالکریم نوشیروانی نے اپنی سیاسی بصیرت، عوامی خدمات اور ترقیاتی کاموں کے ذریعے بلوچستان کی سیاست میں ایک نمایاں مقام حاصل کیا۔ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوں گی۔

لورالائی، معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر ریلی کا انعقاد

ریلی کی قیادت ڈی سی لورالائی اور وائس چانسلر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے کی

لورالائی (خ ن) ضلعی انتظامیہ لورالائی اور یونیورسٹی آف لورالائی کے اشتراک سے معرکہ حق "آپریشن بنیان مرصوص" کی کامیابی کو ایک سال مکمل ہونے پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے کی۔ ریلی کا آغاز یونیورسٹی آف لورالائی سے ہوا، جس میں طلبہ و طالبات، اساتذہ، سول سوسائٹی، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، شہریوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے

ڈی سی کی ہدایت پر گندم، بوسہ کی بین الاضلاعی نقل وحمل پر پابندی عائد

گندم، بوسہ کی دیگر اضلاع میں منتقلی پر ضلع بندی نافذ کر دی ہے، اسسٹنٹ کمشنر

خضدار (آن لائن) ڈپٹی کمشنر خضدار کی ہدایت پر گندم اور بوسہ کی بین الاضلاعی نقل وحمل پر پابندی عائد، نوٹیفکیشن جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خضدار حفیظ اللہ کاکڑ نے ضلع میں گندم کے ذخائر کو محفوظ بنانے اور عوامی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے گندم اور بوسہ کی دیگر اضلاع میں منتقلی پر فوری طور پر ضلع بندی نافذ کر دی ہے۔ اس سلسلے میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ضلع کی حدود سے باہر گندم اور بوسہ لے جانے پر مکمل پابندی ہوگی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے تمام متعلقہ چیک پوسٹوں کو الرٹ رہنے اور سخت نگرانی کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ ضلع بندی کے احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔ انتظامیہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد مقامی سطح پر گندم کی دستیابی کو یقینی بنانا اور قیمتوں کو مستحکم رکھنا ہے۔

BUILDING REQUIRED FOR RENT

The Project Director "Green Balochistan Initiative" (GBI) Project titled "Transforming Balochistan: Agriculture Development through Sustainable Infrastructure Establishment (Phase-I) is seeking bids from registered Firms /Property Dealers/Owners to provide suitable buildings for Establishing GBI field office. The buildings should be situated in Turbat and Suhbatpur District and located security wise in safest area.

Requirements for building

Location: The building should be located at a prime and easily accessible location within the Turbat city and Suhbatpur.

Space: A building with Three to four rooms along with a store and allied facilities i.e Kitchen & Washrooms. (At least. 2000 square feet).

Utilities: Availability of basic utilities including electricity, Telephone & Internet, water, and sanitation.

Additional Feature (Preferred): Adequate parking space, Green space.

Submission of Offers: Interested parties may submit their sealed offers along with complete details of the property (location, covered area, rental demand, etc.) to the undersigned within **15 days** of publication of this advertisement.

Terms & Conditions:

Rent will be determined in accordance with the Government's Building Hiring Policy.

The department reserves the right to accept or reject any or all offers without assigning any reason.

Only shortlisted premises will be inspected by the authorized committee.

Phone No: +92-334-2098387

Office No. 1, 1st Floor, Block-B, Brands Village, Nawakilli Road, Quetta, Balochistan, PAKISTAN.

AB No.1261/07-05-2026

PROJECT DIRECTOR
GREEN BALOCHISTAN INITIATIVE

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051043553 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer-II Provincial B&R District Lasbela invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REHAB OF BARA BAGH HIGH SCHOOL BELA	18,908,118

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 13,235,682 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 25 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 25 May, 2026till 11:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:30 PM Address: Office of The Executive Engineer-II Provincial B&R District Lasbela Phone no: 0300705842 Email: eeiiuthal@gmail.com

PRQ No.4974/07-5-2026

EXECUTIVE ENGINEER-BUILDINGS
CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT
LASBELA AT UTHAL

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Geo resource Survey of Balochistan invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526051042631 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB** Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 2)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 4,500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 4,500,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 21 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 21 May, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Airport road near DHA office Quetta Phone no: 0812830248 Fax no: 0812830248Email: habib.chagai1@gmail.com

AB No.1259/07-05-2026

Chief Executive Officer
Geo resource Survey of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Health Department, Government of Balochistan, through the Health Sector Reform & Management Unit (HSRMU) / Project Management Unit (PMU), invites electronic bids (e-bids) from eligible bidders for the printing and supply of the following Goods for the year 2026. TSE No.: 2526051041741. Only electronic bids will be submitted. No physical bid is required.

Note: As per GoB rules, all bidders must be registered with the BPPRA Electronic Procurement System (EPPS) before submitting a bid. Bid Security 2%

S. No.	Class of Object (Goods)	E/Cost
1	Printing of IEC Material for Balochistan Deworming Initiative (Total Items Count: 15)	9,052,900/-

Procurements shall be made in accordance with the Balochistan Public Procurement Rules, 2014. **Eligibility Criteria:** As per NIT requirements: minimum two (02) assignments of similar nature and complexity worth PKR 7,000,000 in the previous three (03) years; turnover of at least PKR 7,500,000 in three subsequent previous years; presence in Active Taxpayer List (ATL); valid Sales Tax certificate; bidder must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan; joint venture (JV) is not permissible; required bid security must be submitted, failing which the bidder shall be declared ineligible and non-responsive during financial evaluation; bidder must submit item-wise compliance with the specifications mentioned in the bidding document; goods and printed material shall conform to the approved size, paper weight/GSM, colour requirement, binding, finishing, logo printing, and quantity; bidder shall provide samples/proofs of printed material and stationery items for approval by the Procuring Agency before bulk printing/supply, and bulk production shall proceed only after written approval of samples/proofs; bidder must undertake to supply the complete package within the delivery period and at the delivery location specified in the bidding document. **Procedure of Procurement:** Single Stage, One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany bid security in the form of Bank Guarantee / Deposit at Call of 2% in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained/viewed electronically from www.bppra.gob.pk. **Last Date for Submission of Bids:** Bids can only be submitted electronically through the supplier dashboard, no later than 21 May 2026, till 12:00 PM. **Tender Opening:** Bids will be opened on the same day at 01:00 PM on the EPPS system. **Address:** House No. 26-A, Chaman Housing Scheme, Airport Road, Quetta. Phone: 081-2864129
Email: eiftikharshah@yahoo.com

PRQ No.4931/07-05-2026

Section Officer (Admin)
Health Department,
Government of Balochistan

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051042943 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER BUILDING KILLA SAIFULLAH invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONT OF LABOUR ROOM IN RHC GHUNDA MANA & INSTALLATION OF BACKUP ELECTRICITY FOR LABOUR ROOM IN RHC GWAL ISMAILZAI & BADINI,KILLASAIFULLAH.	5,804,037

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 4,062,825 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The bidder must provide Power of Attorney or Authority Letter on Rs. 100/- Judicial Stamp for this NIT, Mentioning name of work & TSE Number and attested photo copy of owners CNIC by Oath Commissioner. Bidding Documents with Scanned stamps or Signatures will be rejected **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 22 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 22 May, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Main City Killa Saifullah
Phone no: 0823610614 Email: hashimkhansays@gmail.com

PRQ No.4940/07-05-2026

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings),
CW,PP&H Department
Killa Saifullah

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526041032351 **Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory for All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** T/fee 1000 PKR

S. No.	Class of Object	Bid Security
1	Procurement of Stationary Items (**Total Item(s) Count:** 50)	100,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,000,000 in Previous 3 Years Turnover of at least 4,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement Must agree to serve the Contract within the stipulated time period **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of amount 100,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **22 May, 2026**till **11:30 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:30 PM on EPPS System Address:** Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ) samungli Road Quetta **Phone no:** 0819204701**Fax no:Email:** info.binuq@gmail.com

PRQ No.4936/07-05-2026

CHIEF EXECUTIVE OFFICER,
BINUQ.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Urban Planning & Development Department ,Naseerabad Division at D.M Jamali has invitees the following Sealed Tenders on the Composite Schedule Rates 2023 of the Govt of Balochistan from interested Firms / Contractors of the following works:-

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	Construction of 18 grade officer Banglow **TSE-2526051042843**	29,000,000/-
2	Construction of 17 grade officer banglow **TSE-2526051042823**	25,000,000/-
3	Provision of Missing Facilities **TSE-2526051042863**	14,000,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The firms/contractors must have a valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed for the year 2025–26 in the relevant category C- 6 & 5 or above, along with the relevant specialization code mentioned in bidding documents. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firm/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1500/- for each tender mentioned above must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Deadline of Submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before on 25/05/2026 at 1:00 Pm **Tender Opening:** The all bids will be opened on 25/05/2026 at 2:00 pm, before the procurement committee in the presence of firms// contractors or their authorized representatives/agents in office of the Executive Engineer UP&DD Naseerabad Division at D.M Jamali. Place of issuance and submission will be: - Address: office of the Executive Engineer UP&DD Naseerabad Division at D.M Jamali Telephone No. 0333787188 Fax No. 0829668307
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Email: xenupnddnbatdmj78@gmail.com.

PRQ No.4939/07-05-2026

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Naseerabad Division

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2526051042973 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Officer District Council Jhal Magsi invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REPAIR AND RENOVATION OF GAJAN REST HOUSE DISTRICT JHALL MAGSI	29,699,206

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,789,444 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 22 May, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 22 May, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Chief Office District Council Jhal Magsi
Phone no: 3334963965 Email: zulfiqaralijhalmagsi@gmail.com

AB No.1260/07-05-2026

CHIEF OFFICER
DISTRICT COUNCIL JHAL MAGSI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

VACANCY ANNOUNCEMENT
(On Contract Basis)

Applicant are invited from suitable and eligible candidates for appointment on **Contract basis for a period of one year in the Project: Zhob to Makhtar via Murgha Kibzai Road (N-50 & N-70) Length 103 KM.** The Following positions are available: -

Sr #	Position	Nos of Posts	Required Qualification
1	Naib Qasid	2	Middle Pass
2	Cook	1	Preferably literate
3	Chowkidar	2	Preferably literate
4	Sweeper	1	Preferably literate
5	Driver	3	Valid LTV License with 5 Years' Experience
6	Computer Operator	1	Bachelor's Degree with Diploma in IT/ Computer Science
7	Senior Surveyor	1	DAE (Civil) or Equivalent, Experience in Surveying Required 10 Year Experience
8	Surveyor Helper	2	Preferably Matric with Relevant Field Experience
9	Accounts Clerk	1	B. Com / BBA (Finance), Experience in Project Account Preferred
10	Assistant Head Clerk	1	B. A/ B. Com with 10 years' Experience
11	Administrative Officer	1	Master Degree with 10 Years' Experience

Terms & Conditions: All appointment shall be made **purely on contract basis for one year**, extendable based on project requirements and satisfactory performance.

Candidate must possess **local/domicile of Balochistan.**

Incomplete applicants or those received after the due date shall not be entertained

Only **Shortlisted candidates** will be called for test/interview.

No **TA/DA** shall be admissible

Interested candidates may submit their applications along with **attested copies of CNIC, Educational Certificates, Experience Certificates, and two passport-size photographs** to the undersigned on the following address within **15 days** of publication of this advertisement.

Note: - The Selection Committee having rights to increase or decrease the No of Posts, subject to availability of Budget.

Address: - Project Director. Zhob to Makhtar via Murgha Kibzai (N-50 & N-70), B&R Rest House Loralai.

AB No.1265/07-05-2026

PROJECT DIRECTOR
Zhob to Makhtar via Murgha Kibzai (N-50 & N-70) Road

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 ٹرمپ

کی۔ تاہم ایرانی پارلیمنٹ کے ایک رکن اور سابق وزیر خارجہ نے اشارہ دیا ہے کہ امریکا کو جواب آج پاکستان کے ذریعے بھیجا جاسکتا ہے۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ اس مرحلے پر تہران اپنے جوہری پروگرام پر مذاکرات نہیں کر رہا بلکہ صرف تمام محاذوں پر جنگ کے مکمل خاتمے پر بات چیت ہو رہی ہے۔ ایران نے مطالبہ کیا ہے کہ جنگ بندی کی ضمانت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل براہ راست دے، امریکا پابندیاں ختم کرے اور آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھولا جائے۔ ایرانی موقف کے مطابق اگر یہ شرائط پوری ہو جاتی ہیں تو دوسرے مرحلے میں تہران اپنے جوہری پروگرام سے متعلق مذاکرات پر آمادگی ظاہر کرسکتا ہے۔ دوسری جانب ایران نے آبنائے ہرمز میں اپنی نگرانی اور کنٹرول مزید سخت کرتے ہوئے 'پرشین گلف اسٹریٹ اتھارٹی' کے نام سے ایک نیا ادارہ قائم کردیا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق آبنائے ہرمز میں بحری نظام تبدیل ہو چکا ہے اور اب وہاں سے گزرنے والے تمام جہازوں کو ایرانی حکام کے ساتھ رابطہ کرنا ہوگا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ایران کی یہ نئی پالیسی خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، امریکی بحری سرگرمیوں اور عالمی توانائی راستوں پر بڑھتے دباؤ کے تناظر میں سامنے آئی ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین تیل گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے جہاں سے عالمی تیل تجارت کا بڑا حصہ گزرتا ہے

بقیہ 2 ڈی جی آئی ایس پی آر

دشمن کو ہر محاذ پر عبرتناک شکست دی، بھارت ایک سال بعد بھی پہلگام کے حوالے سے ثبوت سامنے نہیں لا سکا، بھارت کا دہشت گردی ڈرامہ ہمیشہ کے لیے دفن کردیا۔ پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے افسران کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ عسکری قیادت کے وژن کے مطابق اپنے سے بڑے دشمن کو شکست دی، افواج پاکستان قوم کی توقعات پر ہمیشہ پوری اتری ہیں، پاکستان کی قیادت، فوج اور عوام متحد ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ معرکہ حق میں جو کچھ ہوا پاکستان ہی نہیں ہندوستان کا بھی بچہ بچہ جانتا ہے، اپنے سے 5 گنا بڑے دشمن کو ملٹی ڈومین وار میں شکست دی، ہم نے ایک سال پہلے بھارت کا غرور خاک میں ملادیا، پہلگام واقعہ پر بغیر تحقیقات لمحوں میں پاکستان پر الزام لگا دیا گیا، بھارت کئی دہائیوں سے یہ جھوٹا بیانیہ بنا رہا تھا کہ پاکستان دہشت گردی میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پہلگام کے حوالے سے آج تک ثبوت سامنے نہیں لا سکا، پاکستان پر الزامات لگانے والے خود سب سے بڑے دہشتگرد ہیں، بھارت کا پاکستان مخالف دہشت گردی بیانیہ ہمیشہ کے لیے دفن ہوگیا، بھارت مکاری سے بیانیہ بنا کر پاکستان میں دہشت گردی کرتا ہے، افواج پاکستان ہر محاذ پر تیار ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ بھارت نے بیانیے کیلئے فالز فلیگ آپریشن کیے، بھارت کے سیاست دان کم اور جنگجو زیادہ لگتے ہیں، خطے میں امن کیلئے سب سے زیادہ کوششیں پاکستان کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے اندرونی مسائل کم کرنے کے بجائے بڑھا رہا ہے، کشمیر بھارت کا اندرونی معاملہ نہیں، کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ حل طلب معاملہ ہے، کشمیر پر اقوام متحدہ کی قراردادیں موجود ہیں، بھارت جھوٹ بولنے سے باز آئے اور نئی بات بتائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پہلگام واقعہ کو ایک سال گزر گیا ہے ثبوت کہاں ہیں؟ پاکستان نے جو سوالات اٹھائے تھے، وہ اب بھی جوں کے توں موجود ہیں، جواب دیں کہ کون لوگ تھے جنہوں نے یہ کروایا، بھارت بتائے کہ کس دہشت گرد کیمپ کو نشانہ بنایا؟ ہم سال پہلے بھی تیار تھے ہم آج بھی تیار ہیں، یہ جنگ فضا، زمین، سمندر، سائبر میں بھی تھی، ہم نے ہر محاذ پر دشمن کو شکست دی۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام واقعہ کے فوراً بعد چند منٹوں میں ایف آئی آر درج کرکے یہ دعویٰ کر دیا گیا کہ حملہ آور باہر سے آئے تھے، حالانکہ آج تک اس حوالے سے کوئی ٹھوس ثبوت سامنے نہیں لایا گیا، اگر بھارتی انٹیلی جنس اتنی ہی مؤثر اور باخبر تھی تو سیکڑوں کلومیٹر اندر آنے والے افراد کے بارے میں پہلے سے معلومات کیوں نہ مل سکیں، اس وقت بھارتی ادارے کہاں تھے اور کیا کر رہے تھے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ آج بھی بین الاقوامی برادری یہی سوال کر رہی ہے کہ پہلگام واقعہ کے پیچھے کون تھا اور اس کا مقصد کیا تھا، پاکستان کے عوام کے ساتھ ساتھ بھارت کے باشعور حلقے بھی ان سوالات کے جواب مانگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی میڈیا نمائندے مختلف مقامات اور مساجد تک گئے اور انہوں نے خود یہ سوال اٹھایا کہ آخر بھارتی حملوں میں کون لوگ نشانہ بنے، دنیا نے دیکھا کہ متاثرین میں بچے، خواتین، بزرگ اور عام شہری شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران بھارت کی نام نہاد پیشہ ورانہ عسکری سوچ کی کئی مثالیں سامنے آئیں۔ ان کے مطابق بعض مواقع پر بھارتی عسکری قیادت کی جانب سے ایسے بیانات دیے گئے جو ایک پیشہ ور فوجی رویے کے بجائے سیاسی نوعیت کے دکھائی دیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارت کی فوجی قیادت اپنے سیاسی بیانیے کو فوجی اداروں میں منتقل کرنے کی کوشش کرتی دکھائی دی، جبکہ پاکستان کی مسلح افواج نے پورے عرصے کے دوران مکمل پیشہ ورانہ طرز عمل اختیار کیا۔ انہوں نے کہا بھارت خود دہشتگردی کی سرگرمیوں میں ملوث رہا ہے اور عالمی برادری اب نئی دہلی کے من گھڑت بیانیے کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی فوج کے کسی افسر نے کبھی سیاسی قیادت کے بیانات کو بنیاد بنا کر اشتعال انگیز طرز گفتگو اختیار نہیں کیا، جبکہ بھارتی سیاست دانوں کے بیانات اکثر جنگی ماحول پیدا کرنے والے محسوس ہوتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارتی قیادت کی جانب سے مسلسل اشتعال انگیز نعرے اور جارحانہ بیانات سامنے آتے رہے، لیکن پاکستان نے ہر موقع پر ذمہ داری، تحمل اور پیشہ ورانہ انداز اپنایا، اگر بھارت کو کسی معاملے پر اعتراض یا اختلاف ہے تو اسے اشتعال انگیز بیانات کے بجائے براہ راست اور ذمہ دارانہ انداز میں بات کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بعض حلقوں کو یہ شک تھا کہ پاکستان اندرونی طور پر متحد نہیں، تاہم حالات نے ثابت کردیا کہ بچے سے لے کر بزرگ تک، غریب سے لے کر امیر تک، کشمیر سے گوادر تک پوری قوم ایک ہو کر کھڑی رہی۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ بھارت کی پروفیشنل فوج کو سیاست کی بھینٹ چڑھا دیا گیا، بھارتی فوج سندور سے تعلق کیوں نہیں، کوئی مردانہ نام رکھ لے، ہم بھارت سے پچھلی کہانی کا کہہ ہی نہیں رہے، اگلی بات کی جائے، بھارت نے پہلے بھی پراکسز لانچ کی اور اب بھی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت معصوم بچوں اور عورتوں کو تشدد کا نشانہ بنا رہا ہے، ہم طلبا کو ٹارگٹ کرتے ہیں اور فخر سے دکھاتے بھی ہیں، بھارت نے افغان طالبان کو جگہ اور سہولیات دی ہوئی ہیں، افغانستان کی سرزمین مسلسل فتنہ الہندوستان کے خوارج پاکستان پر حملوں کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن غضب الحق کے بعد دہشتگردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی، کفار کے ساتھ معاہدہ کرنا، اسلامی ممالک پر حملہ کرنا کونسا جہاد ہے؟ یہ دائرہ اسلام سے باہر ہیں، اور جہنم ان کا ٹھکانا ہے، بھارت کے خواب میں دن رات پاکستان اور فیلڈ مارشل آتے ہیں۔

بقیہ 3 سرفراز بگٹی

بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور تالہ بندی سے متعلق غلط فہمیاں پھیلائی گئیں حالانکہ حکومت کا نہ کبھی ایسا کوئی ارادہ تھا اور نہ ہی ہے انہوں نے کہا کہ دینی مدارس معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی ترقی و بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پارلیمنٹ مدارس رجسٹریشن ایکٹ منظور کرچکی ہے اور اب اسے بلوچستان اسمبلی میں بھی پیش کیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے جمعیت علما اسلام کی قیادت سے تفصیلی بات چیت ہوئی ہے جبکہ مولانا عبدالواسع نے بھی اپنے مطالبات اور تجاویز پیش کی ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے اتحادی دوستوں نے مولانا عبدالواسع سے دس دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ اپنی پارٹی قیادت کو اعتماد میں لیا جاسکے کیونکہ بنیادی طور پر یہ فیڈریشن سے متعلق قانون سازی ہے جس کو اب صوبائی اسمبلی میں آنا ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں اتفاق رائے سے قانون سازی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے اور ان شاء اللہ یہ معاملہ باہمی مشاورت اور افہام و تفہیم سے حل ہوجائے گا۔ انہوں نے جمعیت علما اسلام کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی قیادت نے ہمیشہ عزت، احترام اور شفقت دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دینی مدارس ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ہم انہیں ہمیشہ دل کے قریب سمجھتے ہیں۔ دوسری جانب ۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر وسینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے اپنے رویے پر معذرت کی ہے اور آئندہ حکومت کی جانب سے ایسی غلطی نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے اور 10 مئی کو کوئٹہ کی جانب لانگ مارچ کو 10 روز کیلئے موخر کرنے کا مطالبہ کیا تھا اس لیے ہم نے لانگ مارچ کو 20 مئی تک موخر کردیا کیونکہ سیاست میں کوئی چیز حرف آخر نہیں ہوتی بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل کو یقینی بنا کر معاملات کو سلجھایا جاسکتا ہے

بقیہ 4 ائیر وائس مارشل

کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ائیر وائس مارشل طارق غازی نے کہا کہ بھارت کے گرائے گئے جہازوں میں 4 رافیل، ایس یو 30 مگ 29 اور میراج 2000 شامل ہے، اس کے علاوہ ایک انتہائی مہنگا کثیر الجہتی خودکار ائیر ل سسٹم بھی تباہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے آپریشن بنیان المرصوص میں بھارت کے 8 طیارے گرائے اور اب ہم 8 صفر پر ہیں۔

بقیہ 5 پاکستان

کو ناپسند ہیں، کسی بھی بھارتی جارحیت کا پاکستان کی جانب سے بھرپور اور مکمل طاقت سے جواب دیا جائے گا۔ جمعرات کو ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا آج معرکہ حق کی پہلی سالگرہ ہے، پانچ مئی کو نائب وزیراعظم نے معرکہ حق پر سفارتی کور کو بریف کیا۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کا تبادلہ ہوا ہے، اس پر گفتگو نہیں کروں گا، ہم پر امید ہیں کہ دونوں پارٹیوں کے درمیان معاملہ حل ہوگا، یہ نہیں جانتا کہ معاہدہ ایک صفحے کا ہوگا یا زیادہ صفحات کا، معاہدے کے لیے پرامید ہیں۔ دفتر خارجہ کی جانب سے مزید کہا گیا کہ انٹرنیشنل کمیونٹی کو جنوبی ایشیا میں امن اور سلامتی پر تشویش ہے، پاکستان کا ایک قطرہ پانی کوئی چوری نہیں کرسکتا، سندھ طاس معاہدہ سے متعلق تمام آپشنز زیر غور ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ ہم دریاؤں کی صورتحال کا مشاہدہ کررہے ہیں، دفتر خارجہ سمیت انڈس واٹر کمشنر اور دیگر حکام اس کو دیکھ رہے ہیں۔

بقیہ 6 تبادلہ خیال

پاکستان کے عوام امیر قطر کے جلد دورہ پاکستان کے منتظر ہیں۔ بات چیت کے دوران خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے جاری سفارتی کوششوں کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ امیر قطر کا دورہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ قطر نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کی تعریف کی۔ اس موقع پر وزیراعظم قطر نے کہا کہ قطر مشرق وسطیٰ میں امن سلامتی اور استحکام کیلئے سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے تمام امور پر قریبی رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 7 عباس عراقچی

حال، سفارتی کوششوں اور علاقائی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق عباس عراقچی نے پاکستان کے وزیر خارجہ اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے خطے میں جاری حالیہ پیش رفت اور بدلتی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 8 شہباز شریف

رابطے کرکے جنگ رکوائی اور پھر توسیع بھی کرائی، فیلڈ مارشل کی کاوشیں تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔ گلگت بلتستان میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ گلگت آکر ایک بار پھر بہت خوشی ہورہی ہے، پاکستان کے خوبصورت ترین علاقے میں انتہائی قابل، محنتی، ہونہار بچوں، بچیوں سے ملاقات کرنے آیا ہوں، ہونہار بچے اور بچیاں پاکستان کا فخر ہیں،

بقیہ 9 اسحاق ڈار

کہ ایران پر اسرائیل حملے کرتا تھا، جواب میں ایران مسلم ممالک پر حملے کر رہا تھا، وہ کہتے یہ تھے کہ امریکی اڈے ان کا ہدف ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے کوشش کی کہ یہ سب بند ہو، ساتھ ایران کو یہ بھی باور کروایا کہ سعودی عرب کے لیے پاکستانیوں کی جان بھی حاضر ہے۔ نائب وزیراعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ کشیدگی کے دوران فریقین کو باور کرایا کہ پاکستان کے لیے سعودی عرب تو گویا یہ ہے، کوئی اس کی طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھے۔ پاکستان اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ اہم سنگ میل ہے۔ اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ ایران پر حملہ ہوا تو پاکستان نے بھرپور کردار ادا کیا، فریقین میں سیز فائر کروائی، اب کوشش یہ ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان سیز فائر مستقل جنگ بندی پر ختم ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ امت کے مفادات کا تحفظ پاکستان کی ترجیح ہے، سعودی عرب سمیت تمام مسلم ممالک سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسحاق ڈار نے کہا کہ معرکہ حق میں اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو سرخرو کیا، پاکستان کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔

بقیہ 10 اجازت نہ ملی

ملاقات کے لئے آئے پارٹی رہنما داہگل ناکہ سے واپس روانہ ہو گئے۔ بانی سے ملاقات کے لیے اراکین قومی اسمبلی خرم ورک، نسیم علی شاہ داہگل ناکہ آئے تھے۔ بانی سے ملاقات کے لئے ایم پی اے ظاہر شاہ، رجب عباسی، زر عالم اور روبینہ شاہین بھی داہگل ناکہ آئی تھیں۔

بقیہ 11 غیر آئینی

پر ٹیکس عائد نہیں کیا جاسکتا، صرف جائیداد کی ملکیت کو آمدن تصور نہیں کیا جاسکتا، اس لیے سیکشن 7 ای آئین سے متصادم ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ یہ شق ابتداء ہی سے غیر قانونی تھی۔ سیکشن 7 ای فنانس ایکٹ 2022، کے تحت متعارف کرایا گیا تھا جس کے مطابق غیر منقولہ جائیداد کی مالیت کا 5 فیصد فرضی آمدن تصور کیا جاتا تھا اور اس پر 20 فیصد ٹیکس عائد کیا جاتا تھا

بقیہ 12 وزیر خزانہ

بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا، وزیر توانائی اویس لغاری اور وزیراعظم مسلسل اس پر کام کر رہے ہیں، آئندہ دنوں میں بجلی سبسڈی پر مزید بات چیت ہوگی، آئی ایم ایف بورڈ کا اجلاس (آج) جمعہ کو ہوگا، ہمارے اہداف پورے ہیں، قرض منظوری آئی ایم ایف بورڈ پر منحصر ہے۔

بقیہ 13 آئی ایم ایف

ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف بورڈ کا اہم اجلاس (آج) جمعہ کو متوقع ہے جس میں پاکستان سے متعلق اہم فیصلے کا امکان ہے۔ حکومت نے ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں قومی بجٹ اور وسائل کی تقسیم میں کلائمٹ پالیسی کو اہم ترجیح دینے کا عندیہ بھی دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ عالمی مالیاتی ادارے ترقی پذیر ممالک کے لیے ماحولیاتی فنڈنگ پر زور دے رہے ہیں۔

بقیہ 14 ایرانی صدر

پزشکیان نے ملاقات کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے اسے انتہائی دوستانہ، پرسکون اور باہمی اعتماد پر مبنی قرار دیا ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی کے مطابق تہران میں تجارتی نمائندوں اور بازار کے عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر مسعود پزشکیان نے بتایا کہ سپریم لیڈر کے ساتھ ان کی ملاقات ڈھائی گھنٹے تک جاری رہی۔ تاہم یہ ملاقات کب ہوئی، انہوں نے اس کی کوئی مخصوص تاریخ واضح طور پر نہیں بتائی۔

بقیہ 15 آخری مہلت

کے عمران خان کو 14 سال قید اور بشریٰ بی بی کو سات سال قید کی سزاؤں کے فیصلے کے خلاف ان کی اپیلوں کی سماعت شروع کی ہے۔ اب سماعت شروع ہوئی تو عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکیلوں نے اپنے دلائل پیش کرنے کے لئے دوبارہ وقت مہلت مانگ لی۔ سماعت میں نیب کے سپیشل پراسیکیوٹر جاوید ارشد اور رافع مقصود عدالت کے روبرو پیش ہوئے جبکہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش نہیں ہوئے۔ عدالت کی ہدایت پر کیس ملتوی کرنے کی متفرق درخواست پڑھی گئی۔

بقیہ 16 ایئر چیف

بعد بھارت نے پاکستان پر بے بنیاد الزام لگایا، پاکستان نے بھارت کو غیر جانبدار تحقیقات کی پیش کش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ کے ہر جوان نے معرکہ حق میں بہترین صلاحیت کا مظاہرہ کیا، پاک فضائیہ نے ریکارڈ ٹائم میں دشمن کی تنصیبات کو تباہ کیا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا کہ پاک فضائیہ نے بھارتی جارحیت کا بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا، پاک فضائیہ نے بھارت کے ایئر ڈیفنس سسٹم کو شدید نقصان پہنچایا، پاک فضائیہ نے دشمن کو دندان شکن شکست دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی دفاع میں پاک فضائیہ کا کردار تاریخی ہے، پاک فضائیہ اپنی فضائی سرحدوں کی محافظ ہے، پاکستان کے سائبر شاہینوں نے دشمن کی سائبر سکیورٹی کو تباہ کیا۔ ایئر چیف مارشل نے کہا کہ پاک فضائیہ نے دنیا کے جدید ترین لڑاکا طیاروں کو خاک میں ملادیا، دشمن کی تمام تنصیبات پاک فضائیہ کے نشانے پر تھیں، ایس 400 ایئر ڈیفنس سسٹم کو منٹوں میں تباہ کیا۔

بقیہ 17 افواج پاکستان

اور فیصلہ کن صلاحیت کا مشاہدہ کیا، دشمن کو آئندہ ہر مہم جوئی کا جواب اس سے بھی زیادہ سخت ہوگا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک افواج کے پیغام میں کہا گیا ہے کہ معرکہ حق نے قومی اعتماد کو نئی جدت دی، معرکہ حق نے پاک فضائیہ کی جدید جنگی تیاریوں کو دنیا پر ثابت کیا، پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجی اور صلاحیتوں کے ذریعے مستقبل کی فضائی قوت کے طور پر ابھر رہی ہے۔ مسلح افواج نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی جارحیت یا دشمن کے عزائم کا جواب پہلے سے زیادہ طاقت، درستگی اور عزم کے ساتھ دیا جائے گا، معرکہ حق میں دشمن نے پاکستان کی قوت، تیاری اور فیصلہ کن صلاحیت کا مشاہدہ کیا، آئندہ ہر مہم جوئی کا جواب اس سے بھی زیادہ سخت ہوگا۔

بقیہ 18 پی ٹی آئی

ملنے کی اجازت دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے معاملے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو اجلاس کسی صورت چلنے نہیں دیں گے۔ جمعرات کو ایوان بالا میں پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر علی ظفر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کل سے یہ خبر گردش کر رہی ہے کہ بشریٰ بی بی کو خفیہ انداز سے ہسپتال لے جایا گیا اور پھر اڈیالہ جیل منتقل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس خبر سے قوم تشویش کا شکار ہے۔

بقیہ 19 بیرونی قرضہ

اسٹیٹ بینک نے ملک کی معاشی صورت حال پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ ماہ 5 ارب ڈالر کی بیرونی ادائیگی کیا وجود زرمبادلہ ذخائر بہتر ہیں، رواں ماہ پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائیں گے، پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر ہر ہفتے بڑھ رہے ہیں، آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کو فنڈز آجائیں گے

بقیہ 20 دہشتگرد ہلاک

باشندوں سمیت 9 کو گرفتار کرلیا گیا۔ سینٹرل پولیس آفس کے مطابق مدرسہ حقانیہ دھماکا اور مولانا فضل الرحمان پر خودکش حملے کی منصوبہ بندی کی کیس میں پیش رفت ہوئی ہے جہاں کرک اور خیبر میں کارروائیوں کے دوران 21 دہشتگرد ہلاک ہوگئے اور 9 کو گرفتار کرلیا گیا جن میں افغان باشندے بھی شامل ہیں۔

بقیہ 21 رانا ثنا

جیل مینول کے مطابق علاوہ و معالجہ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ جمعرات کو سینیٹ اجلاس کے دوران پی ٹی آئی کے سینیٹر علی ظفر کو جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بشریٰ بی بی اور بانی چیئرمین پی ٹی آئی جوڈیشل قید میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ علی ظفر وکیل ہیں اور جانتے ہیں کہ ان تک رسائی عدالتوں کے ذریعے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فرینڈز آف کورٹ بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے رسائی دی گئی۔

بقیہ 22 سفارش

96 ایجنڈے شامل تھے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے آفیسرز کو مختلف گریڈ میں ترقی کی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں محکمہ زراعت، ایکسائز، کالجز، کلچر، صحت، کالجز، لائیو اسٹاک، سوشل ویلفیئر، سکولز، پی ایچ ای، سی اینڈ ڈبلیو، انرجی، فشریز و دیگر محکموں کے 1357 افسران کو گریڈ 1719،19،18 کو گریڈ 16 سے 17 اور 18 میں ترقی کی سفارش کی گئی۔

بقیہ 23 محسن نقوی

وہ دیگر ایجنسیاں نہیں کرسکتیں، جان چھڑوانے پر بھارت کو ڈونلڈ ٹرمپ کا شکر گزار ہونا چاہئے، پاکستان میں ہونیوالی دہشت گردی میں افغانستان ملوث ہوا تو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ معرکہ حق میں انٹیلی جنس اداروں نے ایڈوانس انفارمیشن فراہم کی جبکہ جنگ میں پہلی مرتبہ ڈرون کا استعمال ہوا انہوں نے کہا کہ ہمارے ڈرون کئی گھنٹوں تک دہلی میں گھومتے رہے جس سے وہاں خوف و ہراس پھیلا جبکہ ہمارے ڈرون ان کے وزیراعظم ہاؤس کے اوپر بھی گھوم رہے تھے۔

بقیہ 24 ٹیلیفونک رابطہ

کے لیے صبر تحمل کی تمنا کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے مولانا فضل الرحمان کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت شیخ ادریس کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے

بقیہ 25 عسکر خان

منعقد ہوا جس میں قلات، زیارت، چمن اور لورالائی کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ اضلاع کی کارکردگی، جاری حکومتی اقدامات کی تشہیر اور عوامی آگاہی مہمات کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز نے تمام ضلعی افسران سے انفرادی طور پر کارکردگی رپورٹس طلب کیں اور مختلف اضلاع میں حکومتی منصوبوں، ترقیاتی اقدامات اور عوامی فلاحی سرگرمیوں کی میڈیا کوریج پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر افسران سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی پی آر عسکر خان نے کہا کہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی اور انہیں بھرپور انداز میں سراہا جائے گا، جبکہ ناقص کارکردگی دکھانے والے افسران کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 26 وزیر اعلیٰ

کاکڑ اور سابق صوبائی وزیر خالد لانگو بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر غلام قادر میموریل ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبوں، وارڈز اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا، ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو ادارے میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، طبی آلات، افرادی قوت اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں صحت کے شعبے میں بہتری، جدید سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے عملی اور دیرپا اقدامات کر رہی ہے

بقیہ 27 سابق صدر

شفاف انٹرا پارٹی انتخابات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک انتخابی عمل کو شفاف، منصفانہ اور کرپشن سے پاک نہیں بنایا جاتا،

بقیہ 28 گرمی کی لہر

محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق، بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شدید گرم رہے گا۔

بقیہ 29 بلوچستان اسمبلی

کرنے کے لیے تہنیتی قرارداد پیش کی جائیگی۔ اجلاس میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی آرڈیننس 2026 کی معیاد میں 90 دن کی توسیع دینے کی آئینی قرارداد سمیت اپوزیشن ارکان کی جانب سے خواتین کی صحت اور حفظان صحت کی مصنوعات پر ٹیکسز اور ڈیوٹیز کو کم کرنے سے مولانا ہدایت الرحمن اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیمی وظائف، تربیتی پروگرام، روزگار اور پیشہ ورانہ مواقعوں میں شمولیت کے لیے اقدامات اٹھانے کی قراردادیں بھی پیش کریں گے

بقیہ 30 سپریم جوڈیشل

کرلیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس 14 مئی کو طلب کیا ہے۔ اجلاس میں ملک بھر کی ہائیکورٹ کے 21 ججز کیخلاف شکایات پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ 31 خراج تحسین

وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایوان میں پیش کی۔ جمعرات کو ایوان نے "معرکہ حق" اور "آپریشن بنیان مرصوص" کے دوران پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت حکمت عملی اور جرات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کارروائیوں کے ذریعے بھارت کے "آپریشن سندور" کو مؤثر انداز میں ناکام بنادیا گیا۔

بقیہ 32 بیٹا شہید

الحیہ کے چوتھے بیٹے ہیں جو اسرائیلی حملوں میں جان سے گئے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی حملے میں عزام الحیہ شہید ہوگئے، جبکہ فلسطینی اینٹی نارکوٹکس فورس کے سربراہ سمیت 5 فلسطینی شہید اور 17 زخمی ہوئے۔

بقیہ 33 ماہرین

ہلچل برپا ہے اور یہ دنیا کا نظام بری طرح مفلوج کر کے رکھ دیگی۔ ان خدشات کا اظہار ٹریول ماہرین نے اپنی ایک [illegible] میں کیا ہے۔

بقیہ 34 ظہور بلیدی

سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلباء وطالبات اور مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "معرکہ حق" قومی یکجہتی، شعور و آگاہی اور نوجوان نسل میں مثبت سوچ کو فروغ دینے کی ایک اہم کاوش ہے۔ اور جس طرح پاک افواج نے معرکہ حق میں ازلی دشمن ہندوستان کو عبرتناک شکست دے کر پوری دنیا میں اسکی اصل حقیقت آشکارا کردی اور بلوچستان کے محب وطن عوام اپنے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے جبکہ صوبہ بلوچستان کے نوجوان ملک وقوم کا روشن مستقبل ہیں۔

بقیہ 35 جھل مگسی

تین زخمی ہوگئے مرنے والوں میں ایک خاتون کم سن بچہ سمیت دیگر شامل زخمیوں میں سے سات کی حالت نازک لاڑکانہ ریفر۔ پولیس کے مطابق خضدار سے جھل مگسی آنے والی مسافر کوچ M8 شاہراہ ساوندی اور باریچہ کے درمیان ایریا میں تیز رفتار کے باعث بے قابو ہوکر ندی میں الٹ گئی جس کے نتیجے میں ایک خاتون کم سن بچے سمیت اٹھ افراد ہلاک ہوگئے جبکہ آٹھ افراد زخمی ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس تھانہ باریچہ ایس ایچ او اور ڈی ایچ او جھل مگسی کی گاڑی ایمبولینس کے ساتھ صحت کی ٹیموں کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے

بقیہ 36 پرچہ لیک

دوبارہ امتحان لینے کا اعلان کردیا ہے۔ کیمبرج کی جانب سے جاری میڈیا اسٹیٹمنٹ کے مطابق اے ایس لیول میتھمیٹکس کا پرچہ 9709/12، جو 29 اپریل 2026 کو ایڈمنسٹریٹیو زونز 3 اور 4 میں لیا گیا تھا، امتحان سے قبل مجاز طور پر شیئر کیا گیا۔

بقیہ 37 انکشاف

حکام نے بتایا کہ قانون کے مطابق ڈریپ صرف زندگی بچانے والی دواؤں کی قیمتوں کو ریگولیٹ کرسکتی ہے جبکہ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دواؤں کی قیمتوں کی بلا اضافے میں وزارت صحت کا کوئی کردار نہیں۔

بقیہ 38 نوٹس جاری

درخواست گزاروں کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار نمبر ایک ریلوے ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی جوائنٹ روڈ کوئٹہ کے چیئرمین جبکہ درخواست گزار نمبر دو سوسائٹی کے کابینہ رکن ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ بلوچستان ہائی کورٹ پہلے ہی 29 نومبر 2016 کو سی پی نمبر 824/2016 میں واضح احکامات جاری کرچکی ہے کہ انسکمب روڈ، زرغون روڈ، منشگی روڈ اور جوائنٹ روڈ سمیت نئی تعمیر شدہ سڑکوں پر مزید کمرشل سرگرمیوں اور دکانوں کی تعمیر پر مکمل پابندی ہوگی۔ وکیل کے مطابق عدالت نے اپنے سابقہ فیصلے میں ضلعی انتظامیہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور وفاقی وصوبائی اداروں کو ہدایت دی تھی کہ ان شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے۔ تاہم پاکستان ریلوے کے بعض حکام نے مبینہ طور پران احکامات کو نظرانداز کرتے ہوئے جوائنٹ روڈ کے اطراف دکانیں، پارکنگ ایریاز اور دیگر تجارتی تعمیرات قائم کرنے کی اجازت دی، جس سے شدید ٹریفک جام اور عوامی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ عدالت کو مزید بتایا گیا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کی ہدایت پر 28 اکتوبر 2024 کو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی سربراہی میں اجلاس منعقد ہوا تھا، جس میں واضح فیصلہ کیا گیا کہ نئی تعمیر شدہ اور وسیع کی گئی شاہراہوں پر ہر قسم کی نئی کمرشل سرگرمی پر پابندی ہوگی۔ اس فیصلے کے باوجود ریلوے حکام نے ضلعی انتظامیہ کے خطوط کا جواب دینے کے بجائے دوبارہ ایک اشتہار جاری کردیا، جس میں کوئٹہ جوائنٹ روڈ پر مکس یوز کمرشل منصوبوں، شاپنگ پلازہ، مارکیٹ، ہوٹل، ہسپتال، فوڈ آؤٹ لیٹس، کارپوریٹ دفاتر اور پیٹرولیم ڈیلرشپ سمیت مختلف تجارتی منصوبوں کے لیے بولیاں طلب کی گئیں۔ درخواست گزاروں کے وکیل نے موقف اپنایا کہ مذکورہ اشتہار عدالت عالیہ کے سابقہ احکامات اور ضلعی انتظامیہ کے نوٹیفکیشن کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ ریلوے حکام کو مزید تجارتی سرگرمیوں سے روکا جائے کیونکہ اس سے سڑکوں کی توسیع اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کا بنیادی مقصد متاثر ہوگا۔

بقیہ 39 سلیم احمد خان کھوسہ

شہداء اور غازیوں کی صورت میں عظیم سرمایہ پیش کیا جنہوں نے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ دیا انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنے شہداء اور غازیوں کو دل سے خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے وطن کی آن، شان اور پہچان کو ہمیشہ بلند رکھا ان کی قربانیاں ہماری آنے والی نسلوں کیلئے مشعل راہ ہیں اور قوم ہمیشہ ان کی احسان مند رہے گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی سلامتی استحکام اور ترقی کے لیے تمام ادارے اور قوم ایک پیج پر ہیں اور ہر قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 40 فرح عظیم شاہ

عظیم شاہ نے کہا کہ بلوچستان ٹیلنٹ ہنٹ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین موقع فراہم کرے گا اور صوبے کی ثقافتی شناخت کو اجاگر کرے گا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف لانے کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری زرین خان مگسی نے کہا کہ ان کی خصوصی سفارش پر بلوچستان بھر کی یونیورسٹیوں، کالجوں اور اسکولوں کے نوجوانوں کو اس پروگرام میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے تاکہ وہ اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کر سکیں۔ سیکرٹری ثقافت حمید اللہ ناصر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایونٹ نوجوانوں کو ایک مثبت اور تخلیقی پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ ثقافت تعلیمی اداروں کے ساتھ مل کر نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین نے بتایا کہ میوزک مقابلے کے ساتھ ساتھ 23 اور 24 مئی کو ثقافتی [illegible]، فلم اسکریننگ اور فوٹوگرافی نمائش بھی منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقابلے میں شرکت کے خواہشمند افراد 17 مئی 2026 تک اپنی رجسٹریشن مکمل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 41 شکیل قادر خان

زرعی شعبے کی ترقی، اریگیشن سسٹم کی جدید کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کی پروموشن، کچھی کینال پروجیکٹ، واشک ڈیم اور دیگر اہم امور پر تفصیلی بحث کی گئی۔ چیف سیکرٹری نے بتایا کہ بلوچستان جیسے خشک سالی زدہ علاقے میں زراعت اور پانی کے وسائل کی بہتری صوبے کی معاشی ترقی کی بنیاد ہے انہوں نے ایشین ڈویلپمنٹ بینک سے زرعی انفراسٹرکچر کی بحالی اور جدید ٹیکنالوجی کی متعارفہ کیلئے تکنیکی اور مالی تعاون کا مطالبہ کیا اریگیشن کے شعبے میں کچھی کینال پروجیکٹ پر خصوصی توجہ دی گئی جو صوبے کے کسانوں کیلئے زندگی بدلنے والا ثابت ہوسکتا ہے۔ اس پروجیکٹ کے فیز 2 سے لاکھوں ایکڑ زمین کی آبپاشی ممکن ہو جائے گی جس سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اسی طرح واشک ڈیم کی توسیعی منصوبوں پر بھی بات چیت ہوئی، جو سیلاب کے خطرات کو کم کرنے اور پانی کے ذخیرے میں اضافہ کرے گا جس سے متعلقہ اضلاع میں لوگوں کو پانی کی فراہمی ممکن ہو جائیگی آئی ٹی کے شعبے میں دونوں اطراف نے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ترقی اور نوجوانوں کیلئے ہنر سکھانے والے پروگراموں پر زور دیا۔ کنٹری ڈائریکٹر ایشین ڈویلپمنٹ بینک نے بلوچستان حکومت کی کاوشوں کی تعریف کی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت نے 2 لاکھ 80 ہزار بچوں کو سکولوں میں داخلہ کرایا جبکہ حکومت اڈلٹ لٹریسی پروگرام شروع کر رہی ہے اور صوبائی حکومت نے صوبے میں انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کے ذریعے لوگوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے جبکہ 27 ہزار ٹیوب ویلز کو سولر انرجی کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ کنٹری ڈائریکٹر نے اس موقع پر کہا کہ اس سلسلے میں بینک صوبے کی ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے حکام بالا سے بات کی جائے گی۔ یہ ملاقات بلوچستان کی ترقی کی راہ میں ایک مثبت قدم ہے جو بین الاقوامی شراکت داری کو مضبوط بنائے گی۔

بقیہ 42 مولانا حزب اللہ

کو نیلام کرکے جدوجہد پر پانی پھیر دی ایک مذہبی جماعت صرف مفاد پرستوں کی جماعت بن چکی ہے ایک مذہبی جماعت مخلص ورکروں کی کوئی حیثیت نہیں رہی جمعیت علماء اسلام نظریاتی عوام کی امیدوں کی آخری کرن بن چکی ہے جمعیت نظریاتی نے نظریاتی فکر سوچ، اور آزادی کا شعور اجاگر کرکے قوم کو بندوں کی غلامی سے نکالا سیاست میں اسلاف و اکابر کی شاندار روایات کا اہم حصہ ہے اور ان کا ورثہ بھی ہے جمعیت نظریاتی اصولی سیاست کی قائل ہے اکابرین دیوبند کے عظیم مشن کو موروثیت اور جاگیرداریت سے بچانے کیلئے جمعیت نظریاتی کی بنیاد ڈالی گئی کچھ عناصر بار بار اپنے ذاتی مفادات کیلئے جماعت کو نیلام کردیا۔ موروثی سیاست کرنے والوں کا کوئی نظریہ اور نہ کوئی دستور و منشور ہے بلکہ وہ جماعت پر اپنے ذات کے فیصلے مسلط کرتے ہیں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا ہدف اقتدار اور ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کیلئے ملک کی سیاست میں حصہ لے رہے ہیں

بقیہ 43 بنیان المرصوص

احمد لغاری، مجلس وحدت المسلمین کے رہنما علامہ مقصود ڈومکی، پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے شعبہ دعوت و اصلاح کے رہنما حافظ ادریس مغل، صوبائی صدر مجلس وحدت المسلمین سہیل اکبر شیرازی، جماعت اہلسنت کمیپر حبیب اللہ چشتی، تاجک قومی اتحاد کیسردار افضل ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری مرکزی مسلم لیگ ضلع کوئٹہ میر شاہجہان گرگناڑی، صدر ملی لیبر فیڈریشن میر شکر خان ریکسانی، سردار احمد بروزئی، ممتاز عالم دین سید ہاشم موسوی، مولانا سید محمد رضا اخلاقی، براہوئی قومی موومنٹ کے ذکر ابراہیم، بزنچ قومی اتحاد کے ملا عبید اللہ بزنچ، یوتھ اتحاد کے عبدالہادی کاکڑ، جماعت اہلحدیث بلوچستان کے سید عتیق شاہ، صدر مسلم یوتھ لیگ بلوچستان انجینئر طارق بلوچ اور دیگر نے جمعرات کو پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں آل پارٹیز معرکہ حق بنیان المرصوص کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کانفرنس میں مختلف سیاسی و قبائلی، مذہبی اور سماجی شخصیات سمیت مختلف اقوام کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے قومی یکجہتی، امن واستحکام اور ملکی دفاع کیلئے اتحاد و اتفاق کی اہمیت پر زور دیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ مقررین نے فتح مبین کے پہلے سال کے موقع پر افواج پاکستان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کی شاندار کامیابیوں پر پوری قوم کو فخر ہے اور ہم اپنی بہادر افواج کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ مقررین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور بلوچستان کے روشن مستقبل کیلئے تمام مکاتب فکر اپنا موثر کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 44 محمد عبدالقادر

صرف اعداد و شمار کے کھیل تک محدود نہیں بلکہ ایک ایسے بجٹ سے وابستہ ہیں جو حقیقی معنوں میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کرے حکومت کو بجٹ سازی میں اشرافیہ کی بجائے غریب اور پسماندہ طبقات کو ترجیح دینا ہوگی تنخواہ دار طبقہ پہلے ہی ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے جبکہ دیہی علاقوں میں غربت کی شرح میں خطرناک اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ صحت، تعلیم، روزگار اور سستے رہائشی منصوبوں کیلئے زیادہ فنڈز مختص کیے جائیں۔ اسی طرح یوٹیلٹی بلوں میں ریلیف اور زرعی شعبے کیلئے آسان قرضوں کی فراہمی بھی ناگزیر ہو چکی ہے۔ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں پر خصوصی توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 45 (NUTECH)

علاقوں میں بالخصوص بلوچستان، خصوصاً ضلع ژوب کے نوجوانوں اور طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنے، تعلیمی سہولیات میں بہتری لانے اور ممکنہ تعلیمی منصوبوں کے قیام جیسے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مذاکرات کے دوران دونوں جانب سے مثبت پیش رفت سامنے آئی اور مختلف تجاویز پر سنجیدگی سے غور کیا گیا۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے ژوب اور ملحقہ علاقوں کے نوجوانوں کے لئے تعلیمی مواقع میں اضافے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جو بلوچستان کے نوجوانوں کو ترقی، خودمختاری اور باوقار مستقبل کی طرف لے جاسکتی ہے۔ ہم اس بات کے پابند ہیں کہ ژوب سمیت پسماندہ علاقوں کے طلبہ کو وہی سہولیات فراہم کی جائیں جو بڑے شہروں میں دستیاب ہیں۔

بقیہ 46 عبدالرحمان رفیق

عبدالغنی شہزاد، رحیم الدین ایڈووکیٹ، عبدالصمد ہلیار، مولوی محمد عارف شمشیر، مولوی علی جان، مولوی سعداللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل، عبدالباری شہزاد، مولوی جمال الدین حقانی اور دیگر اراکین مجلس عاملہ نے جمعیت علماء اسلام کی اپیل پر ہونے والی کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال پر کونسل مختلف تاجر تنظیموں، آل بلوچستان پرائیویٹ ڈیلرز اینڈ بلڈرز ایسوسی ایشن، عام دکانداروں اور تمام باشعور غیور شہریوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے جمعیت علماء اسلام کے موقف کی بھرپور تائید کرتے ہوئے ہڑتال کو کامیاب بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ اس کامیابی میں عوام کی دینی حمیت، علماء کرام اور دینی مدارس سے وابستگی اور اجتماعی شعور نمایاں طور پر جھلکتا ہے جو اس جدوجہد کی حقانیت اور عوامی تائید کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 47 دھنیش کمار پلیانی

صلے میں پوشیدہ ہوتی ہے انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران پوری پاکستانی قوم نے جس جذبے یکجہتی اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ ہو کر وطن کے دفاع میں اپنا کردار ادا کیا وہ قومی اتحاد کی روشن مثال ہے سینیٹر دھنیش کمار پلیانی نے اپنے بیان میں شہداء، غازیوں اور پاک افواج کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے بہادر سپوتوں کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ملک کے وقار، سلامتی اور خودمختاری کا دفاع کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور ہمیشہ خطے میں امن استحکام اور باہمی احترام کا خواہاں رہا ہے تاہم اپنی خودمختاری قومی سلامتی اور دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت غیر معمولی بہادری اور بہترین حکمت عملی کے ذریعے نہ صرف دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا بلکہ پوری دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کردیا۔

بقیہ 48 مصطفیٰ کمال

کامیابی ملک کا مقدر بن سکتی ہے۔ وہ جمعرات کو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے فیصل مسجد کیمپس میں اقبال بین الاقوامی ادارہ برائے تحقیق و مکالمہ کے زیر اہتمام "معرکہ حق" کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ سیمینار کا آغاز پرچم کشائی کی تقریب سے ہوا۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بھارتی یلغار کے جواب میں پوری قوم متحد ہو کر سامنے آئی اور مذہبی، فرقہ وارانہ اور علاقائی تقسیم پس منظر میں چلی گئی۔

بقیہ 49 ساحلی شہر

چکا ہے۔ لاپتہ ہونے والوں میں تین خواتین، دو بچے (ایک شیر خوار) اور تین مرد شامل ہیں اطلاعات کا کہنا ہے کہ دشوار گزار راستوں اور پہاڑی علاقوں میں موبائل سگنلز کی عدم دستیابی کی وجہ سے تلاش میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ گاڑی کو کسی حادثے یا فنی خرابی کا سامنا کرنا پڑا ہے متاثرہ خاندانوں نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے اپیل کی ہے کہ خواتین اور بچوں کی موجودگی کے پیش نظر ہنگامی بنیادوں پر ریسکیو آپریشن شروع کر کے لاپتہ افراد کی بحفاظت واپسی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 50 حکومتی سہولت

پر ایک کیو آر کوڈ دیا جا رہا ہے، جسے اسکین کر کے صارفین کو ایک لنک پر رجسٹریشن کرنا ہوگی۔ یہ رجسٹریشن محض اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ہے تاکہ غریب اور بجلی کم استعمال کرنے والے خاندانوں کو ریلیف ملتا رہے۔ واضح رہے کہ اس کا مطلب کسی بھی طرح سبسڈی ختم کرنا نہیں ہے۔ حکومت کا موقف ہے کہ غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف دینا اولین ترجیح ہے اور اس عمل کا مقصد فقط وسائل کا صحیح اور منصفانہ استعمال ہے تاکہ ٹیکس دہندگان کے پیسے ضائع ہونے سے بچ سکیں۔

بقیہ 51 وزیر ریلوے

ممالک کے عوام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور ایران کے درمیان ریلوے روابط کو مزید فعال بنانے کے امور زیر غور آئے، خصوصاً تفتان۔ زاہدان ریلوے روٹ اور اسلام آباد۔ تہران۔ استنبول (ITI) فریٹ ٹرین منصوبے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ علاقائی تجارت اور روابط کے فروغ کے لیے ریلوے تعاون کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر کوئٹہ۔ تفتان ریلوے سیکشن کی مرمت اور بحالی سے متعلق جاری اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ ریلوے آپریشنز کے تسلسل اور مؤثر فعالیت کے لیے سیکورٹی اقدامات اور انفراسٹرکچر کی بہتری ناگزیر ہے۔

بقیہ 52 بخت محمد کاکڑ

جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا، اس نے دنیا بھر میں ملک کا وقار بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کو واضح پیغام مل چکا ہے کہ پاکستانی قوم اور افواج اپنی سرزمین کے دفاع کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ موجودہ دور میں صرف سرحدوں پر جنگ نہیں لڑی جاتی بلکہ اطلاعات، میڈیا اور بیانیے کی جنگ بھی اہم حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں نے سوشل میڈیا سمیت ہر پلیٹ فارم پر قومی بیانیے کو موثر انداز میں اجاگر کیا، جو قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ وطن کے دفاع اور استحکام کیلئے صف اول میں رہے ہیں۔ صوبے کے نوجوانوں میں حب الوطنی کا جذبہ قابل فخر ہے اور یہی جذبہ پاکستان کی اصل طاقت ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صحت، تعلیم اور دیگر شعبوں میں ترقی کے ساتھ ساتھ قومی یکجہتی کو فروغ دینا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو متحد ہوکر ہر قسم کے بیرونی اور اندرونی چیلنجز کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے پاک فوج، سیکیورٹی اداروں اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیوں کی بدولت ملک میں امن اور استحکام قائم ہے۔

بقیہ 53 تاریخی پیش رفت

قائم مقام ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری تعینات کردیا گیا ہے، جسے ادارے میں خواتین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر اعتماد کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق، شہلا قریشی کی تعیناتی بلوچستان کے قانون نافذ کرنے والے اداروں میں خواتین کے بڑھتے ہوئے کلیدی کردار کی عکاسی کرتی ہے۔ بلوچستان کانسٹیبلری صوبے میں امن وامان، حساس مقامات کی سیکیورٹی اور ہنگامی حالات میں معاونت جیسے اہم امور انجام دیتی ہے، جہاں شہلا قریشی اب انتظامی اور آپریشنل نگرانی میں اپنا کردار ادا کریں گی۔ سیکیورٹی اور عوامی حلقوں نے اس تقرری کو خواتین کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک مثبت قدم قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اس سے دیگر خواتین افسران کو بھی اعلیٰ عہدوں پر کام کرنے کا حوصلہ ملے گا۔

بقیہ 54 پشتونخوا میپ

سلسلے میں کوئٹہ کے لیاقت پارک میں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا، جس سے پارٹی کے چیئرمین ورکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ سمیت پارٹی کے مرکزی وصوبائی قائدین خطاب کریں گے۔ جلسے میں مرحوم رہنما، عبدالرحیم خان مندوخیل کے قومی سیاسی افکار، نظریات، جدوجہد اور تعلیمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا اور ان کے متعین کردہ قومی اہداف کے حصول کے عزم کا اعادہ کیا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ارواح شاد عبدالرحیم خان مندوخیل طالب علمی کے زمانے ہی سے پشتون افغان [illegible]

بقیہ 55 فیصل خان جمالی

[illegible]

بقیہ 56 محمد خان لہڑی

[illegible]

بقیہ 57 [illegible]

[illegible]

بقیہ 58 لشکری خان رئیسانی

[illegible]

جنگی بنیادوں پر قانون سازی کی جارہی ہے، وقت کا تقاضا ہے کہ اس سرزمین کے لوگ ذاتی مفاد کو قومی مفاد کیلئے قربان کرکے اجتماعی قومی ہدف کی طرف بڑھیں، انہوں نے کہا کہ صوبے میں حقیقی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لئے نئے مسائل پیدا کیے جا رہے ہیں، جس سے صورتحال مزید پیچیدہ ہورہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات کو مزید خراب کرنے کی بجائے آئین پر عملدرآمد کرکے سیاسی مکالمہ سے عوام کا اعتماد بحال کیا جائے، انہوں نے وفد کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی، قبل ازیں وفد نے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کو صوبائی کابینہ سے پرنٹ میڈیا سے متعلق حالیہ فیصلوں سے متعلق تحفظات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ایسے اقدامات کئے جارہے ہیں جن کی مثال کسی دوسرے صوبے میں نہیں ملتی، وفد نے خدشہ ظاہر کیا کہ ان فیصلوں کے نتیجے میں اخبارات و جرائد بند جبکہ لوگ بے روزگار ہوں گے۔

بقیہ 59 میٹرک سالانہ امتحان

کی جن میں سے 50401 کامیاب ہوئے جبکہ کامیابی کا تناسب 73.55 فیصد رہا۔ اسی طرح جماعت دہم میں 77250 امیدوار شریک ہوئے جن میں سے 69002 طلبہ کامیاب قرار پائے اور کامیابی کا تناسب 89.32 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ بورڈ حکام کے مطابق امتحانات کے انعقاد کیلئے صوبے بھر میں 210 امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے جبکہ نگرانی کیلئے 434 انسپکشن ٹیمیں تشکیل دی گئیں امتحانی عمل میں 1236 تدریسی وانتظامی عملے نے خدمات انجام دیں اور 130 امتحانی مراکز کو انتہائی حساس قرار دیا گیا تھا نتائج کے مطابق پی آر سی لورالائی کے طالبعلم امیر اللہ ولد شریف اللہ نے 1051 نمبر حاصل کرکے پہلی پوزیشن اپنے نام کی، جبکہ بی آر سی ژوب کے طالبعلم مطیع اللہ ولد فتح علی نے 1050 نمبر حاصل کرکے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ تیسری پوزیشن بی آر سی لورالائی کے دو طلبہ، نبی خان ولد غفور اور محمد ارحم ولد محمد رمضان نے مشترکہ طور پر حاصل کی جنہوں نے 1046 نمبر حاصل کیے چیئرمین بورڈ نے کامیاب طلبہ، والدین اور اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے جائیں گے انہوں نے امتحانات کے شفاف انعقاد پر انتظامیہ، ضلعی حکام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون کو بھی سراہا بورڈ انتظامیہ نے بتایا کہ طلبہ اپنے نتائج، ری چیکنگ اور دیگر معلومات کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ www.bbise.edu.pk کا وزٹ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 60 محسن نقوی

انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا عازمین حج نے وزیر داخلہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس بار پراسیس انتہائی آسان کسی قسم کی دقت پیش نہیں آئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مسافروں سے امیگریشن اور دیگر سہولتوں سے متعلق دریافت کیا۔ مسافروں نے بتایا کہ امیگریشن میں چند منٹ لگے اور یہ پورا عمل نہایت آسان تھا۔ بین الاقوامی آمد پر تمام امیگریشن کاؤنٹرز فعال تھے اور بروقت امیگریشن کی سہولت فراہم کی گئی۔ وزیر داخلہ نے جوائنٹ سرچ چیک پوسٹ کا بھی جائزہ لیا اور سرچ سسٹم کو مزید موثر اور تیز تر بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے سیکیورٹی نظام کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے ایئرپورٹ پر مسافروں کی سہولت اور سیکیورٹی کو بیک وقت یقینی بنانے پر زور دیا اور تمام متعلقہ اداروں کو ہم آہنگی کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مسافروں کو بلا تاخیر سہولتیں فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور، ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون شہزاد بخاری اور دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 61 مولانا حافظ حمد اللہ

[illegible]

بقیہ 62 عمران شوکت

[illegible]

بقیہ 63 ہدایت الرحمان بلوچ

[illegible]

شاہراہوں پر غیر کمرشل سرگرمیاں اور تعمیرات، وفاقی و صوبائی حکام کو نوٹس جاری

آئندہ سماعت تک متعلقہ مقامات پر کسی قسم کی نئی تجارتی سرگرمی کی اجازت نہیں، بلوچستان ہائیکورٹ کا حکم

جوائنٹ روڈ پر تجارتی منصوبوں کیلئے بولیاں طلب کرنا عدالتی احکامات کی خلاف ورزی ہے، درخواست گزار

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جمعیت کے مرکزی رہنما حافظ حمد اللہ دارالقرآن اسلامیہ میں دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

"معرکہ حق" پاکستان کی تاریخ کا فیصلہ کن لمحہ تھا، سلیم کھوسہ

جنرل عاصم منیر کی دلیرانہ قیادت نے دشمن کے تکبر اور غرور کو خاک میں ملا دیا

یہ کامیابی محض عسکری فتح نہیں پوری قوم کے اتحاد، عزم اور قربانیوں کا نتیجہ ہے، صوبائی وزیر

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ "معرکہ حق" پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہری اور فیصلہ کن لمحہ تھا جب جنرل عاصم منیر کی دلیرانہ قیادت نے دشمن کے تکبر اور غرور کو خاک میں ملا دیا انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی محض ایک عسکری فتح نہیں بلکہ پوری قوم کے اتحاد، عزم اور قربانیوں کا نتیجہ ہے جس نے دنیا پر یہ واضح کر دیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور دفاع کے معاملے میں کسی بھی قسم کی کمزوری قبول نہیں کرتا میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ پاک افواج نے بے مثال جرات پیشہ ورانہ مہارت اور قربانی کی اعلیٰ مثال قائم کی جبکہ قوم نے بھی اپنے .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیلنٹ ہنٹ صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کریگا، فرح عظیم شاہ

یونیورسٹیز، کالجز و اسکولوں کے نوجوانوں کو پروگرام میں شرکت کی دعوت دیدی، زرین خان مگسی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور خصوصی ہدایات کے مطابق محکمہ ثقافت حکومت بلوچستان، اور ایمان پاکستان کے اشتراک سے "ایمان پاکستان حق میلہ۔ بلوچستان ٹیلنٹ ہنٹ (میوزک کمپٹیشن)" کے انعقاد کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یہ اہم ایونٹ 19 مئی سے 24 مئی 2026 تک نوری نصیر خان کلچرل کمپلیکس، اسپنی روڈ، کوئٹہ میں منعقد ہوگا۔ رکن صوبائی اسمبلی محترمہ فرح عظیم شاہ نے ڈائریکٹوریٹ آف کلچر کا دورہ کیا اور ایونٹ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین بھی موجود تھے۔ فرح .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ، ڈی جی ٹوریزم داؤد خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

زراعت و پانی کے وسائل کی بہتری معاشی ترقی کی بنیاد ہے، چیف سیکرٹری

کچھی کینال پروجیکٹ فیز 2 منصوبہ سے لاکھوں ایکڑ زمین کی آبپاشی ممکن اور فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا، شکیل قادر خان

واشک ڈیم توسیعی منصوبہ سے سیلاب کے خطرات کم اور پانی کے ذخیرے میں اضافے کے ساتھ لوگوں کو فراہمی ممکن ہو جائیگی

حکومت انٹرپرائز ڈویلپمنٹ کے ذریعے لوگوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے، ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر سے ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک (ADB) کے کنٹری ڈائریکٹر fanEmmaXiaoqin نے ملاقات کی جس میں صوبے میں زراعت، اریگیشن، آئی ٹی، سکولز، کچھی کینال سمیت ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا یہ ملاقات بلوچستان کی معاشی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے ملاقات میں........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام معرکہ حق کے حوالے سے صوبائی صدر عقیل احمد لغاری و دیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

خضدار، زیدی حادثے میں زخمی نوجوان چل بسا

خضدار (آن لائن) گزشتہ روز زیدی کے مقام پر روڈ حادثہ میں غلام رسول دہوار کا جواں سال بیٹا مزمل احمد شدید زخمی ہوا تھا، جسے خضدار میں ابتدائی طبی امداد کے بعد کراچی لے جایا گیا، جہاں دوران علاج وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے، جس کی تدفین سینٹرل جیل "سات مرلہ اسکیم قبرستان" میں ہوئی تعزیت کا سلسلہ "لطیف آباد" میں جاری ہے۔

موروثی سیاست کرنیوالوں کا نظریہ ہی کوئی منشور ہے، جمعیت نظریاتی

جمعیت نظریاتی کا ہدف اقتدار اور ذاتی مفادات نہیں، عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی ہمارا مشن ہے، مولانا عبدالقادر لونی

مذہبی سوداگروں نے 26 ویں آئینی ترمیم میں حکومت کا ساتھ دیا جس کے نتائج آج اہل مدارس بھگت رہے ہیں، مولانا قاری مہر اللہ

جمعیت نظریاتی عوام کی خدمت میں کوشاں ہے، مولانا حزب اللہ کی جماعت میں شمولیت کے موقع پر رہنماؤں کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) مولانا حزب اللہ جمعیت (ف) سے مستعفی ہوکر جمعیت نظریاتی میں شمولیت کا اعلان کیا جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی کنوینر مولانا قاری مہر اللہ سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی و دیگر مولانا حزب اللہ کی شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا حزب اللہ نے کہا کہ ایک مذہبی جماعت نے اکابرین کے مشن .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 4 روپے سے زائد اضافے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں مہنگائی سے پریشان عوام کیلئے بری خبر، حکومت کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافے کا امکان ہے۔

قوم ملکی سلامتی کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے، مذہبی و سیاسی رہنماء

بلوچستان کے عوام ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، علامہ مقصود ڈومکی، عقیل احمد لغاری و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے مذہبی اور سیاسی رہنماؤں نے کہا ہے کہ بنیان المرصوص اس بات کی علامت ہے کہ پوری پاکستانی قوم وطن عزیز کے دفاع، سلامتی اور استحکام کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں اور ملکی دفاع کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں یہ بات پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صدر عقیل........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

قیمتوں میں اضافے نے غریب طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی، محمد عبدالقادر

حکومت کو بجٹ سازی میں غریب و پسماندہ طبقات کو ترجیح دینا ہوگی، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری ایسے وقت میں کی جا رہی ہے جب ملک کی بڑی آبادی شدید معاشی دباؤ، مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کر رہی ہے گزشتہ چند برسوں میں اشیائے خوردونوش، بجلی، گیس اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے متوسط اور غریب طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے ایسے حالات میں عوامی توقعات........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر بلال مندوخیل کی (این یو ٹی ای سی ایچ) کے ریکٹر و رجسٹرار سے ملاقات

ملاقات میں بلوچستان، خصوصاً ضلع ژوب کے طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ممبر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اور سینیٹر پاکستانی و کامرس کمیٹی، سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) اسلام آباد کے ریکٹر اور رجسٹرار سے متعدد اہم ملاقاتیں کیں، جو گزشتہ کئی ماہ سے مختلف نشستوں کی صورت میں جاری رہیں۔ ان .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کامیاب ہڑتال دین دوستی کی روشن مثال ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

کامیاب ہڑتال سے عوام کی دینی حمیت، علماء سے وابستگی نمایاں جھلکتا ہے، رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، شیخ مولانا عبدالاحد، مولانا حفیظ اللہ، مولانا عبدالبصیر، سید عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی صالح محمد، سیکرٹری اطلاعات........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا دیا، دنیش کمار پلیانی

قوموں کی اصل طاقت ایمان اتحاد اور حوصلے میں پوشیدہ ہے، سینیٹر

نصیر آباد (نامہ نگار) سینیٹر دنیش کمار پلیانی نے کہا ہے کہ آج معرکہ حق کو ایک سال مکمل ہو چکا انہوں نے اسے پاکستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور یادگار لمحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہی وہ وقت تھا جب پاکستان نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کے غرور کو خاک میں ملا کر دنیا پر واضح کر دیا کہ قوموں کی اصل طاقت صرف وسائل میں نہیں بلکہ ایمان اتحاد اور حو........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

"معرکہ حق" اللہ تعالیٰ کا انعام ہے، سید مصطفیٰ کمال

جو قوم موت سے نہیں ڈرتی اسے شکست نہیں دی جا سکتی، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ "معرکہ حق" اللہ تعالیٰ کا انعام ہے، جو قوم موت سے نہیں ڈرتی اسے شکست نہیں دی جا سکتی، قومی اتحاد ہی پاکستان کی اصل طاقت ہے اور اگر یہی فضا مستقل بنیادوں پر قائم رہی تو ترقی اور........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

اظہار تشکر

منجانب: ملک ہاشم محمد کاکڑ ضلعی سیکرٹری اطلاعات جمعیت علماء اسلام ضلع پشین، کلیم اللہ کاکڑ ناظم عمومی برشور، عطاء اللہ کاکڑ، عظمت اللہ کاکڑ

پنجپائی، پک اپ گاڑی 8 مسافروں سمیت پراسرار طور پر لاپتہ

لاپتہ افراد پاک عمان ہسپتال پنجپائی سے واپس اپنے علاقے شادی کو روانہ ہوئے تھے

مسافروں سمیت پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی ہے، جس کے باعث متاثرہ خاندانوں میں شدید تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ تمام افراد دو ... ہوئے تھے، تاہم مقررہ وقت گزر جانے کے باوجود وہ منزل تک نہیں پہنچ سکے اور ان سے رابطہ مکمل طور پر منقطع ہو........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ تفتان شاہراہ پر ٹریفک حادثہ، ٹرالر ڈرائیور جاں بحق

تراسی لانڈی کے قریب ٹریفک حادثے میں ٹرالر ڈرائیور جاں بحق ہوگیا۔ ایس ایچ او غلام دستگیر بڑیچ کے مطابق تفتان سے کوئٹہ جانے والا ایک ٹرالر تراسی لانڈی کے مقام پر سڑک کنارے پڑی بجری کے ڈھیر سے ٹکرا کر الٹ گیا، جس کے نتیجے میں ٹرالر ڈرائیور عیسیٰ خان ولد محمد عظیم، سکنہ کوئٹہ، موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او غلام دستگیر بڑیچ اپنی ٹیم کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور ضروری کارروائی کے بعد نعش کو کوئٹہ روانہ کر دیا گیا۔ حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہے۔

حکومتی سبسڈی بجلی صارفین تک پہنچانے کیلئے اہم قدم

بجلی بل میں واضح بتایا جائے گا صارفین کو کتنی رقم کی سبسڈی فراہم کی گئی ہے، حکام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے صارفین کی سہولت اور حکومتی سبسڈی کے شفاف طریقے سے صارفین تک پہنچانے کیلئے ایک اہم اقدام اٹھایا ہے اب ان صارفین کے ماہانہ بلوں پر جنہیں حکومت کی طرف سے سبسڈی دی جا رہی ہے، واضح طور پر یہ بتایا جائے گا کہ انہیں اس مہینے میں کتنی رقم کی سبسڈی فراہم کی گئی ہے وزارت توانائی کے مطابق یہ قدم اس لئے اٹھایا گیا ہے تاکہ یہ سبسڈی اہل اور مستحق صارفین تک پہنچتی رہے بجلی کے بل........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

میٹرک کے سالانہ نتائج کا اعلان، پہلی پوزیشن بی آر سی لورالائی کے نام

امتحان میں مجموعی طور پر 145767 طلبہ شریک ہوئے جن میں سے 119403 امیدوار کامیاب قرار پائے، تناسب 81.91 فیصد رہا

امیر اللہ نے 1105 نمبر حاصل کر کے پہلی، بی آر سی ژوب کے طالبعلم مطیع اللہ نے 1050 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی

بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود، تعلیمی معیار مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھیں گے، چیئرمین بورڈ

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: مشیر کھیل و امور نوجوانان مینا مجید سے وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

دو روزہ ٹورازم پالیسی سازی کانفرنس 9 اور 10 مئی کو ہوگی، محکمہ سیاحت

کوئٹہ (خ ن) محکمہ سیاحت حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام "بلوچستان کے لیے دو روزہ ٹورازم پالیسی سازی کانفرنس" 9 اور 10 مئی 2026 کو مقامی ہوٹل کوئٹہ کے قلعہ سیف اللہ ہال میں منعقد ہوگی۔ اس کانفرنس کا انعقاد پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت بلوچستان نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور صوبائی سیکرٹری کلچر و سیاحت حمید اللہ ناصر کی خصوصی کاوشوں سے منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد بلوچستان میں سیاحت کے فروغ اور مستقبل کے لائحہ عمل کو موثر انداز میں مرتب کرنا ہے۔ اس دو روزہ کانفرنس میں ماہرین سیاحت، سرکاری حکام، نجی شعبے کے نمائندگان، ماہرین آثار قدیمہ، ٹور آپریٹرز، تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کے نمائندگان شرکت کریں گے۔

سیکیورٹی کے نظام کو اپ گریڈ کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر داخلہ

مسافروں کو بلاتاخیر سفری سہولتیں فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، محسن نقوی

وزیر داخلہ کا "روڈ ٹو مکہ" کے تحت اسلام آباد ایئرپورٹ کا دورہ، قائم کاؤنٹرز کا معائنہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد ایئرپورٹ کا اچانک دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے عازمین حج اور دیگر مسافروں کی امیگریشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے "روڈ ٹو مکہ" کے تحت ایئرپورٹ پر پاکستانی مسافروں کی سعودی امیگریشن کیلئے قائم کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور عملے سے ملے۔ روڈ ٹو مکہ کے تحت عازمین حج کو پاکستان کے ایئرپورٹ پر ہی سعودی امیگریشن کی تیز رفتار سہولت فراہم کی جا رہی ہے عازمین حج نے روڈ ٹو مکہ پروگرام کے تحت اسلام آباد ایئرپورٹ پر سعودی امیگریشن کی سہولت کے بہترین .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کچلاک، مسلح افراد چوکیدار کو باندھ کر دکان سے اسلحہ، نقدی اور دیگر سامان لوٹ کر فرار

کچلاک (آئی این پی) کچلاک میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، مین چوک میں واقع مارکیٹ میں مسلح افراد گن پوائنٹ پر چوکیدار کو باندھ کر اسلحے کی دکان سے درجنوں پسٹل، ہزاروں راؤنڈز اور لاکھوں روپے نقدی لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق کچلاک مین چوک میں واقع کاروباری مراکز پلازہ میں گزشتہ رات 4 نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر پلازہ کی دیوار پھلانگ کر اسلحے کے زور پر چوکیدار کے ہاتھ پاؤں باندھ کر مارکیٹ میں واقع صدیق خان کاکڑ آرمز کی دکان کے تالے توڑ کر دکان سے 65 عدد پسٹل، تقریباً 11 سو زندہ کارتوس اور دکان میں پڑی تقریباً چار لاکھ پچانوے ہزار روپے لے اڑے

پاکستان میں قاتل کے سوا سب کچھ غیر محفوظ ہو چکا، حافظ حمد اللہ

مولانا محمد ادریس کی شہادت ریاستی ناکامیوں کے تسلسل کی ایک اور کڑی ہے، رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما و محافظ ختم نبوت مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں قاتل کے سوا سب کچھ غیر محفوظ ہو چکا ہے جبکہ شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس کی شہادت ریاستی ناکامیوں کے تسلسل کی ایک اور کڑی ہے، وہ کوئٹہ کے علاقے کوتوال نواں کلی میں دارالقرآن اسلامیہ کلی خانان کوتوال کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام نے ہمیشہ وطن عزیز کے استحکام اور بقاء کیلئے اپنی جانوں کی قربانیاں دی ہیں مگر اس کے باوجود حالات میں بہتری نظر نہیں آ رہی حافظ حمد اللہ نے خیبر پختونخوا اور وفاقی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ دونوں حکومتوں........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے رکن اسمبلی سلمیٰ کاکڑ ملاقات کر رہی ہیں

کوئٹہ کے سول اسپتال کے ٹراما سنٹر سے قیدی پولیس کو چکما دیکر فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے سول اسپتال کے ٹراما سنٹر سے قیدی پولیس کو چکما دیکر فرار ہوگیا، چوری کے الزام میں گرفتار احسان اللہ کو قلعہ عبداللہ پولیس علاج کیلئے کوئٹہ کے ٹراما سنٹر لائی تھی۔ پولیس حکام کے مطابق احسان اللہ کو قلعہ عبداللہ پولیس نے چوری کے الزام میں گرفتار کیا تھا، زخمی ہونے کی وجہ سے قلعہ عبداللہ پولیس احسان اللہ کو علاج کیلئے کوئٹہ کے ٹراما سنٹر لائی تھی، تاہم ٹراما سنٹر میں احسان اللہ قلعہ عبداللہ پولیس کو چکما دے کر فرار ہوگیا۔

پاکستان اور ایران کا کوئٹہ تفتان ریلوے ٹریک کی بحالی کے اقدامات کا جائزہ

وفاقی وزیر ریلوے کی ایرانی سفیر سے ملاقات، خطے، بالخصوص مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال

تفتان، زاہدان ریلوے روٹ اور اسلام آباد، تہران، استنبول (ITI) فریٹ ٹرین منصوبے پر تفصیلی گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے آج پاکستان میں تعینات ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعلقات، ریلوے تعاون اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ اپنے تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو نہایت اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعلقات دونوں........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے رکن صوبائی اسمبلی بی بی سلمیٰ کاکڑ کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے عوامی نیشنل پارٹی کی رکن صوبائی اسمبلی بی بی سلمیٰ کاکڑ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال، بلوچستان کے ترقیاتی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے بلوچستان کی سیاست میں خواتین کے فعال کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کی سیاسی و سماجی شعبوں میں شمولیت معاشرے کی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے

مسلح افواج نے دشمن کو شکست دیکر قوم کا سر فخر سے بلند کیا، بخت کاکڑ

قومی سلامتی کیلئے پاک افواج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، صوبائی وزیر صحت

افواج پاکستان و قوم اپنی سرزمین کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت چوکس و ہر قربانی کیلئے تیار ہیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنا کر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے ملکی دفاع، خودمختاری اور قومی سلامتی کیلئے پاک افواج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور قوم اپنے محافظوں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے یہ بات انہوں نے معرکہ حق کے حوالے سے بیان جاری کرتے ہوئے کہی بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ حالیہ معرکے میں پاکستان نے جس حکمت عملی،........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خاتون افسر کو بی سی کی کمان سونپ دی گئی

گریڈ 19 کی پی ایس پی افسر شہلا قریشی قائم مقام ڈپٹی کمانڈنٹ بی سی تعینات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے سیکیورٹی اور پولیسنگ کے شعبے میں ایک تاریخی پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پہلی مرتبہ بلوچستان کانسٹیبلری (بی سی) کی تاریخ میں کسی خاتون افسر کو سیکنڈ ان کمانڈ (2IC) کی اہم ذمہ داری سونپ دی گئی ہے۔ پاکستان پولیس سروس (پی ایس پی) گروپ کی گریڈ 19 کی تجربہ کار افسر محترمہ شہلا قریشی کو .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

عبدالرحیم مندوخیل کی برسی عقیدت، احترام کیساتھ منائی جائے گی، پشتونخوا نیپ

کوئٹہ میں پارٹی کے زیر اہتمام عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا، مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین، پشتون قومی سیاسی تحریک کے عظیم رہنما، ممتاز پارلیمنٹیرین، نامور مورخ اور مدبر سیاستدان ارواح شاد عبدالرحیم خان مندوخیل کی 9 ویں برسی نہایت عقیدت، احترام اور قومی جذبے کے ساتھ منائی جائے گی۔ اس .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

"معرکہ حق" میں پاکستان نے ہر محاذ پر دشمن کو شکست دی، فیصل جمالی

وطن عزیز نے اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور لازوال قربانیوں کے ذریعے دشمن کو واضح پیغام دیا

پوری قوم اپنے محافظوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستہ محمد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاکستان نے دشمن کے ناپاک عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنا کر اپنی دفاعی طاقت، قومی وقار اور عسکری برتری کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے بے مثال جرات اعلیٰ پیشہ ورانہ .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مسلح افواج نے جرات کی لازوال تاریخ رقم کی، محمد خان لہڑی

پاک افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا کر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، عبدالغفور لہڑی

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی میر محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں پاک افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا کر پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے ہر محاذ پر پیشہ ورانہ صلاحیتوں جرات اور قربانیوں کی لازوال تاریخ رقم کی ہے جس پر پوری .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

تنظیمی عمل کو مزید وسعت دینا قومی بقاء کی ضرورت ہے، پشتونخوا میپ

سانحہ 12 مئی کے شہداء کی یاد میں تعزیتی سیمینار صوبائی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا

کراچی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سندھ کا اہم اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر سلیم خان ترین منعقد ہوا اجلاس میں کراچی سمیت پورے سندھ میں تنظیمی ڈھانچے اور صوبائی پارٹی کی ذمہ داریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ تنظیمی عمل کو مزید وسعت دینا قومی بقاء کی ضرورت ہے کراچی سمیت سندھ بھر کے عوام کے مسائل کا .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے نئے ایشوز ایجاد کئے جا رہے ہیں، لشکری رئیسانی

آئین پر عملدرآمد، سیاسی مکالمہ سے عوام کا اعتماد بحال کیا جائے، سینئر سیاستدان

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حقیقی مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے نئے ایشوز ایجاد کئے جا رہے ہیں، صوبے میں آئین پر عملدرآمد کر کے سیاسی مکالمہ سے عوام کا اعتماد بحال کیا جائے، یہ بات انہوں نے بلوچستان پرنٹ میڈیا کے چیئرمین سید انور شاہ کی قیادت میں ڈاکٹر ناشناس .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹریٹ کرائم پر قابو پانے کیلئے اسپیشل فورس کا قیام عمل میں لائینگے، ڈی آئی جی پولیس

محکمے میں خود احتسابی کا نظام موجود، عوامی شکایات پر اینگل اسکواڈ کیخلاف کارروائی عمل میں لائی گئی، لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت

کوئی بھی اہلکار یا شخص بالاتر نہیں ہم سب کو قانون کی پاسداری کرنی چاہئے، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں پر قابو پانے کیلئے اسپیشلائز فورس کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے گزشتہ ایک ماہ کے دوران کوئٹہ میں 23 افراد قتل ہوئے جن میں 21 افراد کا قتل ذاتی نوعیت یا لڑائی جھگڑوں کا تھا پولیس میں خود احتسابی کا نظام موجود ہے عوامی شکایات پر اینگل اسکواڈ اور پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی کیونکہ پولیس کا کام عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے میری کوئٹہ کے شہریوں سے درخواست ہے کہ وہ پولیس کے چیکنگ .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: شاعر و نعت خواں مولانا حزب اللہ کی ساتھیوں سمیت جمعیت نظریاتی میں شمولیت کے موقع پر مولانا قادر لونی، قاری مہر اللہ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

معرکہ حق میں کامیابی اللہ پر توکل کا نتیجہ ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں کامیابی اللہ پر توکل، قومی اتحاد اور قیادت پر یقین کا نتیجہ ہے۔ معرکہ حق کا ایک سال مکمل ہونے پر پیغام میں کہا ہے کہ ایک بیان میں طلال چوہدری نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا، معرکہ حق کی کامیابی سب کی کامیابی ہے۔

روزگار و تجارت کی بحالی کیلئے بارڈرز کی فعالیت ناگزیر ہے، مولانا ہدایت الرحمن

حافظ نعیم الرحمان کے دورہ بلوچستان کو عوامی، تنظیمی اور دعوتی انداز میں کامیاب بنایا جائے گا، امیر جماعت اسلامی

امیر جماعت اسلامی پاکستان 22 مئی کو کوئٹہ میں جماعت اسلامی مجلس مشاورت سے خطاب کریں گے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی صوبے کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل، حقوق کے حصول اور ظلم و زیادتی کے خلاف ہر سطح پر جدوجہد جاری ہے اہل بلوچستان کی محرومیوں کا ازالہ، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، تجارت کی بحالی کیلئے سرحدی راستوں کی فعالیت اور لاپتہ افراد کے مسئلے کا حل ناگزیر ہو چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی صدارت میں منعقدہ ذمہ داران کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں امیر جماعت........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ اور کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر ضیاء الحق میٹرک امتحانات کے نتائج کا اعلان کر رہے ہیں